★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED — DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

جلد نمبر 16 | بدھ 8 محرم الحرام 1448ھ، 24 جون 2026ء، 10 ہاڑ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 187

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

قومی اسمبلی میں فنانس بل 2026-27 کثرت رائے سے منظور، اپوزیشن کی ترامیم مسترد

پیٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ سپورٹ لیوی سے متعلق شق 3 حذف کر دی گئی، کسٹم ایکٹ میں اثاثے ضبط کرنے سے قبل متاثرہ فریق کو مؤقف پیش کرنے کا حق دینے کی ترمیم منظور کر لی گئی

فنانس بل 2026 کی منظوری کے ساتھ ہی حکومت کی نئی مالیاتی اور ٹیکس پالیسی کا باقاعدہ آغاز ہو گیا ہے اور تمام اہم اقدامات یکم جولائی 2026 سے نافذ ہوں گے۔

اسلام آباد: (نیٹ نیوز) قومی اسمبلی میں فنانس بل 27-2026 کثرتِ رائے سے منظور کر لیا گیا، اپوزیشن کی ترامیم مسترد کر دی گئیں۔ فنانس بل کے تحت یکم جولائی سے نئے ٹیکس اقدامات اور مالیاتی اصلاحات نافذ العمل ہوں گی۔ تنخواہ دار طبقے، جائیداد کے لین دین، سوشل میڈیا سے حاصل ہونے والی آمدن اور مختلف کاروباری شعبوں کے لیے ٹیکس کے نئے قواعد متعارف کرائے گئے (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ایرانی صدر مسعود پزشکیان ملاقات کر رہے ہیں

خفیہ ڈیل نہیں ہوئی سب معاہدے میں شامل ہے، پاکستان کا کوئی ذاتی مفاد نہیں، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ یہ تاثر غلط ہے کہ پس پردہ کوئی خفیہ ڈیل ہوئی، جو کچھ ہے وہ تحریری طور پر اسلام آباد (بقیہ نمبر 5)

مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد ہم جنگ کے خاتمے کی پوزیشن میں آ گئے، قطر

پاکستان نے علاقائی اور عالمی حمایت سے مذاکرات کیلئے ماحول سازگار بنایا، وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمان

مفاہمتی یادداشت کا مقصد جنگ کا خاتمہ، مزید مذاکرات کیلئے بنیاد فراہم کرنا ہے

دوحہ (این این آئی) قطری وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمان نے کہا کہ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد ہم جنگ کے خاتمے کی پوزیشن میں آ گئے۔ قطری وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمان نے عرب میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان ابتد (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی: صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کا نور خان ایئر بیس پر استقبال کر رہے ہیں

وزیراعظم: اسلام آباد مفاہمتی یادداشت دیرپا اور پائیدار معاہدے کی راہ ہموار کرے گی

اپوزیشن لیڈر کی غیر موجودگی میں وہ بعض معاملات پر بات نہیں کریں گے، تاہم پاکستان نے حالیہ ایران۔امریکا مفاہمتی عمل میں ایک تاریخی اور مثبت کردار ادا کیا ہے۔

چند روز قبل امریکا اور ایران کے درمیان ہونے والی مفاہمتی یادداشت پر پاکستان نے بطور ثالث دستخط کیے، پاکستان نے سوئٹزرلینڈ میں دونوں ممالک کے درمیان فاصلے کم کرنے اور مذاکراتی عمل کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور سفارتی کوششیں کیں۔

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان نے ایران۔امریکا مفاہمت میں تاریخی کردار ادا کیا، تاہم مفاہمتی یادداشت دیرپا اور پائیدار معاہدے کی راہ ہموار کرے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 6)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری فیصل آباد ڈویژن کی امن کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کر رہی ہیں، کمشنر، آر پی او اور ارکان اسمبلی و دیگر افسران بھی موجود ہیں

روس یوکرین تنازع کے خاتمے کیلئے مذاکراتی عمل بحال کیا جائے، پاکستان

یوکرین جنگ کے خاتمے کے لیے مثبت پیشرفت نہیں ہو رہی جس کی وجہ سے یہ تنازع مزید شدت اختیار کر رہا ہے

جنگ کی وجہ سے عام شہریوں اور شہری انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچ رہا ہے، یوکرین تنازع کے حل کے لیے کشیدگی میں فوری کمی اور تعمیری سفارت کاری کی جائے

نیویارک: (ویب ڈیسک) پاکستان نے روس یوکرین کے تنازع کے خاتمے کے لیے فوری جنگ بندی اور مذاکراتی عمل کی بحالی کا مطالبہ کیا ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مشن کی جانب سے جاری بیان کے مطابق یوکرین کے معاملے پر سکیورٹی کونسل (بقیہ نمبر 13)

وفاقی آئینی عدالت اور الیکشن کمیشن میں سماعتیں ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں سکیورٹی اور (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد میں میٹرو بس سروس مکمل بند رہی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں میٹرو بس سروس مکمل بند رہی، میٹرو بس حکام نے صبح 6 (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد، نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار عرب میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے

سکیورٹی فورسز نے ضلع پنجگور میں دہشت گردی کی بڑی سازش ناکام بنا دی

پنجگور کے علاقہ جیرک میں خفیہ اطلاعات پر آپریشن، گاڑی سے 4 راکٹ فیوز اور متعدد آئی ای ڈیز قبضے میں لے لی گئیں

یہ دھماکہ خیز مواد کسی ممکنہ بڑے دہشت گرد حملے میں استعمال کیا جانا تھا، سکیورٹی فورسز کی بروقت اور پیشہ ورانہ کارروائی نے اس مذموم منصوبے کو ناکام بنا کر علاقہ کو ممکنہ بڑی تباہی سے بچا لیا

پنجگور (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے دہشتگردی کی بڑی سازش ناکام بنا دی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے پنجگور کے علاقہ جیرک میں خفیہ اطلاعات پر آپریشن کرتے ہوئے بھاری مقدار میں اسلحہ اور مواصلاتی مواد برآمد کر لیا، آپریشن کے دوران گاڑی سے 4 راکٹ فیوز اور متعدد آئی ای ڈیز قبضے میں لے لی گئیں۔ سکیورٹی ذرائع کے (بقیہ نمبر 7)

ڈیجیٹل پاکستان-8 لاکھ سے زائد نوجوانوں کی وزیراعظم ڈیجیٹل یوتھ ہب میں شمولیت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے یوتھ پروگرام کے تحت قا (بقیہ نمبر 11)

وفاقی وزیر بحری امور اور گورنر سندھ کی ملاقات،

ملاقات سمندری آلودگی کے خاتمے پر تعاون بڑھانے پر اتفاق

حیاتیاتی تنوع کے تحفظ اور ساحلی آبادیوں کے روزگار کیلئے انتہائی اہم ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری اور گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے سمندری آلودگی کے خاتمے اور ساحلی ماحولیاتی نظام کے تحفظ (بقیہ نمبر 8)

اسپیس ایکس کو ایک دن میں 400 ارب ڈالر کا نقصان

نیویارک (این این آئی) خلل اور شدید اتار چڑھاؤ کے باعث اسپیس ایکس کو ایک ہی تجارتی سیشن میں تقریباً 400 ارب ڈالر کے مارکیٹ نقصان کا سامنا کرنا پڑا (بقیہ نمبر 10)

آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھل گئی، ڈونلڈ ٹرمپ

ایران مستقبل میں طویل عرصے تک جوہری شفافیت یقینی بنانے کیلئے راضی ہوگا، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھل گئی ہے۔ وائٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ (بقیہ نمبر 9)

لبنان میں اسرائیلی حملوں پر مسلم اور مسیحی آبادی متحد

ایران اور امریکا میں جو صلح کروائی اس سے پاکستان کی عزت میں اضافہ ہوا، پاکستانی شہری

بیروت (این این آئی) جنوبی لبنان کے علاقے قطین میں اسرائیلی حملوں نے مسلم اور مسیحی آبادی کو متحد کر دیا، پاکستانیوں کی بھی بڑی تعداد ایک چرچ میں دیگر (بقیہ نمبر 12)

اسرائیل اور حزب اللہ، لبنان کے درمیان جنگ بندی کے بعد، ایک کارکن جنوبی گاؤں میفادون کی سڑکوں سے ملبہ ہٹانے کے لیے سکڈ لوڈر کا استعمال کر رہا ہے

کیئر سٹارمر کا استعفیٰ کا اعلان، یورپی یونین کا جولائی میں یو کے سمٹ کے انعقاد پر غور

برسلز (این این آئی) برطانوی وزیر اعظم کیئر سٹارمر کے استعفیٰ کا اعلان کرنے کے بعد یورپی یونین اس بات کا از سر نو (بقیہ نمبر 16)

ناروے اور فلسطین کے درمیان زرعی تعاون کا دوطرفہ معاہدہ طے پا گیا، اوسلو

اوسلو (این این آئی) ناروے اور فلسطین کے مابین اہم دوطرفہ بیان طے (بقیہ نمبر 18)

ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان ایک روزہ دورہ پر اسلام آباد پہنچ گئے، پرتپاک استقبال

ایرانی صدر جس طیارے پر پاکستان آئے ہیں اس کا نام میناب ایران میں سکول پر حملے میں شہید بچوں کے نام پر رکھا گیا ہے

دورے کے دوران بات چیت میں توجہ تجارت، معیشت، ثقافت، سلامتی، دفاع اور وسیع تر علاقائی امن و استحکام میں تعاون کو وسعت دینے پر مرکوز ہوگی۔ ایرانی صدر

اسلام آباد (نیٹ نیوز) ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان ایک روزہ دورہ پر اسلام آباد پہنچ گئے جہاں ان کا ریاستی سطح پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کے طیارے نے اسلام آباد کے نور خان ایئر بیس پر لینڈ کیا جہاں صدر آصف زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے ایرانی صدر کا استقبال کیا، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر اطلاعات عطا تارڑ، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو بھی موجود تھے۔ ایرانی صدر جس طیارے پر پاکستان آئے ہیں اس کا نام میناب ایران میں سکول پر حملے میں شہید بچوں کے (بقیہ نمبر 17)

عمان کا آبنائے ہرمز میں بلا معاوضہ آمدورفت برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ

ایران اور امریکا کے درمیان حالیہ مفاہمتی یادداشت خصوصاً آبنائے ہرمز سے متعلق شق پر تعمیری گفتگو ہوئی، وزیر خارجہ

مسقط (این این آئی) عمان نے آبنائے ہرمز میں بلا معاوضہ آمدورفت برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ عمانی وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے کہا کہ انہوں نے ایرانی حکام (بقیہ نمبر 19)

مقبوضہ جموں و کشمیر کے شہری کا پاکستان کی عسکری قیادت سے والہانہ محبت کا اظہار

سرینگر (این این آئی) لال چوک سری نگر سے تعلق رکھنے والے ایک کشمیری شہری نے اپنے ویڈیو پیغام میں پاکستان کی (بقیہ نمبر 20)

امیر مقام نے فاٹا کے عوام پر نئے ٹیکسوں کے نفاذ کی مخالفت کر دی

فیصلہ واپس لیا جائے اور پہلے ان علاقوں کو بنیادی سہولیات، ترقیاتی منصوبے اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں، حکومت سے مطالبہ

پاکستان کے ساتھ وفاداری کے حلف سے متعلق بعض حلقوں کی جانب سے سامنے آنے والی تجاویز ناقابل قبول ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران انجینئر امیر مقام نے فاٹا کے عوام پر نئے ٹیکسو (بقیہ نمبر 21)

خواجہ آصف نے آئی پی پیز معاملے پر ایک حکومت کو مورد الزام ٹھہرانے کو غلط قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے آئی پی پیز معاملے پر ایک حکومت کو مورد الزام ٹھہرانے کو غلط (بقیہ نمبر 22)

سوشل میڈیا کے ذریعے کسی کو بھی مذہبی نفرت پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، بریگیڈیئر جمیل حیدر

ملک دشمن عناصر ایسے مواقع پر فساد اور انتشار پھیلانے کی کوشش کر سکتے ہیں اس لئے سب کو چوکس رہنا ہوگا

گھوٹکی (این این آئی) پاک آرمی 16 ڈویژن پنو عاقل کینٹ کے بریگیڈیئر جمیل حیدر نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا کے ذریعے کسی کو بھی مذہبی نفرت پھیلانے کی اجازت (بقیہ نمبر 23)

شمال مشرقی ساحلی علاقوں پر پانچ قدموں پر مشتمل اشکنبندی طوفان وِنڈ وارننگ کا پہلا لہرایا گیا

سینٹرز پارلیمان کا حصہ ہیں، ان پر تنقید نہیں ہونی چاہیے، ایاز صادق

سپیکر نے انہیں روک دیا اور واضح کیا کہ سینیٹ پارلیمان کا حصہ ہے، سینٹرز ہمارے کولیگز ہیں اور ان پر تنقید نہیں ہونی چاہیے۔

منگل کو قومی اسمبلی مالیاتی بل 27-2026 پر کٹوتی کی تحاریک پر بحث کے دوران جب اپوزیشن کے ایک رکن کی جانب سے مالیاتی امور پر سینیٹ کے کردار پر تنقید ہوئی تو سپیکر نے انہیں روک دیا

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ سینیٹ پارلیمان کا حصہ ہے اور ایوان میں اراکین سینیٹ پر تنقید نہیں ہو سکتی۔ منگل کو قومی اسمبلی مالیاتی بل 27-2026 پر کٹوتی کی تحاریک پر بحث کے دوران جب اپوزیشن کے ایک رکن کی جانب سے مالیاتی امور پر سینیٹ کے کردار پر تنقید ہوئی تو سپیکر نے انہیں روک دیا اور واضح کیا (بقیہ نمبر 32)

لاہور ہائی کورٹ، کم عمر طالبعلم سے زیادتی کا کیس، ٹیچر کی درخواست ضمانت مسترد

مقدمہ تاخیر سے درج کیا گیا، ویڈیو جعلی ہے اور ملزم کا کوئی کریمنل ریکارڈ نہیں

لاہور ہائیکورٹ کا تمام سکولوں میں اساتذہ اور عملے کی مکمل ویری فکیشن کرنے اور سکولوں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے کم عمر طالبعلم سے زیادتی کیس میں ٹیچر کی درخواست ضمانت مسترد کرتے ہوئے پنجاب کے تمام سکولوں میں اساتذہ اور عملے کی مکمل ویری فکیشن کرنے اور سکولوں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 24)

ایران نے جوہری معائنہ کاروں کو آنے کی اجازت دی، وینس

ہم نے ایسا طریقہ کار قائم کر لیا ہے جس سے آبنائے ہرمز کھلی رہے گی، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس سوئٹزرلینڈ سے واپس امریکا روانہ ہو گئے، انہوں نے کہا کہ سوئٹزرلینڈ میں گزارے 36 گھنٹے بہت نتیجہ خیز رہے (بقیہ نمبر 33)

لاہور: صوبائی وزیر و وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مقبوضہ جموں و کشمیر کے شہری کا پاکستان کی عسکری قیادت سے والہانہ محبت کا اظہار

سرینگر (این این آئی) لال چوک سری نگر سے تعلق رکھنے والے ایک (بقیہ نمبر 31)

میانمار کی فوج نے 6 ماہ میں 700 سے زائد شہری مار ڈالے، اقوام متحدہ

جنیوا (این این آئی) اقوام متحدہ نے اپنی تازہ رپورٹ میں کہا ہے کہ میانمار کی فوج گزشتہ سال انتخابات کے دوران چھ ماہ (بقیہ نمبر 30)

اسرائیل نے جنگ بندی کی خلاف ورزی کی تو خاموش نہیں رہیں گے: حزب اللہ

بیروت (این این آئی) لبنان کی مزاحمتی تنظیم حزب اللہ نے اسرائیل (بقیہ نمبر 29)

بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزر رہے ہیں

پیاف میاں شفقت گروپ نے انتخابی مہم کا آغاز کر دیا

لاہور چیمبر انتخابات پر اہم اجلاس، انجینئر سہیل لاشاری پیٹرن چیف منتخب

اجلاس میں تنظیمی امور اور انتخابی حکمت عملی پر تفصیلی مشاورت کی گئی، اعلامیہ

لاہور (زیڈ این این) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آئندہ انتخابات کے حوالے سے سیاسی و تجارتی سرگرمیوں میں تیزی آ گئی ہے، جبکہ پیاف میاں شفقت گروپ نے بھی اپنی انتخابی مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں جمخانہ کلب میں پیاف میاں شفقت گروپ کی قیادت کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پیاف کے بانی میاں شفقت علی، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینیٹر ظفر اقبال چوہدری، میاں نعمان کبیر اور دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس (بقیہ نمبر 28) میں سینئر

مولانا فضل الرحمان کا آزاد کشمیر میں کشیدگی ختم کرنے کیلئے ثالث کا کردار ادا کرنے کا فیصلہ

قوم کشمیر کے امن و امان اور سلامتی کیلئے فکر مند ہے، امیر جے یو آئی کی ایکشن کمیٹی سے دھرنا ختم اور دونوں فریقوں سے نرم رویوں کی اپیل

میں یہ گفتگو ایسے موقع پر کر رہا ہوں، جب کشمیر میں بگڑتی ہوئی صورتحال کے اندر کشمیری عوام اور پاکستان کی عوام انتہائی فکر مند ہے: فضل الرحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے آزاد کشمیر میں کشیدگی ختم کرنے کے لیے ثالث کا کردار ادا کرنے کا فیصلہ کرتے کہا ہے کہ قوم کشمیر کے امن و امان اور سلامتی کیلئے فکر مند ہے، ایکشن کمیٹی سے دھرنا ختم کرے، دونوں فریقین مذاکرات کریں۔ جمعیت کے سربراہ نے ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ ان کو کالعدم کشمیر ایکشن کمیٹی نے ثالث کا کردار ادا کرنے کے لئے ایک خط ارسال کیا تھا۔ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے بیان میں کہا کہ میں یہ گفتگو ایسے موقع پر کر رہا ہوں، جب کشمیر میں بگڑتی ہوئی صورتحال کے اندر کشمیری عوام اور پاکستان کی عوام انتہائی فکر مند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیر کے امن و امان اور سلامتی کیلئے فکر مند ہے۔ انہو (بقیہ نمبر 25)

ایرانی صدر کا استقبال کریں، اختلافی معاملات پر بات کرنے کا دن نہیں، شہباز شریف کا اپوزیشن کو مشورہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن کو مشورہ دیا ہے کہ ایرانی صدر کا استقبال کریں [illegible] (بقیہ نمبر 27)

پنجاب حکومت کا ٹیکس چوری اور ٹیکس فراڈ کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

جب دنیا کیش سے ڈیجیٹل ادائیگیوں کی جانب منتقل ہو سکتی ہے تو پاکستان بھی اس نظام کو اپنا سکتا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا خطاب

[illegible] (بقیہ نمبر 26)

ایران امریکہ مذاکرات کا اگلا مرحلہ سخت، حتمی معاہدہ قابل حصول ہے، اسحاق ڈار

کہ لبنان پر اسرائیلی حملوں نے مذاکراتی عمل کو شدید متاثر کیا، امریکی اور ایرانی وفود کو مذاکرات کی میز پر لانے کی کوششیں تقریباً رک گئی تھیں

مفاہمتی کوششوں کے بعد تکنیکی سطح کے مذاکرات دوبارہ شروع ہوئے، مذاکرات حالیہ مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کے لئے ہو رہے ہیں

اسلام آباد (نیٹ نیوز) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ امریکا ایران کے برگن سٹاک مذاکرات چند روز قبل شروع ہو سکتے تھے، ایران پر عائد پابندیاں فوری نہیں ہٹائی جائیں گی، مذاکرات کا اگلا مرحلہ سخت ہوگا، حتمی معاہدہ قابلِ حصول ہے۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے عرب میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ لبنان پر اسرائیلی حملوں نے مذاکراتی عمل کو شدید متاثر کیا، امریکی اور ایرانی وفود کو مذاکرات کی میز پر لانے کی کوششیں تقریباً رک گئی تھیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ مفاہمتی کوششوں کے بعد تکنیکی سطح کے مذاکرات دوبارہ شروع ہوئے، مذاکرات حالیہ مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کے لئے ہو رہے ہیں، یہ امریکا اور ایران کے درمیان سفارتی کوششوں کا دوسرا مرحلہ ہے۔

پنجاب کے 19 اضلاع کے 31 پولیو نمونے کلیئر

عالمی ادارہ صحت نے ماحولیاتی نمونوں کے منفی نتائج کی تصدیق کر دی ہے

پولیو ورکرز اور شراکت دار اداروں کی کاوشیں قابل تحسین، مریم نواز شریف

لاہور (زیڈ این این) پنجاب میں پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں 19 اضلاع سے حاصل کیے گئے 31 ماحولیاتی نمونے پولیو وائرس سے پاک قرار دیے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بتایا کہ ان نتائج کی تصدیق عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے بھی کر دی ہے۔ پولیو وائرس سے پاک قرار دیے جانے والے نمونوں میں لاہور سمیت صوبے کے متعدد اضلاع شامل ہیں۔

لاہور: صوبائی وزرا خواجہ سلمان رفیق اور بلال یاسین محکمہ داخلہ میں کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کے 55ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:15
فجر	4:00
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہر 1:30 بجے، مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبر

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

صوبائی وزراء خواجہ سلمان رفیق اور بلال یاسین محکمہ داخلہ میں ایس سی ایل او کے 55 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محکمہ داخلہ میں کابینہ کمیٹی برائے امن وامان کا 55 واں اجلاس

صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق اور کو چیئرمین بلال یاسین کی اجلاس میں شرکت کابینہ کمیٹی نے ڈی جی خان ٹرائی بارڈر ایریا میں سکیورٹی انتظامات کیلئے جدید سامان کی خریداری کی منظوری دی

کابینہ کمیٹی نے 11 مختلف کیسز کیلئے جے آئی ٹی کی تشکیل کی منظوری، 14 مختلف کیسز میں پراسیکوشن اور کورٹ چالان جمع کروانے کی بھی منظوری دی

اللہ تعالیٰ نے بین الاقوامی سطح پر مذاکرات کے حوالہ سے پاکستان کو بڑی عزت و تکریم سے نوازا ہے خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبر نگار) محکمہ داخلہ میں کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا 55 واں اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق اور کو چیئرمین بلال یاسین نے اجلاس میں شرکت کی۔ صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین نے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی بلال احمد رانا نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے صوبہ بھر کے امن و امان کی تازہ صورتحال بارے بریفنگ دی۔ کابینہ کمیٹی نے صوبہ بھر کے امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کابینہ کمیٹی نے ڈی جی خان ٹرائی بارڈر ایریا میں سکیورٹی انتظامات کیلئے جدید سامان کی خریداری کی منظوری دے دی۔ کابینہ کمیٹی نے ریسکیو 1122 کیلئے 80 ملین روپے سے زائد کے جدید سامان کی خریداری کی منظوری دی۔ کابینہ کمیٹی نے 11 مختلف کیسز کیلئے جے آئی ٹی کی تشکیل کی منظوری دے دی۔ کابینہ کمیٹی نے 14 مختلف کیسز میں پراسیکوشن اور کورٹ چالان جمع کروانے کی منظوری دی۔ کابینہ کمیٹی نے مختلف اضلاع میں 28 پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ڈی نوٹیفائی جبکہ 1 پرائس مجسٹریٹ کو نوٹیفائی کرنے کی منظوری دی۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ اجلاس کے دوران صوبہ بھر میں امن و امان کی تازہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے بین الاقوامی سطح پر مذاکرات کے حوالہ سے پاکستان کو بڑی عزت و تکریم سے نوازا ہے۔ فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ساتھ پولیس کے جوانوں کو بھی قیام امن کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ صوبہ بھر میں امن و امان کی صورتحال تسلی بخش ہے۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ترجیح ہے۔ صوبائی وزیر و کو چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان بلال یاسین نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں فخر کے لحات ہیں اور عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت امیج اجاگر ہوا ہے۔ تمام ادارے تسلسل کے ساتھ سکیورٹی انتظامات یقینی بنا رہے ہیں۔ صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر کہا کہ اللہ تعالیٰ ہمارے ملک پاکستان کو اسی طرح عزتوں سے نوازے۔ قیام امن کیلئے تمام متعلقہ اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہیں۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے اس موقع پر کہا کہ صوبہ بھر میں قیام امن کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ سپیشل سیکرٹری داخلہ فیصل فرید، سپیشل سیکرٹری داخلہ زینب خان، ایڈیشنل آئی جی عمران، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی، ایڈیشنل سیکرٹری انٹرنل سکیورٹی، ایڈیشنل سیکرٹری جوڈیشل و متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری و ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب، آر پی او و کمشنر ڈی جی خان، ڈی پی او و ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

سابق وزیر صحت "آپ کا کلینک" میں شوگر و موٹاپے کے جدید علاج اور لیور سکین کی مفت سہولت کا افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

"آپ کا کلینک" میں شوگر و موٹاپے کے جدید علاج اور لیور سکین کی مفت سہولت کا افتتاح

پاکستان میں شوگر اور موٹاپا وبا کی طرح پھیل رہا ہے۔ پروفیسر جاوید اکرم سابق وزیر صحت

آپکا کلینک پروفیسر جاوید اکرم کی انسانیت کیلئے خدمت کی مثال ہے۔ خالد محمود

پاکستان میں صحت کے بجٹ میں اضافے کی ضرورت ہے۔ خالد محمود

لاہور (خبر نگار) لاہور میں صحت کی دیکھ بھال کے شعبے میں ایک اہم پیش رفت کے طور پر "آپ کا کلینک" میں شوگر، موٹاپے کے جدید علاج اور لیور سکین (Fibroscan/LISA) کی مفت سہولت کا افتتاح کیا گیا ہے۔ یہ فلاحی منصوبہ گیٹز فارما، الرافع فاؤنڈیشن، اور پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن (PSIM) کے باہمی اشتراک سے شروع کیا گیا ہے۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی ایگزیکٹو چیئرمین گیٹز فارما خالد محمود تھے۔ تقریب میں سابق وزیر صحت پروفیسر جاوید اکرم، پروفیسر شہلا جاوید اکرم، پروفیسر آفتاب محسن، پروفیسر عزیز الرحمان، ڈاکٹر عباس رضا، پروفیسر جمشید تاج، پروفیسر محمد عمران، پروفیسر اعزاز منظر، پروفیسر صداقت علی خان، ڈاکٹر اشرف نظامی سمیت ملک کے نامور طبی ماہرین نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایگزیکٹو چیئرمین گیٹز فارما خالد محمود نے کہا کہ "آپ کا کلینک" پروفیسر جاوید اکرم کی انسانیت کی خدمت کی ایک شاندار مثال ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ گیٹز فارما موٹاپے سے چھٹکارے کی مہنگی ادویات مستحق مریضوں کو مفت فراہم کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ "آپ کا کلینک" پر اسٹیٹ آف دی آرٹ طبی سہولیات میسر ہیں، تاہم پاکستان میں صحت کے بجٹ میں نمایاں اضافے کی اشد ضرورت ہے۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ پاکستان میں شوگر اور موٹاپا ایک وبا کی طرح پھیل رہا ہے، اور موٹاپا کینسر سمیت 13 خطرناک بیماریوں کی بنیادی وجہ ہے۔ انہوں نے "آپ کا کلینک" کو مریضوں کے علاج میں تعاون پر گیٹز فارما کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ تقریب سے دیگر طبی ماہرین نے بھی موٹاپے اور شوگر کے جدید علاج کے طریقہ کار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ اس اقدام کے ذریعے عام مارکیٹ میں ہزاروں روپے میں ہونے والے لیور سکین اور علاج کی سہولت مستحق مریضوں کو بالکل مفت فراہم کی جائے گی۔

آبنائے ہرمز میں تنازع کے آغاز کے بعد ٹریفک ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی

پیرس (شِنہوا) فرانسیسی روزنامے لے مونڈ نے منگل کو رپورٹ کیا ہے کہ پیر کے روز کم از کم 36 تجارتی بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزرے، جو ایران میں تنازع کے آغاز کے بعد سے ایک ریکارڈ ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ تعداد معمول کے دنوں کے اوسط تقریباً 120 جہاز روزانہ کے مقابلے میں اب بھی کم ہے، تاہم یہ اس سمندری گزرگاہ کی تقریباً ایک تہائی ٹریفک کے برابر ہے۔ یہ اعداد و شمار بحری تجزیاتی کمپنی کپلر کے ڈیٹا کا حوالہ دیتے ہوئے جاری کیے گئے۔ آبنائے ہرمز دنیا کے اہم ترین تیل کی ترسیل کے راستوں میں سے ایک ہے۔ تنازع سے قبل عالمی تیل اور مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کا پانچواں حصہ اس سے زیادہ اسی آبی راستے سے گزرتا تھا۔ خلیجی ممالک کو تاوان اور دیگر کارروائیوں کا سامنا ہے، یہ ان کے لئے بھی اہم ہے۔ امریکہ اور ایران کے مذاکرات کار قطر اور پاکستان کی ثالثی میں اتوار کے روز سوئٹزرلینڈ کے وسطی پہاڑی تفریحی مقام برگن سٹاک میں بات چیت کا آغاز کر چکے ہیں، جو گزشتہ ہفتے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کے بعد دونوں فریقین کے درمیان پہلی براہ راست بات چیت ہے۔ مفاہمتی یادداشت کے مطابق امریکہ اور ایران نے تمام جارحانہ بحری، فوجی اور پراکسی طور پر فوجی کارروائیاں روکنے کا اعلان کیا، جس میں لبنان بھی شامل ہے اور دونوں فریقین زیادہ سے زیادہ 60 دن کے اندر حتمی معاہدے تک پہنچنے کے لئے مذاکرات کی پیش رفت کے پابند ہیں۔

چین کا مجوزہ مالیاتی قانون پہلے جائزے کے لئے پیش

بیجنگ (شِنہوا) چینی قانون سازوں نے ایک مجوزہ مالیاتی قانون کا پہلی بار جائزہ لیا ہے جس کا مقصد مالیاتی نگرانی کو مضبوط بنانا، خطرات سے بچاؤ کرنا اور معیاری ترقی کو فروغ دینا ہے۔ یہ مسودہ منگل کو چین کی قومی عوامی کانگریس کی قائمہ کمیٹی کے جاری اجلاس میں پیش کیا گیا۔ یہ مالیاتی شعبے کے لئے ایک بنیادی، جامع اور اہم قانون سازی ہے۔ یہ جدت اور تحفظ کے درمیان توازن قائم کرنے اور ان قانونی مسائل کو حل کرنے کی کوشش کرتا ہے جو مالیاتی شعبے کی معیاری ترقی میں رکاوٹ بنتے ہیں۔

چین میں ڈریگن بوٹ فیسٹیول کی تعطیلات کے دوران سفری دوروں اور اخراجات دونوں میں اضافہ

بیجنگ (شِنہوا) 2026 کے ڈریگن بوٹ فیسٹیول کی تعطیلات کے دوران چین کی ثقافتی اور سیاحتی مارکیٹ میں مستحکم بحالی کا رجحان برقرار رہا، جس میں ملکی سطح پر سفر کرنے والے افراد کی تعداد اور سیاحت سے حاصل ہونے والی آمدنی دونوں میں گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ یہ بات وزارت ثقافت و سیاحت کی جانب سے جاری کئے گئے اعداد و شمار میں سامنے آئی۔ وزارت کے مطابق 3 روزہ تعطیلات کے دوران ملک بھر میں مجموعی طور پر 12 کروڑ 40 لاکھ ملکی سفری دورے کئے گئے، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 4.4 فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہے۔ وزارت نے مزید بتایا کہ اندرونی سیاحت کے اخراجات 46.44 ارب یوآن (تقریباً 6.52 ارب امریکی ڈالر) تک پہنچ گئے، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 4 فیصد زیادہ ہیں۔ ڈریگن بوٹ فیسٹیول، جسے دوانوو فیسٹیول بھی کہا جاتا ہے، اس سال جمعہ کے دن آیا جبکہ عام تعطیلات جمعہ سے اتوار تک تھیں۔

جنوبی چین کے گوانگشی ژوانگ خود مختار علاقے کے شہر لیوژو کا ایک فضائی منظر جہاں دریائے لیوجیانگ میں سیلابی ریلا گزر رہا ہے۔ (شِنہوا)

شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق مانگامنڈی میں حبیب الرحمان سے 3 لاکھ 35 ہزار روپے اور موبائل فون ٭ ہربنس پورہ میں رانا زبیر سے 3 لاکھ روپے اور موبائل فون ٭ سانده میں احمد علی سے 2 لاکھ 55 ہزار روپے اور موبائل فون، شاہدرہ میں ظہیر سے 2 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون، گرین ٹاؤن میں اجمل سے 2 لاکھ روپے اور موبائل فون اور دیگر سامان چھین لیا گیا۔ سبزہ زار اور فیصل ٹاؤن سے گاڑیاں جبکہ شفیق آباد نوانکوٹ اور مزنگ سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

ای ایف ایس میں بہتری اور ایکسپورٹرز کو زیادہ سہولتیں فراہم کرنے کے لیے مثبت تبدیلیاں زیر غور ہیں، چیف کلکٹر محسن رفیق

یکساں ایچ ایس کوڈ اپریزمنٹ، سنگل ونڈو آپریشن اور فاسٹ ٹریک کلیئرنس وقت کی ضرورت ہیں، فہیم الرحمن سہگل

لاہور (خبر نگار) چیف کلکٹر کسٹمز ایکسپورٹس محسن رفیق نے کہا ہے کہ کسٹمز حکام ایکسپورٹرز کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں اور ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن سکیم (EFS) میں بہتری کے لیے مثبت تبدیلیاں زیر غور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ برآمدی کنسائنمنٹس کی فوری کلیئرنس، ڈیوٹی ڈرابیک کلیمز کی بروقت ادائیگی اور ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن سکیم میں حائل تمام مسائل اور رکاوٹوں کے ازالے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے، تاکہ برآمدی شعبے کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ای ایف ایس کی ازسرنو جانچ اور اس کے مستقبل کے لائحہ عمل کی تیاری کے لیے کمیٹی قائم کی گئی ہے جو تمام سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد اپنی سفارشات مرتب کرے گی۔ وہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل نے انکا لاہور چیمبر میں خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ لاہور سلمان افضل، سینئر نائب صدر تنویر احمد شیخ، نائب صدر خرم لودھی، سابق صدر ایف پی سی سی آئی و لاہور چیمبر میاں انجم نثار، سابق صدر محمد علی میاں، سابق سینئر نائب صدر علی حسام اصغر، سابق نائب صدر حارث عتیق، ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین فردوس نثار، احتشام الحق، آصف ملک، کرامت علی اعوان، سید سلمان علی، زین الٰہی، شعبان اختر، احد امین ملک، ندیم انصاری، عامر علی، رانا نثار، سید حسن رضا اور محسن بشیر بھی موجود تھے۔ صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان اس وقت معاشی استحکام اور برآمدات میں اضافے کے لیے کوشاں ہے اور ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن سکیم اس مقصد کے حصول میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے حکومت کے اس اقدام کو سراہا کہ ای ایف ایس کے تحت درآمد شدہ خام مال کے استعمال کی مدت نو ماہ سے بڑھا کر اٹھارہ ماہ کر دی گئی ہے، تاہم کاروباری برادری کو اب بھی متعدد مسائل کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل سیکٹر میں ایک ہی مصنوعات کے مختلف ایچ ایس کوڈز کے حوالے سے مختلف بندرگاہوں پر مختلف تشریحات اور اپریزمنٹ کے باعث صنعتکاروں کو غیر ضروری مشکلات، تاخیر اور ڈیمرج کے اخراجات برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مخصوص سیکٹرز کے لیے ایچ ایس کوڈز کی یکساں تشریح اور اپریزمنٹ کو یقینی بنایا جائے۔ صدر لاہور چیمبر نے نشاندہی کی کہ ایل سی کی منظوری اور آئی او سی او کی جانب سے پراسیسنگ میں دو ماہ تک کا وقت لگ جاتا ہے جبکہ پروڈکشن کاسٹ کے تعین اور نئے ایچ ایس کوڈز کے اضافے کے حوالے سے طریقہ کار پیچیدہ اور غیر واضح ہے۔ انہوں نے اس سارے نظام کو سنگل ونڈو آپریشن کی بنیاد پر استوار کرنے کی تجویز پیش کی تاکہ صنعتکاروں کو مختلف اداروں کے درمیان رابطوں اور منظوریوں کے لیے مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ فہیم الرحمن سہگل نے کہا کہ ای ایف ایس کے تحت درکار دستاویزات کی بڑی تعداد بالخصوص ایس ایم ای سیکٹر کے لیے مشکلات کا باعث بن رہی ہے، اس لیے اس سکیم کو سمیڈا کے ایس ایم ای آر پی پورٹل کے ساتھ منسلک کیا جانا چاہیے تاکہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار ایک ہی پلیٹ فارم سے تمام کارروائیاں مکمل کر سکیں۔ فہیم الرحمن سہگل نے مطالبہ کیا کہ درخواستوں کی منظوری اور کلیئرنس کے لیے واضح ٹائم لائن مقرر کی جائے اور درخواست گزاروں کو اپنی درخواستوں کی پیش رفت آن لائن دیکھنے کی سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے نئے ایکسپورٹرز اور ایس ایم ایز کے لیے آگاہی پروگرامز، ورکشاپس اور تربیتی سیشنز کے انعقاد کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ رسک مینجمنٹ کے اصولوں کے تحت اچھی شہرت رکھنے والے اور مستقل ایکسپورٹرز کے لیے فاسٹ ٹریک کلیئرنس اور کم دستاویزی تقاضوں کی سہولت فراہم کی جانی چاہیے تاکہ ان کی کاروباری لاگت میں کمی آئے اور وہ عالمی منڈی میں زیادہ مؤثر انداز میں مقابلہ کر سکیں۔ بعد ازاں چیف کلکٹر کسٹمز (ایکسپورٹس) محسن رفیق نے کہا کہ ان کا لاہور چیمبر کا دورہ خصوصی طور پر ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن سکیم کے حوالے سے تھا اور اس کا مقصد کاروباری برادری کی سفارشات اور تجاویز کا تفصیلی جائزہ لینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسٹمز حکام چاہتے ہیں کہ ای ایف ایس کو زیادہ مؤثر، شفاف اور کاروبار دوست بنایا جائے اور اس ضمن میں لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت کی زیر نگرانی محرم الحرام کے سلسلے میں پسرور شہر میں فلیگ مارچ کا انعقاد کیا گی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) فلیگ مارچ میں رینجرز، پولیس، پیرا فورس، ریسکیو 1122، ستھرا پنجاب، میونسپل کمیٹی اور دیگر متعلقہ اداروں نے بھرپور شرکت کی۔ فلیگ مارچ کا مقصد محرم الحرام کے دوران امن و امان کی فضا کو یقینی بنانا، عوام میں احساسِ تحفظ پیدا کرنا اور بین الادارہ جاتی تعاون کا مظاہرہ کرنا تھا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ثناء شرافت نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران سکیورٹی، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور تمام ادارے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں گے۔ اے سی پسرور کا کہنا ہے کہ تحصیل انتظامیہ پسرور محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر پسرور نے بسلسلہ محرم الحرام سیکیورٹی کنٹرول روم قائم کر دی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) شہری کسی بھی شکایت مسئلہ ایمرجنسی کی صورت میں فوری رابطہ کریں۔ AC ثناء شرافت۔ محرم الحرام کے سلسلے میں میونسپل کمیٹی پسرور میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ ایمرجنسی یا کسی بھی شکایت یا مسئلے کی صورت میں درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔ کنٹرول روم نمبر: 0526441362 محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کی ذمہ داری انتظامیہ سمیت شہریوں کی بھی ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران منافرت و مذہبی جذبات کو اکسانے سے پرہیز کرتے باہمی عزت و احترام اور بھائی چارے کا مظاہرہ کرنا ہر ایک پر فرض ہے۔ تمام مسالک ایک دوسرے کا باہمی احترام یقینی بناتے ایام محرم الحرام تحمل و برداشت اور رواداری کا مظاہرہ کریں۔

صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ کا مرکزی امام بارگاہ مستری عبداللہ اور مرکزی امام بارگاہ درِ بتول اڈہ پسروریاں کا دورہ

محرم الحرام کے جلوسوں کے روٹس، سیکیورٹی اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ، فول پروف انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی، رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) دوست محمد کے ہمراہ مرکزی امام بارگاہ مستری عبداللہ اور مرکزی امام بارگاہ درِ بتول اڈہ پسروریاں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے محرم الحرام کے مرکزی جلوسوں کے روٹس، سیکیورٹی، صفائی، لائٹنگ، روٹ کلیئرنس، طبی سہولیات اور دیگر انتظامات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعیم بشیر، اسسٹنٹ کمشنر رانا صفدر شبیر، چیف ایگزیکٹو آفیسر میونسپل کارپوریشن زبیر وٹو اور متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر سیالکوٹ میں محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 10 محرم الحرام کا مرکزی جلوس صبح 10 بجے امام بارگاہ اڈہ پسروریاں سے برآمد ہوگا جبکہ دوسرا مرکزی جلوس امام بارگاہ مستری عبداللہ سے روانہ ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ جلوسوں اور مجالس کی مسلسل نگرانی کے لیے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم 24 گھنٹے فعال ہے، جبکہ تقریباً دو کلومیٹر طویل جلوس کے روٹ کا پیچ ورک، مرمت اور دیگر ضروری کام مکمل کیے جا چکے ہیں۔ جلوس کے روٹس کو تجاوزات سے مکمل طور پر پاک کر دیا گیا ہے، اسٹریٹ لائٹس بحال کر دی گئی ہیں اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے بیک اپ جنریٹرز کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر عزاداروں کے لیے 7 میٹھے پانی کی مستقل سبیلیں اور ایک موبائل سبیل فعال کر دی گئی ہے۔ شدید گرمی کے پیش نظر دو ریلیف کیمپ قائم کیے گئے ہیں جہاں پینے کا صاف اور ٹھنڈا پانی فراہم کیا جا رہا ہے، جبکہ جلوس کے ساتھ موبائل واش روم کی سہولت بھی دستیاب ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ تمام انتظامات کی وہ خود براہ راست نگرانی کر رہی ہیں تاکہ عزاداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جا سکے۔ صوبائی وزیر محمد منشاء اللہ بٹ نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے لیے فول پروف سیکیورٹی، بہترین انتظامی اقدامات اور تمام ضروری سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عزاداروں کی سہولت، امن و امان کے قیام، صفائی، لائٹنگ، طبی امداد، ٹریفک مینجمنٹ اور دیگر تمام انتظامات کو آخری لمحے تک مؤثر انداز میں برقرار رکھا جائے تاکہ محرم الحرام کے تمام پروگرام پرامن، محفوظ اور منظم انداز میں منعقد ہوں۔

محرم الحرام سکیورٹی کیلئے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا بڑا اقدام، پولیس افسران کو ایل ٹی ای ہینڈ سیٹس پر سیف سٹی کیمروں کی لائیو فیڈ تک رسائی

لاہور (خبر نگار) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے محرم الحرام کے دوران سکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانے کیلئے پولیس فورس کو جدید ڈیجیٹل گیجٹس اور جدید سرویلنس ٹیکنالوجی سے آراستہ کر دیا ہے۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے جدید LTE اسمارٹ کمیونیکیشن سسٹم میں نئے فیچرز متعارف کرائے گئے ہیں، جن کی بدولت محرم الحرام کے دوران فیلڈ فورس کے زیر استعمال LTE ہینڈ سیٹس ایک "موبائل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر" کے طور پر کام کریں گے۔ ترجمان پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے مطابق فیلڈ میں موجود پولیس افسران اپنے LTE ہینڈ سیٹس پر سیف سٹی کیمروں کی ریئل ٹائم لائیو فیڈ تک رسائی حاصل کر سکیں گے۔ جلوسوں اور مجالس پر تعینات افسران اپنے علاقوں کے دیگر جلوسوں، مجالس اور حساس مقامات کی لائیو صورتحال سے بھی باخبر رہ سکیں گے جبکہ سیف سٹی اور 4G کیمروں کی لائیو سرویلنس بھی براہ راست LTE ہینڈ سیٹس پر دستیاب ہوگی۔ ترجمان کے مطابق محرم پروسیشن مانیٹرنگ سسٹم کے اہم اپ ڈیٹس اور ریئل ٹائم الرٹس براہ راست افسران کے LTE ہینڈ سیٹس پر موصول ہوں گے۔ سیف سٹی کے جدید ڈیجیٹل سرویلنس ماڈل کے فلیش پوائنٹس، جلوسوں کے روٹس، ہیڈ اور ٹیل پوزیشنز سمیت تمام اہم معلومات بھی افسران کو ان ہینڈ سیٹس کے ذریعے دستیاب ہوں گی، جس سے فیلڈ میں مؤثر کمانڈ، کنٹرول اور فوری رسپانس کو مزید بہتر بنایا جا سکے گا۔ ترجمان نے بتایا کہ سیف سٹی کے محفوظ LTE نیٹ ورک کی بدولت موبائل سگنلز متاثر ہونے کی صورت میں بھی پولیس افسران کا باہمی رابطہ بحال رہے گا۔ ہنگامی صورتحال میں افسران ایک ہی LTE ہینڈ سیٹ کے ذریعے ویڈیو کال، لائیو چیٹ اور فوری رابطے کی سہولیات سے استفادہ کر سکیں گے، جس سے مختلف اضلاع اور کنٹرول رومز کے درمیان ہمہ وقت رابطہ برقرار رہے گا۔ ترجمان پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے مطابق سیف سٹی کے تیار کردہ جدید ڈیجیٹل سلوشنز محرم الحرام کے دوران مؤثر کمانڈ، کنٹرول اور فوری رسپانس کو یقینی بنا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "محفوظ پنجاب" ویژن کے تحت پولیس فورس کو جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے لیس کیا جا رہا ہے جبکہ جدید LTE ٹیکنالوجی، اسمارٹ سرویلنس اور ڈیجیٹل مانیٹرنگ کے ذریعے محرم الحرام سکیورٹی کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ محرم الحرام کے دوران پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا جدید LTE کمیونیکیشن سسٹم پولیس فورس کیلئے ایک مؤثر موبائل کمانڈ اینڈ کنٹرول پلیٹ فارم کا کردار ادا کرے گا، جس سے عزاداروں کے تحفظ، امن و امان کے قیام اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر رسپانس کو یقینی بنایا جا سکے گا۔

ڈیفنس سی کے علاقے رنگ روڈ پر گاڑی سے خون میں لت پت لاش برآمد، قتل یا خودکشی

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈیفنس سی کے علاقے رنگ روڈ پر گاڑی سے خون میں لت پت لاش برآمد، قتل یا خودکشی؟ پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں پولیس ذرائع کے مطابق رنگ روڈ پولیس معمول کی گشت پر تھی کہ انہیں سڑک کنارے کھڑی سفید رنگ کی ایک مشکوک گاڑی نظر آئی۔ اہلکاروں نے گاڑی کی تلاشی لی تو اندر موجود عادل نامی شخص سر میں گولی لگنے کے باعث مردہ پایا گیا۔ پولیس کے مطابق گاڑی سے ایک پستول بھی برآمد ہوا جبکہ گاڑی کے اندر سرکاری پولیس یونیفارم موجود تھی جس پر ٭٭ طاہر سب انسپکٹر ٭٭ کے نام کی نیم پلیٹ لگی ہوئی تھی۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ابتدائی تحقیقات میں متوفی عادل کے اہلخانہ کے بیانات میں خاندانی تنازعات اور ذہنی دبا¶ کے شواہد سامنے آئے، اہلخانہ کا کہنا ہے کہ متوفی گزشتہ کچھ عرصہ سے پریشانی کا شکار تھا اس کے خلاف مختلف اداروں میں درخواستیں بھی دائرتھیں پولیس کا کہنا ہے کہ گاڑی سے ملنے والی وردی طاہر سب انسپکٹر کی ہے، جو جنوبی چھا¶نی میں تعینات ہے، متوفی اور سب انسپکٹر طاہر دوست تھے۔

گلشن اقبال پولیس کی ون فائیو کال پر بروقت کاروائی یونیورسٹی کی طالبہ کو حراساں کرنے والا رکشہ ڈرائیور گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) گلشن اقبال پولیس کی ون فائیو کال پر بروقت کاروائی یونیورسٹی کی طالبہ کو حراساں کرنے والا رکشہ ڈرائیور گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او گلشن اقبال انسپکٹر رومان اقبال کے مطابق طالبہ نے یونیورسٹی امتحان دینے جانے کے لئے رکشہ کروایا ڈرائیور بجائے رکشہ منزل پر لے جانے کے ایک سنسان گلی میں لے گیا۔ اس دوران طالبہ نے ڈرائیور سے بار بار اصرار کیا کہ میرا پیپر ہے مجھے میری منزل پر پہنچا دو ڈرائیور نے اس شرط پر چھوڑا پیپر کے بعد وہ اس کے ساتھ جائے گی طالبہ نے پیپر دینے کے بعد ملزم امجد کو بلا لیا اور پولیس کو اطلاع دے دی گلشن اقبال پولیس نے موقع پر پہنچ کر ملزم کو گرفتار کر کے اس کے خلاف طالبہ کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کے لئے انویسٹی گیشن کے حوالے کر دیا۔

تھانہ شیراکوٹ پولیس نے کاروائی کے دوران اغوا ہونے والی 28 سالہ مغویہ کو برامد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ شیراکوٹ پولیس نے کاروائی کے دوران اغوا ہونے والی 28 سالہ مغویہ کو برامد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق شیراکوٹ پولیس نے کاروائی کے دوران اغوا ہونے والی 28 سالہ خاتون کو بازیاب کروا کر ملزم پرویز کو گرفتار کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ شیراکوٹ پولیس کو خاوند شہروز علی کی درخواست موصول ہونے پر نا معلوم کے خلاف اغوائ کا مقدمہ درج کیا گیا تھا، 28 سالہ خاتون کے بحفاظت ملنے پر والدین نے پولیس کا شکریہ ادا کیا اور دعائیں دی۔

ڈولفن سکواڈ نے شہر میں کارروائیاں کرتے ہوئے 11 منچلے گرفتار کر لئے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ نے شہر میں کارروائیاں کرتے ہوئے 11 منچلے گرفتار کر لئے۔ ترجمان ڈولفن اسکواڈ کے مطابق لاہور کی مختلف شاہراہوں پر ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف شکنجہ سخت کرتے ہوئے ڈولفن سکواڈ نے ، ون ویلرز کو مغلپورہ، مسلم ٹا¶ن، اچھرہ، شادباغ و دیگر پوائنٹس سے ون ویلنگ شور و غوغا کرتے ہوئے شہریوں کو پریشان کرنے پر گرفتار کر کے مقدمات درج کروا دیے ایس پی ڈولفن بلال احمد کا کہنا ہے کہ ون ویلنگ کی خلاف ورزی پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے ون ویلنگ ایک خونی کھیل ہے والدین بھی اپنے بچوں کی کونسلنگ کریں۔

ریس کورس پولیس نے ریکارڈ یافتہ منشیات فروش گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ریس کورس پولیس نے ریکارڈ یافتہ منشیات فروش گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق ریس کورس پولیس نے خُفیہ اطلاع پر قربان لائن کچی آبادی سے علاقہ کے گرد و نواح میں چل پھر کر منشیات سپلائی کرنے والے ملزم نعمان کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 1020 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔

نویں اور دسویں محرم الحرام کے موقع پر صوبے بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) حکومت پنجاب نے نویں اور دسویں محرم الحرام کے موقع پر صوبے بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق جمعرات اور جمعہ کو پنجاب بھر میں سرکاری تعطیل ہوگی، جس کے باعث تمام سرکاری دفاتر، ادارے اور دیگر سرکاری سرگرمیاں بند رہیں گی۔ حکومت کی جانب سے یہ تعطیلات یوم عاشور کے موقع پر مذہبی تقریبات، مجالس اور عزاداری جلوسوں کے پیش نظر دی گئی ہیں تاکہ شہری مذہبی رسومات میں بھرپور انداز میں شرکت کر سکیں۔

گمشدگی پاسپورٹ

میرا پاسپورٹ نمبری Ev 8790181 مورخہ 2026.6.23 کو کہیں گم ہو گیا ہے جسے بھی ملے وہ مندرجہ ذیل ایڈریس پر پہنچا دے
المشتہر: عثمان اعجاز لون ولد اعجاز لون سکنہ محلہ سلطان پورہ لاہور

اوورسیز پاکستانیوں کی فلاح حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے: بیرسٹر امجد ملک

سروس ڈیلیوری میں بہتری، ادارہ جاتی اصلاحات اور جدید نظام کے نفاذ پر زور اوورسیز پاکستانی ملکی معیشت کی مضبوط بنیاد ہیں: بیرسٹر امجد ملک

لاہور (علی حسنین شیرازی) صوبائی وزیر و وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب، بیرسٹر امجد ملک کی زیرِ صدارت اوورسیز پاکستانیز کمیشن کے ہیڈ آفس میں ایک اہم انتظامی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمشنر اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب حمیرا اکرم، ڈائریکٹر جنرل اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب احمر نائیک سمیت تمام سینئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اوورسیز پاکستانیوں کو درپیش مسائل، ادارہ جاتی اصلاحات اور سروس ڈیلیوری کے نظام کو مزید مؤثر، شفاف اور تیز رفتار بنانے کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اس موقع پر ادارے کے قواعد و ضوابط، عمارت کی تزئین و آرائش، ملازمین کے الاؤنسز، نئے اسٹاف کی تعیناتی اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا۔ بیرسٹر امجد ملک نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اوورسیز پاکستانی ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی فلاح و بہبود حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کے فوری ازالے اور انہیں بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ہر ضلع میں اوورسیز پاکستانیوں کے لیے خدمات کو مزید مؤثر، تیز رفتار اور آسان رسائی کے قابل بنایا جائے تاکہ شہریوں کو کسی بھی مرحلے پر مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ بیرسٹر امجد ملک نے اس بات پر زور دیا کہ کسی بھی ادارے کی کامیابی میں اس کا عملہ کلیدی کردار ادا کرتا ہے، لہٰذا ملازمین کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ اور ان کی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 14 ملین اوورسیز پاکستانی ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، جو سالانہ اربوں ڈالر زرِ مبادلہ وطن بھیج کر پاکستان کی اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اوورسیز پاکستانیز کمیشن کا قیام انہی پاکستانیوں کی خدمت اور ان کے مسائل کے فوری حل کے لیے عمل میں لایا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی توجہ اور سرپرستی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حکومت پنجاب اوورسیز پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کے لیے سنجیدہ اور پُرعزم ہے۔ اس موقع پر کمشنر اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب حمیرا اکرم اور ڈائریکٹر جنرل اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب احمر نائیک نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اوورسیز پاکستانیوں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے فوری حل کے لیے ادارہ اپنی کاوشیں مزید تیز کرے گا۔

کریسنٹ ایجوکیشنل سوسائٹی نے فاطمہ جناح پارک شادمان اڈاپٹ کر لیا

چیئرمین غزالی سلیم بٹ، ایم ڈی راجہ منصور احمد کی موجودگی میں ہارٹیکلچر ایجنسی اور سکول انتظامیہ نے معاہدے پر دستخط کر دیے

لاہور (صابر غوری) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خوبصورت لاہور ویژن کے تحت پارکس اینڈ ہارٹیکلچر ایجنسی لاہور کی ایڈاپٹ اے پارک سکیم کے تحت پی ایچ اے اور کریسنٹ ایجوکیشنل ٹرسٹ کے درمیان فاطمہ جناح پارک شادمان کی دیکھ بھال، تزئین و آرائش اور بہتری کے لیے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے۔ ایم او یو تقریب میں چیئرمین پی ایچ اے غزالی سلیم بٹ، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے راجہ منصور احمد، ایڈیشنل ڈائریکٹر فنانس احمد سعد، ڈپٹی ڈائریکٹر نبیل ریاض سندھو، ڈائریکٹر جج سمیت پی ایچ اے کے دیگر سینئر افسران شریک ہوئے۔ پی ایچ اے کی جانب سے ڈائریکٹر کوآرڈینیشن فرح دیبا جبکہ کریسنٹ ایجوکیشنل ٹرسٹ کی جانب سے جنرل منیجر ایڈمنسٹریشن کرنل (ر) محمد علی نے ایم او یو پر دستخط کیے۔ تقریب میں کریسنٹ ایجوکیشنل ٹرسٹ کی سی ای او مس سمیاب شبیر، مس ایمبرین یونس اور دیگر نمائندگان بھی موجود تھے۔ معاہدے کے تحت کریسنٹ ایجوکیشنل ٹرسٹ فاطمہ جناح پارک شادمان کی دیکھ بھال، تزئین و آرائش، شجرکاری، صفائی اور شہریوں کو بہتر تفریحی ماحول کی فراہمی کے لیے پی ایچ اے کے ساتھ مل کر اقدامات کرے گا۔ ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی لاہور راجہ منصور احمد نے بتایا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے فاطمہ جناح پارک شادمان کو اڈاپٹ کرنے کے لیے کریسنٹ ایجوکیشنل سوسائٹی کی درخواست پہلے ہی منظور کر لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزید پارکس کو اڈاپٹ کرنے کے لیے متعدد درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن پر قانون اور پالیسی کے مطابق عمل درآمد کیا جائے گا۔ پارکوں کو اڈاپٹ کرنے کے اس منصوبے کا مقصد حکومت اور شہریوں میں بیوٹیفیکیشن کے عمل کو فروغ دینا ہے۔ چیئرمین پی ایچ اے غزالی سلیم بٹ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں حکومت پنجاب لاہور میں گرین کور میں اضافے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ حکومتی اقدامات سے گزشتہ سیزن میں سموگ کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی۔ انہوں نے کہا کہ ہارٹیکلچر ایجنسی لاہور بڑے پارکوں کیساتھ نچلی سطح کے علاقوں میں چھوٹے پارکوں پر بھی خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ کریسنٹ ایجوکیشنل سوسائٹی فاطمہ جناح پارک شادمان میں معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے گی جبکہ اس مقصد کے لیے ہارٹیکلچر ایجنسی لاہور انکے ساتھ بھرپور تعاون کرتی رہے گی۔

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

"روزنامہ قوت لاہور" (3) 24 جون 2026ء

کمشنر اور آر پی او راولپنڈی کا چکوال کا دورہ

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات اور ڈی پی او کاشف ذوالفقار کے ہمراہ شہر میں ساتویں محرم کے مرکزی جلوس کے موقع پر روٹ کا معائنہ کر کے سیکیورٹی اینڈ ویجیلینس، ہیلتھ کیمپ، سلسلہ صفائی کے انتظامات سمیت میونسپل سروسز اور انتظامی نوعیت کے دیگر امور کا جائزہ لیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک اور ریجنل پولیس آفیسر (آر پی او) راولپنڈی بابر سرفراز الپا نے ساتویں محرم کے مرکزی جلوس کے موقع پر چکوال کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات اور ڈی پی او کاشف ذوالفقار کے ہمراہ شہر میں ساتویں محرم کے مرکزی جلوس کے موقع پر روٹ کا معائنہ کر کے سیکیورٹی اینڈ ویجیلینس، ہیلتھ کیمپ، سلسلہ صفائی کے انتظامات سمیت میونسپل سروسز اور انتظامی نوعیت کے دیگر امور کا جائزہ لیا۔ کمشنر انجینئر عامر خٹک اور آر پی او بابر سرفراز الپا نے اس موقع پر سیکیورٹی انتظامات کا معائنہ بھی کیا۔ امن کمیٹی اور منتظمین جلوس سے بھی ملاقات کی۔ ... دیگر افسران بھی موجود تھے۔

محرم الحرام امن، محبت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے: نواب چوہدری اسامہ

شہدائے کربلا کی لازوال قربانیاں پوری امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہیں، معروف سماجی رہنما کی گفتگو

حضرت امام حسینؑ کی شہادت حق و باطل کے درمیان واضح لکیر ہے: شیخ عبدالوحید

محرم الحرام باطل کے خلاف ڈٹ جانے، حق و صداقت پر ثابت قدم رہنے اور ظلم کے سامنے سر نہ جھکانے کا نام ہے

جھنگ شہر اور گردونواح کے شہریوں نے اپنے پیاروں کی آخری آرام گاہوں کی دیکھ بھال کے لیے قبرستانوں کا رخ کر لیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کا چاند نظر آتے ہی جہاں فضا سوگوار ہو گئی ہے وہاں جھنگ شہر اور گردونواح کے شہریوں نے اپنے پیاروں کی آخری آرام گاہوں کی دیکھ بھال کے لیے قبرستانوں کا رخ کر لیا ہے۔ ...

ختم شریف کا انعقاد

ساہیوال (محمد یوسف) ... L-5/56 ...

سانحہ کربلا تاریخی واقعہ کے ساتھ ظلم، جبر اور باطل کے خلاف ایک ابدی تحریک ہے: ریاض الدین شیخ

آج حسینیت پر عمل پیرا ہو کر ظلم و جبر کے خلاف مظلوم کا ساتھ دینے کی ضرورت ہے: تاجر برادری

گورنمنٹ گریجویٹ کالج اوکاڑہ میں بی ایس پروگرام کے طلبہ و طالبات کی الوداعی تقریب منعقد ہوئی

کمشنر گوجرانوالہ اور آر پی او کا منڈی بہاؤالدین اور گجرات کا دورہ

جلوسوں، مجالس اور تھانوں کے دورے، علمائے کرام و امن کمیٹی سے ملاقاتیں، آر پی او کی فول پروف سیکیورٹی اور شہریوں کو بہترین سہولیات یقینی بنانے کی ہدایت

ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں عزاداران امام حسینؑ کے ماتمی جلوس کے لیے خصوصی سبیل کا اہتمام کیا

ماتمی جلوس میں شریک عزاداروں سے ملاقات کی، انہوں نے عزاداروں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ان کی خدمت کو اپنے لیے باعث سعادت قرار دیا

سنڈیکیٹ اجلاس میں وزیر تعلیم پنجاب کا جامعہ اوکاڑہ کی مثالی ترقی پر اظہار اطمینان

کان کن رجسٹریشن ایپلیکیشن ایک ماہ سے بند، مزدور اور مائن مالکان شدید پریشان

متاثرہ خواتین کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے سلسلے میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے

ڈسٹرکٹ ویمن پروٹیکشن آفیسر جھنگ مسز فرح رباب نے ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر جھنگ مسز بجیلا نذیر سے ان کے دفتر میں ایک مفید، با مقصد اور نتیجہ خیز ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران خواتین متاثرین کو درپیش مسائل، قانونی معاونت، تحفظ، بحالی اور فلاح و بہبود سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

صوبائی وزیر زراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

ضلعی انتظامیہ اور دیگر محکموں کے افسران نے محرم الحرام کے سلسلہ میں انتظامات بارے تفصیلی بریفنگ دی

نیوٹریشن انٹرنیشنل اور محکمہ صحت کے اشتراک سے عالمی خوراک کے دن کے موقع پر آگاہی سیمینار کا انعقاد

سیمینار میں ضلع لاہور کی مختلف یونین کونسلوں سے تعلق رکھنے والی لیڈی ہیلتھ سپروائزرز اور لیڈی ہیلتھ ورکرز نے شرکت کی

ساتویں محرم کے جلوس و مجالس کے لیے اوکاڑہ پولیس کے سیکیورٹی انتظامات، 1100 سے زائد اہلکار تعینات، ماہر نشانہ بازوں کی ڈیوٹیاں

ادیب احمد بٹ نے قانون ساز اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی جمع کرا دیے

برادر کشمیری فیڈریشن سیکرٹری سیالکوٹ حلقہ 36 جموں 3 سے الیکشن لڑیں گے

محرم الحرام کے دوران زائرین کی سہولیات کے لیے بہترین انتظامات کیے گئے

ڈسٹرکٹ آفیسر ایس اینڈ آئی طارق کمبانہ کے اعزاز میں پروقار تقریب ریٹائرمنٹ

کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن ضلع قصور کی جانب سے شاندار خراج تحسین، یادگاری شیلڈ پیش

انجمن خدمت خلق رجسٹرڈ ڈسکہ کا ماہانہ (765 واں) اجلاس زیر صدارت میاں سعید احمد صراف صدر، بمقام آنکھ زچہ بچہ ہسپتال پسرور روڈ ڈسکہ منعقد ہوا

جنرل سیکرٹری محمد انور مغل بھی وہاں موجود تھے۔ فنانس سیکرٹری انوار احمد سیال نے فنانس رپورٹ میں آمدن و اخراجات ماہ اپریل 2026 کا گوشوارہ پیش کیا

مٹھن آباد کے تاجروں اور آڑھتیوں کے خلاف درج مقدمہ کے خلاف غلہ منڈی میں مسلسل تیسرے روز بھی مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی

محرم الحرام ہمیں حق، صبر، ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے: چوہدری شفیق بھٹہ



عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے: ڈپٹی کمشنر ساہیوال

ریسکیو 1122 کی میت منتقلی سروس غم کی گھڑی میں شہریوں کو فوری اور باعزت معاونت فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے

شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی 73 ویں سالگرہ کے موقع پر ایک مقامی ہوٹل میں پروقار تقریب منعقد ہوئی

مقررین نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی جمہوریت، آئین کی بالادستی، عوامی حقوق اور خواتین کے بااختیار کردار کے لیے خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا

ادارتی صفحہ
EDITORIAL

امن مذاکرات اور توقعات

پاکستان اور قطر کی ثالثی میں اتوار کے روز سوئٹزرلینڈ میں امریکہ اور ایران کے تکنیکی مذاکرات 17 جون کو فریقین میں طے پانے والی مفاہمتی یادداشت' جسے اسلام آباد میمورنڈم کا نام دیا گیا' پر دستخطوں کے بعد پہلی براہ راست ملاقات تھی۔ مذاکرات کا یہ دور خوشگوار ماحول میں ہوا اور فریقین کی جانب سے پاکستان کی عسکری اور سیاسی قیادت کے ثالثی کردار کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کے خوشگوار جملے تادیر یاد رکھے جائیں گے جنہوں نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اُن کی بہترین لیڈرشپ کے بغیر ہم یہاں موجود نہ ہوتے۔ امریکی نائب صدر نے ایران کے ساتھ مذاکرات کو تاریخی قرار دیا اور کہا کہ امریکہ ایران کے ساتھ بنیادی تبدیلی کیلئے تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم سفارتکاری اور باہمی تعاون کے ذریعے مشرقِ وسطیٰ کو بدلنے کے مقصد کے ساتھ جمع ہوئے ہیں' ہم ایک ایسے مستقبل کی تصویر دیکھتے ہیں جہاں سب مل کر امن اور خوشحالی کو فروغ دے سکیں۔ ان جذبات کے ساتھ مذاکرات کے تکنیکی دور کا آغاز خوش آئند اور علاقائی اور عالمی امن کیلئے نہایت اہم ہے۔ ربع نصف صدی سے امریکہ اور ایران میں سفارتی خلیج حائل ہے اس کے اثرات دونوں جانب موجود ہیں' مگر ان تین ماہ سے پاکستانی کی امن اور ثالثی کی کوششوں کے نتیجے میں دونوں فریق خاصی حد تک قریب آئے ہیں۔ اسلام آباد میمورنڈم پر دستخط اور لیک لوسرن سمٹ اس اعتماد کی علامت ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ فریقین اس اعتماد کو فروغ دینے کیلئے سنجیدہ اقدامات جاری رکھیں گے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کے الفاظ جن کا اوپر حوالہ دیا' ایران کی جانب امریکہ کی طرف سے زیتون کی شاخ معلوم ہوتے ہیں۔ بادی النظر میں یہ امن اور نئی شروعات کی خواہش کا اظہار ہے۔ ایسے جذبات کی قدر کی جانی چاہیے اور اس موقع کو غنیمت جاننا چاہیے کیونکہ امن کا کوئی نعم البدل نہیں۔ جنگ بھی وہیں تک جائز ہے جہاں تک کہ یہ امن کے قیام کی ضمانت بن جائے۔ اس سے آگے یہ جارحیت قرار پاتی ہے جس کا انجام کبھی اچھا نہیں ہوا۔ ماضی میں نازی جرمنی اور حال میں اسرائیل کی مثال جارحیت کے نتائج کو سمجھنے کو کافی ہونی چاہیے۔ وہ امریکہ جس نے اسرائیل کو مکمل چھوٹ دے رکھی تھی' اب اسرائیلی جارحیت سے اکتایا ہوا لگتا ہے۔ اگلے روز نائب صدر جے ڈی وینس نے جن الفاظ میں اسرائیلی حکومت کی خبر لی یہ اسرائیل کی جانب امریکی ذہنوں میں آنے والی معنی خیز تبدیلی کو واضح کرتی۔ ان تبدیلیوں کو سمجھنے اور ان کے ساتھ خود کو ہم آہنگ کر لیں تو ایران اور امریکہ میں سفارتی فاصلے کم ہو سکتے ہیں۔ مذاکرات کے اس عمل نے دونوں ملکوں کیلئے ایسی راہِ عمل پیدا کر دی ہے جو ایران امریکہ تعلقات میں تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتی ہے۔ اس صورتحال میں اسرائیل کی جانب سے امن عمل کو سبوتاژ کرنے کے اندیشے بھی رد نہیں کیے جا سکتے' مگر یہ سمجھ کر چلنا ہوگا کہ امریکہ ایران امن مذاکرات کو پٹڑی سے اتارنا کسی کے حق میں نہیں سوائے اسرائیل کے۔ دونوں فریقوں کو اس اندیشے کا درست تجزیہ کرنا چاہیے تاکہ امن عمل اپنے اہداف کی جانب بڑھتا رہے اور مشرق وسطیٰ اور دنیا اس خوشگوار عالمی تبدیلی سے ہمکنار ہو۔ اسلام آباد میمورنڈم میں فریقین نے حتمی معاہدے پر بات چیت کے لیے 60 روز کی مدت مقرر کی ہے' مگر یہ قابلِ توسیع ہے' تاہم فریقین اعتماد کے ساتھ چلیں اور کوئی انہونی نہ ہو تو یہ معاہدہ اس مدت سے پہلے بھی ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے اُمید ظاہر کی ہے کہ جب واپس جائیں تو ہمارے پاس دنیا میں امن لانے والے معاہدے کی دستاویز ہو۔ یہ دنیا میں امن کیلئے کوشش کرنے والوں کے جذبات ہیں

سندھ بجٹ 2026-27 کے چند اہم نکات

تحریر: اسحاق سومرو

سندھ حکومت نے مالی سال 2026-27 کا اپنا سالانہ بجٹ ایک ایسے وقت میں پیش کیا ہے جب ملک کو مجموعی معاشی دباؤ، آئی ایم ایف کی شرائط، مہنگائی، محدود وسائل اور ترقیاتی ضروریات کا سامنا ہے۔ اگرچہ ہر سال کا بجٹ امیدوں اور توقعات پر مبنی ہوتا ہے لیکن سندھ حکومت کے پیش کردہ بجٹ کے بعض محکموں اور نجی اداروں کے اعداد و شمار کا جائزہ لینے کے بعد کچھ اہم باتیں سامنے آتی ہیں۔

تعلیمی شعبے کے بجٹ کے اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ اس سال سندھ حکومت نے پہلی جماعت سے میٹرک تک کے طلبہ کو مفت کتابیں فراہم کرنے کیلئے سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کے لیے 5 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی ہے۔ سرکاری اسکولوں میں میٹرک تک طلباء و طالبات کو مفت کتابیں فراہم کرنے کا سلسلہ کئی سالوں سے جاری ہے۔ اس طرح سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے طلباء کے لیے 850 ملین اور 80 کروڑ 50 لاکھ سے زائد کی کتابیں بھی چھاپی جائیں گی اور طلباء میں مفت تقسیم کی جائیں گی۔ سندھ ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کا بجٹ 3 ارب 55 کروڑ روپے کر دیا گیا ہے۔ اس سال صوبے کی 32 یونیورسٹیوں، ان کے کیمپسز اور اداروں کے مطالعاتی مراکز کے لیے مجموعی طور پر 44 ارب 46 کروڑ روپے کا بجٹ رکھا گیا ہے۔ [illegible] 76.2 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں [illegible] سیکنڈری اور ہائر سیکنڈری [illegible] 80.6 [illegible] کیے گئے ہیں۔ صحت کے شعبے میں سال 2026-27 کے بجٹ میں کینسر، دل، گردے اور بچوں کی بیماریوں کے ساتھ ساتھ ماں اور بچے کی صحت اور اس کے اداروں کے لیے ایک بڑی رقم مختص کی گئی ہے، جس میں سندھ انسٹیٹیوٹ آف یورولوجی اینڈ ٹرانسپلانٹیشن (SIUT) کے لیے 25.26 ارب روپے شامل ہیں [illegible] 70 [illegible] 300 [illegible] سے متعلق ادارے کڈنی سینٹر کراچی 300 ملین روپے، آنکھوں کے امراض ہسپتال ایل بی آر ؟ی 8 کروڑ، میری ایڈیلیڈ لیپر وسی سینٹرز 250 ملین روپے، این جی او چائلڈ لائف فاو؟نڈیشن کراچی

قومی اسمبلی میں بجٹ پر بحث

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگ زیب نے قومی اسمبلی میں بجٹ پر بحث سمیٹتے ہوئے کہا کہ مالی سال 2026-27ء کا بجٹ گزشتہ دو سالوں میں حاصل کی گئی ترقی کو پائیدار بنیاد فراہم کرے گا۔ بجٹ کے حوالے سے یہ باتیں خوش آئند ہیں اور صنعتی اور کاروباری حلقے بھی بجٹ پر عمومی اطمینان کا اظہار کرتے ہیں مگر معاشی استحکام اور پائیدار ترقی کیلئے مزید بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔ معاشی استحکام کیلئے ملکی برآمدات میں اضافہ ایک ناگزیر عمل ہے' تاہم ملک عزیز کے وسائل اور صلاحیتوں کے مقابلے میں ہماری برآمدات خاصی کم ہیں اور ان میں نمو نہایت سست ہے۔ پچھلے پانچ برس کا جائزہ لیا جائے تو برآمدات کا سالانہ حجم 31 ارب ڈالر کے لگ بھگ ہے جبکہ رواں مالی سال کے پہلے گیارہ ماہ کے دوران برآمدات گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں تقریباً ساڑھے پانچ فیصد کم ہیں۔ گزشتہ مالی سال کے پہلے گیارہ ماہ میں 563.29 ارب ڈالر کی برآمدات ہوئیں جبکہ رواں سال کے اس عرصہ میں 904.27 ارب ڈالر کی۔ برآمدات کا جمود یا تنزل معیشت کے حوالے سے تشویشناک منظر کشی کرتا ہے۔ ضروری ہے کہ اس حوالے سے درپیش رکاوٹوں کو دور کیا جائے۔ یہ رکاوٹیں زیادہ تر بیرونی نہیں داخلی ہیں۔ عالمی سطح پر پاکستان کی مصنوعات کو بدستور اہمیت حاصل ہے اور دنیا کے تمام بڑے ممالک میں ان مصنوعات کی کھپت ہے۔ حکومتی سطح پر بھی پاکستانی مصنوعات کو ترجیحی سہولیات حاصل ہیں جیسا کہ یورپ میں جی ایس پی پلس' امریکہ میں اس خطے کے دیگر ممالک کی نسبت کم ٹیرف اور چین کیساتھ تجارتی معاہدے کے تحت چینی مارکیٹ تک ڈیوٹی فری رسائی۔ ان سہولتوں سے برآمدات میں اضافہ ہونا چاہیے مگر یہاں اسکے برعکس ہے۔ صنعتی ترقی کی راہ میں رکاوٹوں کی وجوہات ڈھکی چھپی نہیں۔ مہنگی توانائی' ٹیکسوں کی اونچی شرح' مہنگے قرضے' سکیورٹی کے مسائل' بیرونی سرمایہ کاری میں کمی اور سیاسی عدم استحکام صنعتی ترقی کی راہ کی بڑی رکاوٹیں ہیں۔ آنیوالے مالی سال کو اگر پائیدار ترقی کی بنیاد بنانا ہے تو ان رکاوٹوں کو دور ہونا چاہیے۔ حکومت نے بجٹ میں صنعتی شعبے کیلئے بعض ٹیکسوں کی شرح میں کمی کا جو فیصلہ کیا ہے اسکی اہمیت اپنی جگہ مگر یہ کافی نہیں۔ صنعتی ترقی کیلئے سستے قرض' سستی توانائی' سرمایہ کاری کیلئے پُرکشش حالات اور ملک میں امن وامان یقینی بنانا ہوگا۔ امریکہ ایران جنگ کی وجہ سے توانائی کی عالمی قیمتوں میں اضافہ باعثِ تشویش تھا مگر اب جبکہ یہ تنازع ختم ہو چکا اور امن کی جانب پیش رفت ہو رہی ہے تو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد بجلی کے نرخوں میں کمی اور شرح سود میں بھی کمی کی ضرورت ہے تاکہ صنعتیں سستی توانائی کے ساتھ ساتھ مالی وسائل کے حصول میں بھی آسانی محسوس کریں۔ حالیہ برسوں کے دوران ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کے رجحان میں کمی واقع ہوئی۔ رواں مالی سال کے پہلے گیارہ ماہ کے دوران 1.6 ارب ڈالر کی خالص براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 28 فیصد کم ہے۔ برآمدات اور سرمایہ کاری سمیت معیشت کے متعدد اہم شعبوں میں سال بسال کمی تشویش کا باعث ہے اور آنے والے مالی سال کو اگر معاشی نمو' ترقی اور استحکام کا سال بنانا ہے تو ان مسائل کے اسباب کو سمجھ کر ان کا ازالہ کیے بغیر ایسا ممکن نہ ہوگا۔ نئے مالی سال کو معاشی ترقی کا سال بنانے کیلئے معاشی فیصلوں میں توازن اور اعتدال کی ضرورت ہوگی۔ بجٹ کی حد تک اسکے آثار موجود ہیں تاہم ہمارے ہاں کوئی پتہ نہیں چلتا کہ حکومتیں منی بجٹ کی صورت میں کب اپنے پہلے فیصلوں کو تبدیل کر دیں۔ مالی سال 2027ء میں سابقہ غلطیوں کو دہرانے کی قطعی گنجائش نہیں۔ پاکستان کو معاشی استحکام اسی صورت حاصل ہو سکتا ہے

پاکستان کے بجٹ میں فوائد کی غیر مساویانہ تقسیم



وفاقی بجٹ کے منظر عام پر آنے کے بعد اس پر اظہار رائے کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے اور ہر کوئی اپنے نقطہ نگاہ کے مطابق اس پر رائے زنی کر رہا ہے جو کہ ایک جمہوری عمل ہے اور ضروری بھی ہے۔ ٹیلی ویژن کی اسکرین اور بجٹ کے بعد ہونے والے سیمیناروں میں کاروباری رہنما اور پالیسی ساز سر ہلاتے ہوئے بجٹ پر اپنی اپنی رائے دے رہے ہیں اور اپنی پسندیدگی کا بھی مظاہرہ کر رہے ہیں۔ چیمبرز آف کامرس میں اطمینان کی ایک ناقابل تردید فضا پائی جاتی ہے۔ لیکن اگر آپ ان ائر کنڈیشنڈ ہالوں سے باہر نکل کر ذرا کراچی کی سڑکوں پر قدم رکھیں، تو وہاں آپ کو سرکاری حکمت عملی پر مبنی خوشیوں کے بجائے زندگی کو تھکا دینے والی بقا کی جدوجہد نظر آئے گی۔

حکومت کے تازہ مالیاتی اقدامات تضاد کی ایک درسی مثال ہیں۔ یہ ایک ایسا معاشی پیکج ہے جو کاروباری اشرافیہ کو حقیقی مواقع فراہم کرتا ہے، تو متوسط طبقے کے پیشہ ور افراد کو ایک معمولی، تقریباً نفسیاتی حد تک سانس لینے کی گنجائش فراہم کرتا ہے۔ لیکن نچلی سطح کے محنت کش طبقے کے ان افراد کو قطعی نظر انداز کر دیتا ہے جو پہلے ہی سرکاری پالیسیوں اور معاشی منصوبوں کی مد میں آتے ہی نہیں اگرچہ بیانیہ کے طور پر یہ تمام سرکاری تگ و دو صرف اور صرف ہوتی ہی ملک کے غریب عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ہے۔

کاروباری طبقے، خاص طور پر برآمدی شعبے کے لیے یہ بجٹ ناقابلِ تردید حد تک خوش آئند ہے۔ کارپوریٹ سپر ٹیکس کا خاتمہ ایک دیرینہ پالیسی نقص کو درست کرنے کی جانب ایک بہتر اور ضروری اقدام ہے۔ ایک ایسے خطے میں جہاں پاکستان کو پڑوسی ممالک کے معیشتوں کے جارحانہ کارپوریٹ ٹیکس ڈھانچے سے مقابلہ کرنا ہے، وہاں بڑی تجارتی مالیاتی اداروں پر بھاری ٹیکس کا بوجھ ان کمپنیوں کو معاشی مسابقت کے میدان میں کمزور کر رہا تھا۔ اور دستاویزی عمل کو صحیح خطوط پر چلانے میں حوصلہ شکنی بھی کر رہا تھا۔

اس بوجھ کو کم کر کے، حکومت نے بڑے ایکسپورٹ ہاو؟سز کو فوری طور پر ایک بہت بڑا فائدہ فراہم کیا ہے جو ایک بڑے کاروباری ادارے کے لیے سالانہ 5 ملین روپے سے لے کر 60 ملین روپے تک ہے۔ اس معاشی فائدے کے اعداد و شمار کو سمجھنے کے لیے، ایک درمیانے درجے کے ٹیکسٹائل ایکسپورٹر کے کاروبار پر غور کریں جو سالانہ 250 ملین روپے کا منافع کماتا ہے۔ ختم کیے گئے سپر ٹیکس کے تحت، ایسی کمپنی معیاری 29 فیصد کارپوریٹ ٹیکس کے علاوہ اضافی 2 فیصد لیوی ادا کرتی تھی یہ رقم اب کمپنی کے پاس رہے گی۔ جو اس فارمولے کے تحت (250 ملین × 02.0) تقریباً 500 ملین روپے بنتی ہے۔ اس سے زیادہ کمانے والی بڑی فرموں کے لیے، 6 فیصد سے 10 فیصد والے سلیب 30 ملین سے 60 ملین روپے کی بچت کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ یہ تیز رفتار سرمایہ ہے جو رسمی کاروباری نظام میں واپس شامل کر دیا گیا ہے، اس کا مقصد سرمایہ کاری کو فروغ دینا، زرمبادلہ کو محفوظ بنانا، اور پاکستانی مصنوعات کو عالمی سطح پر مسابقتی رکھنا ہے۔ اس لئے اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کہ کاروباری حلقے اس سلسلے میں گہری خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔ کاغذی دستاویزات پر، ریاست نے میکرو اکنامک ترقی کے انجنوں کو ترجیح دی ہے۔ کاروباری حلقے کے بعد تنخواہ دار طبقے کا نمبر آتا ہے جس کے پاس اس بجٹ میں فراہم کردہ سہولت کے جواب میں ایک مدہم سی مسکراہٹ کا مظاہرہ کرنے کے علاوہ کچھ بھی نہیں جس میں ایک متذبذب سی حیرانی بھی شامل ہے۔ ایک طرف تو سرکار، 000,600 روپے سے 000,200,1 روپے کی سالانہ آمدنی پر 1 فیصد کی شرح سے ٹیکس وصول کرے گی جو پہلے 5 فیصد تھا۔ اس طرح بارہ لاکھ روپے سالانہ کمانے والے ملازم کو اب اس آمدنی پر 30 ہزار روپے ٹیکس ادا کرنے کی بجائے صرف 6 ہزار روپے کا ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ یعنی 24 ہزار روپے کی بچت جو سرکار کی جانب سے اس کے لئے اس سال کا تحفہ ہے۔

لیکن یہ بچت روزمرہ کی مہنگائی کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں ہے۔ سرحد پار، بھارت کا مالیاتی ڈھانچہ اپنے تنخواہ دار طبقے کو اس سے کہیں زیادہ وسیع حفاظتی سہولت فراہم کرتا ہے۔ بھارت کے معیاری ٹیکس نظام کے تحت، معیاری کٹوتیوں اور بڑھی ہوئی رعایتوں کو ملا کر، تنخواہ دار افراد 12 لاکھ روپے ہندوستانی تک موثر طور پر انکم ٹیکس سے مستثنیٰ ہیں۔ اس آمدنی کو اگر ہماری کرنسی میں تبدیل کیا جائے تو یہ تقریباً 36 لاکھ پاکستانی روپے کی چھوٹ بنتی ہے۔ لیکن پاکستان میں، 36 لاکھ روپے کمانے والا ملازم مستثنیٰ نہیں ہے۔ اسے ایک سخت ترقیاتی ٹیکس بریکٹ میں دھکیل دیا جاتا ہے، جہاں بڑھتے ہوئے بالواسطہ محصولات کے اوپر براہِ راست ٹیکس کا بھاری بوجھ بھی ہے۔ ذرا سوچیں، ایک شخص جو ماہانہ ساٹھ یا ستر ہزار روپے کماتا ہو اس کی یہ آمدنی، معمولی براہِ راست ٹیکس ریلیف اور گھریلو اخراجات کے بجٹ کے سامنے بالکل ناکافی دکھائی دیتی ہے۔ کراچی میں ملیر سے ٹاور تک روزانہ سفر کرنے والے مسافر کے لیے، موٹر سائیکل کا ایندھن یا بڑھتے ہوئے بس کے کرایوں کی لاگت ہی مہینے میں دس سے پندرہ ہزار روپے تک کھا جاتی ہے۔ اور اگر وہ شخص کرائے کے مکان میں رہتا ہو تو اسے کم از کم 000,15 روپے ماہانہ کرایہ، اور 000,9 روپے تک کے بجلی، گیس اور پانی کے بل ادا کرنے پڑتے ہیں جو حکومتی اضافی چارجز سے لدے ہوتے ہیں، اس کے علاوہ کم از کم 000,3 روپے ایک بچے کی اسکول فیس، اور دودھ جیسی ضروری اشیا جس کی قیمت 260 روپے فی لیٹر ہے۔

عشق گر ہے تو جلائے مرے اندر کے چراغ

تحریر: محمد حمید شاہد

سلمان باسط سے میرا تعلق چار دہائیوں سے اوپر ہو چلا ہے۔ اس تعلق کے پس منظر میں دوستی، ادب اور مشترکہ تخلیقی وابستگیوں کی ایک پوری دنیا آباد ہے۔ اس دنیا میں ایک روشن نام روؤف امیر کا بھی تھا:

ہر قدم پر امیر، اس طرح ٹھہرنا، سوچنا کس لیے
وقت چھلنی ہے اور اس میں پانی نہ پُن، ہم سفر بات سن

ہمیں تھام تھام کر اپنی بات سنانے والے رو؟ف امیر ہماری یادوں کا حصہ ہو گئے ہیں، اور ان کی یاد آج بھی ان تعلقات میں نہ صرف خوشبو کی طرح موجود ہے، ہمارے تعلق کو جہتیں اور معنویت میں وسعت کا وسیلہ بھی ہے۔ وقت گزرتا رہا ہے، فاصلے بڑھتے اور کم ہوتے رہے ہیں، مگر اس وسیلے کے بعد سلمان باسط کی شخصیت کے اپنے اوصاف بھی اپنا انفرادی رنگ جماتے رہے ہیں۔ شائستگی، متانت اور ایسی نرم خوئی، ان کے مزاج کا بنیادی حوالہ ہیں اور انہی رنگوں سے ان کی رس دار شخصیت بنی ہے۔

مجھے یاد ہے جب ان کی شاعری سے پہلی بار تعارف ہوا تو "جھیل میں کنکر" سامنے آئی تھی، ایک ایسی کتاب جس میں دو بھائیوں نے تخلیقی شرکت کی تھی۔ بعد میں ان کی خاموشی اور ملک سے دور جا کر اپنی ترجیحات بدل لینے سے، ہم نے شاید نہیں سوچا ہوگا کہ یہ "آدھی کتاب والا شاعر" ایک دن اپنی شاعرانہ شناخت کی طرف لوٹے گا اور "ابریشم" جیسا مکمل شعری مجموعہ لے آئے گا۔

ایسا گماں باندھنے کا سبب یہ رہا ہوگا کہ سلمان باسط محض شاعر نہیں وہ خاکہ نگار بھی ہیں، مترجم بھی، اور یادوں کو تخلیقی متن میں ڈھالنے والے نثر نگار بھی۔ کئی برس پہلے 'خاکی خاکے' کی اشاعت سے مجھے یوں لگا تھا جیسے نثر ان کی ترجیحات میں اوپر ہو گئی تھی۔ حال ہی میں ان کی کتاب "ناسٹلجیا" نے اس خیال کو اور پختہ کیا۔ یہ وہ جادوئی نثر والی کتاب ہے جس نے واضح کر دیا تھا کہ ان کے لیے ماضی محض گزرا ہوا وقت نہیں بلکہ ایک زندہ تجربہ ہے جو حال میں سانس لیتا ہے۔ خیر اب ان کی شاعری کا مجموعہ آیا ہے تو مجھے لگا وہی نثر والا وصف ان کی شاعری میں بھی منتقل ہوا ہے۔ اس اعتبار سے "ابریشم" کو "ناسٹلجیا" کا شعری تسلسل بھی کہا جا سکتا ہے۔

ہر شام خیال کے آنگن میں ایک یاد کا پھول نکھرتا ہے
تا دیر مہکتا رہتا ہے پھر پودارات کی رانی کا

"ابریشم" کا ایک بڑا حوالہ انہی یادوں کی مہک ہے۔ یہ یادیں فرد کی نجی بھی ہیں، وقت کی اجتماعی بھی اور گزرتے ہوئے لمحوں کی بازیافت بھی۔ "پھر اس کے بعد کا عرصہ"، "آخری میٹنگ"، "کبھی لیکچر تھیٹر میں"، "ناسٹلجیا"، "مہربان لمحوں کے نام ایک نظم" اور "ہم وہی لوگ ہیں" جیسی نظمیں اس تجربے کو مختلف زاویوں سے برتتی ہیں۔ یہاں ماضی ایک کھوئی ہوئی جنت نہیں بلکہ انسانی شناخت کا حصہ ہے۔ اس یاد میں حسرت سے زیادہ تفکر ہے۔ وہ گزری ہوئی چیزوں پر نوحہ نہیں کرتے بلکہ ان کے معنوں کو دریافت کرتے ہیں۔

بانو قدسیہ نے قدرت اللہ شہاب کو "مردِ ابریشم" کہا تھا۔ سلمان باسط نے اپنے مجموعے کا نام "ابریشم" رکھا ہے تو یہ محض ایک ملائم لفظ کا انتخاب نہیں۔ ابریشم نرمی، لطافت، ربط اور باطنی تہذیب کی علامت ہے۔ اور لطف یہ ہے کہ یہ لفظ ان کی شخصیت اور شاعری دونوں کا استعارہ بن گیا ہے۔ ان کے ہاں نہ لہجے کی درشتی ہے، نہ اظہار کا شور، نہ معنی آفرینی کا تصنع۔ وہ آہستہ بولنے والے شاعر ہیں اور ان کی شاعری بھی دھیمے سروں میں اپنا اثر قائم کرتی ہے۔

کتاب کے آغاز میں حمد، نعت اور مناجات کا شامل ہونا محض رسمی ترتیب نہیں۔ "شوقِ زیارت کی کشتی"، "اب کے میں روضہ؟ سرکار سے ہو آیا ہوں"، "محمد ﷺ کا آخری خطبہ" اور "لاتثریب علیکم الیوم" جیسی نظمیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ سلمان باسط کی روحانی وابستگی محض عقیدت کے اظہار تک محدود نہیں بلکہ ایک اخلاقی اور تہذیبی شعور میں ڈھلتی ہے۔ ان نظموں میں مذہبی جوش سے زیادہ انسانی وقار، رحم، عفو اور خود احتسابی کی فضا ملتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے ہاں روحانیت وعظ میں تبدیل نہیں ہوتی بلکہ ایک باطنی مکالمے کی صورت اختیار کرتی ہے۔ اقبال نے کہا تھا، اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغِ زندگی، سلمان باسط کی کئی نظمیں اسی من میں ڈوبنے کا قرینہ اور باطنی جستجو کا تسلسل ہیں۔ "تذبذب" (عقیدے کا فسوں رتاریخ کے مبہم حوالے راور کچھ مذہب کے پردے میں جنوں کی کارفرمائی ریہ سب عفریت مجھ کو وقت کی ترتیل کرنے ہی نہیں دیتے)، "مناجات" (خداوندا! تری اقلیم میں رہتے ہوئے اک عمر گزری ہے رمگر اب تک طریقِ بندگی مجھ کو نہیں آیا)، "رائیگانی" (ہم تو حرف غلط تھے رسو مٹ جائیں گے رسب کہی ان کہی رساتھ لے جائیں گے)، "مراجعت" (اے مری شام ابد رمیں تری آواز پر لبیک کہتا آ رہا ہوں) اور "توجیہ" (کبھی کچھ بھی نہیں ہوتا رمگر پھر بھی تعلق ٹوٹ جاتا ہے ربھلا قطع تعلق کی کوئی توجیہہ کیسے ہو) جیسی نظمیں انسان کے اندر برپا ہونے والے ان سوالات کا شعری اظہار ہیں جو عمر، تجربے اور خود شناسی کے ساتھ جنم لیتے ہیں۔ یہاں سلمان باسط دنیا کو کم اور اپنے آپ کو زیادہ مخاطب کرتے ہیں۔ فطرت "ابریشم" کا ایک اور نمایاں حوالہ ہے۔ "ساون موڑ مہار" میں ملہار گاتی بوندوں کے ساتھ ہر خواہش پر بُور آنے لگتا ہے۔ "مری کے راستے پر" سے روشن اور چمکیلے دن سے ملاقات ہوتی ہے تو یادوں کا البم کھلتا ہے اور آنکھوں کے گوشے بھیگ جاتے ہیں، "زمستاں کے نام ایک نظم" میں جاڑا گئے دنوں کی سوغاتیں لے کر آ گیا ہے اور نظم "چھتنار" اس گھنے پیڑ کی یاد میں ہے جو زمین بوس ہو چکا ہے اور جس کے نہ ہونے سے تپتے دنوں کی لُو سے اور راتوں کو ہجر کی آگ میں جھلسنا ہوتا ہے۔ یہ اور ان جیسی نظموں میں فطرت محض منظر نگاری نہیں بلکہ داخلی کیفیات کی توسیع بھی ہے۔

ایک عظیم منصوبے کا احیاء

سلطنت عثمانیہ کی جو تاریخ ہمیں پڑھائی جاتی ہے اس میں جنگ و جدل فتوحات کو نمایاں کیا جاتا ہے یا پھر ان کی افواج کے مظالم اور خلفا کی زندگی محلاتی سازشوں کا ذکر کیا جاتا ہے مگر ان کے لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے والے اقدامات سے صرف نظر کیا جاتا ہے ایسا ہی ایک کارنامہ آج کا میرا موضوع ہے اور اس موضوع پر قلم اس لئے اٹھانا پڑا کے ان کے اس عظیم منصوبے کا ایک سو پچیس سال بعد دوبارہ احیاء کیا جا رہا ہے اور وہ منصوبہ تھا حجاز ریلوے سلطان عبدالحمید دوم نے سن 1900ء میں ایک ایسے تاریخی منصوبے کی بنیاد رکھی جس کا مقصد اسلامی اتحاد کو فروغ دینا، زائرینِ حج کے سفر کو آسان بنانا اور عثمانی سلطنت کے انتظامی کنٹرول کو مضبوط کرنا تھا 1908ء تک یہ ریلوے لائن دمشق سے مدینہ منورہ تک مکمل کر لی گئی

سلطان عبدالحمید دوم نے سن 1900ء میں ایک ایسے تاریخی منصوبے کی بنیاد رکھی جس کا مقصد اسلامی اتحاد کو فروغ دینا، زائرینِ حج کے سفر کو آسان بنانا اور عثمانی سلطنت کے انتظامی کنٹرول کو مضبوط کرنا تھا 1908ء تک یہ ریلوے لائن دمشق سے مدینہ منورہ تک مکمل کر لی گئی۔ اس منصوبے نے اونٹوں کے ذریعے طے ہونے والے 40 دن کے کٹھن سفر کو سمیٹ کر صرف 72 گھنٹوں میں بدل دیا۔ ؟اس عظیم الشان خواب کی سچی تعبیر پانے کا راستہ آسان نہ تھا، عثمانیوں کو اس دوران کئی سخت چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا:

؟ ریگستان میں پینے کے پانی کی شدید قلت۔

؟ سلطنت کا گہرا مالی بحران۔

؟ یورپی طاقتوں کا تمسخر اور مقامی قبائل کی شدید مخالفت۔ ؟ پھر تاریخ نے ایک تاریک موڑ لیا۔ سن 1916ء میں 'لارنس آف عریبیہ' کی قیادت میں اٹھنے والی عرب بغاوت نے اس ریلوے کی پٹڑیوں کو اکھاڑ پھینکا۔ پہلی جنگِ عظیم کے شعلوں نے عثمانی سلطنت کو لپیٹ میں لے لیا۔ جنگ نے پٹڑیاں توڑیں، لارنس نے پل اڑائے، سلطنتیں گریں اور نقشے بدل گئے، جس کے ساتھ ہی یہ ریلوے ہمیشہ کے لیے ویران ہو گئی۔ ؟ اگرچہ 1971ء تک اس کی بحالی کی کئی کوششیں کی گئیں، لیکن بھاری لاگت، علاقائی سیاسی انتشار اور فضائی سفر کی تیزی سے ہوتی ترقی نے ان تمام کوششوں کو ناکام بنا دیا۔

مگر ؟ وقت کی دھول، جنگوں کی تباہی اور سیاست کے بدلتے رنگ بھی اس دیرینہ خواب کو کمزور نہ کر سکیا اور ؟ اب، تقریباً 125 سال بعد، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے حالیہ معاہدے اس بات کی نوید ہیں کہ یہ تاریخی خواب ایک بار پھر انگڑائی لے کر بیدار ہو رہا ہے۔

اس بار یہ منصوبہ صرف مدینہ منورہ تک محدود نہیں رہے گا، بلکہ اس کا دائرہ کار عمان سے ہوتا ہوا بحرِ ہند تک پھیلایا جائے گا — جو خطے میں معاشی اور روحانی رابطوں کا ایک نیا اور عظیم الشان باب بنے گا۔

اور خطہ عرب ایک بار پھر دنیا کا معاشی حب بنے گا اور جس طرح عثمانی خلافت میں مسلمان ایک سپر پاور تھے وہ روشن دور پھر مسلمانوں کا مقدر بنیگا

دیارِ غیر میں دھڑکتا پنجاب، شکاگو کی شام، سخنوروں کے نام

تحریر: شہزاد فراموش

مٹی کی خوشبو سرحدوں کی قید سے آزاد ہوتی ہے اور جب یہ خوشبو لفظوں کا روپ دھار کر کسی پردیس میں بکھرتی ہے، تو اجنبی راستے بھی اپنی گلیوں جیسے لگنے لگتے ہیں۔ سات سمندر پار، جہاں بلند عمارتیں انسان کو اپنی جڑوں سے دور کر دیتی ہیں، اگر وہاں کچھ ادب شناس مل بیٹھیں تو دھرتی ماں کی بولی کا ایک ایک لفظ شفا بن کر دلوں پر اترتا ہے۔ کچھ ایسا ہی سحر انگیز منظر نامہ گزشتہ دنوں امریکہ کے شہر شکاگو میں دیکھنے کو ملا، جہاں پنجاب کی سانجھی تہذیب، محبت کی پنجابی زبان اور تخلیق کے رنگ اکٹھے سجے۔ یہ ادبی نشست دیارِ غیر میں بسنے والے پنجابیوں کے دلوں کی دھڑکن بن گئی، جسے "سخنور پنجاب" نے شکاگو کی ایک شام کو سونپ دیا تھا۔ تصور کیجیے کہ ایک ایسا ایوان جہاں مشرق اور مغرب کے پنجابی اکٹھے ہو کر گلے مل رہے ہوں، جہاں امرتسر کی ہوا، لاہور کی فضا کا لمس ایک ساتھ محسوس کیا جا رہا ہو، جہاں پنجابی شاعری کا جادو سر چڑھ کر بول رہا ہو، وہ کیا شاندار تقریب ہوگی۔ کینیڈا، بھارت، پاکستان اور امریکہ کی مختلف ریاستوں سے علم و ادب کے آفتاب اور ماہتاب ایک چھت تلے جمع تھے۔ یوں لگا جیسے شکاگو کی ہواؤں میں وارث شاہ کی ہیر، بلھے شاہ کی کافی، شوکمار کے گیت اور بابا فرید کے اشلوک کی مٹھاس گھل گئی ہو۔ یہ مشاعرہ اس بات کا ثبوت تھا کہ مٹی کی محبت اور مادری زبان کا رشتہ جغرافیائی لکیروں سے کہیں زیادہ طاقتور اور پائیدار ہوتا ہے۔

امریکہ کی سرزمین پر پنجابی زبان و ادب کی بقا، ترویج اور فروغ کے لیے جو چند ادارے اپنی پوری توانائی کے ساتھ مصروفِ عمل ہیں، ان میں "سخنور پنجاب" کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ یہ دراصل "سخنور شکاگو" کی ایک ذیلی شاخ ہے جس نے پردیس میں سچے پنجابی کلچر کو زندہ رکھنے کا بیڑہ اٹھایا ہے۔ اس یادگار اور تاریخی شام کی روحِ رواں، اس کے اصل معمار اور شکاگو کی ممتاز ادبی شخصیت عابد رشید ہیں۔ ان کی پنجابی ادب کے لیے مسلسل اور انتھک کاوشیں ڈھکی چھپی نہیں۔ پردیس کی مصروف زندگی میں جہاں ہر شخص وقت کی کمی کا رونا روتا ہے، عابد رشید نے دن رات کی محنت سے اس مشاعرے کو ممکن بنایا۔ انہوں نے نہ صرف دونوں پنجابوں کے لکھاریوں کو مشترکہ پلیٹ فارم مہیا کیا، بلکہ ثابت کیا کہ اگر نیت سچی ہو تو دوریاں کبھی بھی تہذیبی ملاپ کے راستے میں رکاوٹ نہیں بن سکتیں۔

اس شام کو خوبصورت یادوں میں بدلنے کے لیے سٹیج کی کمان طاہرہ ردا نے سنبھالی۔ انہوں نے اپنی مدھر آواز، شگفتہ بیانی اور پنجابی کے خوبصورت اشعار کے ساتھ مشاعرے کی نظامت کے فرائض اس انداز سے ادا کیے کہ ہر لمحہ سامعین کی توجہ سٹیج پر مرکوز رہی۔ شعر کہنے کی باری ہو یا کسی مہمان کا تعارف، طاہرہ ردا کے جملوں کا چناؤ انتہائی شاعرانہ اور جاندار تھا۔ صدارت پنجابی کے ممتاز اور سینئر شاعر ساجد چودھری نے کی، جن کی موجودگی نے ایوان کو وقار بخشا۔ اس ادبی گلدستے میں شعرا کے ساتھ کچھ نامور سماجی اور ثقافتی شخصیات نے بھی خیالات کا اظہار کیا جن میں اونکار سنگھ سانگھا، ریاض بابر، راجندر سنگھ ماگھو اور کراچی سے طارق معین شامل تھے۔ ان شخصیات نے "سخنور پنجاب" کی خدمات کو سراہا اور زور دیا کہ نئی نسل کو مادری زبان سے جوڑے رکھنے کے لیے ایسی تقریبات کا تسلسل بے حد ضروری ہے۔

مشرقی پنجاب سے آئے ہوئے قومی ایوارڈ یافتہ، نامور ڈرامہ نگار، تھیٹر کے بادشاہ اور ادبی ہستی ڈاکٹر آتم جیت سنگھ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ انکے دانشورانہ لمس نے پوری محفل کو سنجیدہ اور ادبی رنگ دیا۔ ڈاکٹر آتم جیت سنگھ کے ساتھ انڈیانا سے تشریف لائے ممتاز شاعر روندر سنگھ سہرا نے کلام سنایا جس میں محبت، امن اور سانجھے پنجاب کی بات کی گئی، ان کا کلام سیدھا دلوں میں اترا۔

مشاعرے میں ڈاکٹر اختر حسین سندھو (پاکستان) کے کلام میں مٹی کی خوشبو اور روایتی پنجابی رنگ نمایاں تھا، جس نے لاہور اور لائل پور کی یادیں تازہ کر دیں۔ اعجاز حسین بھٹی (نیویارک) نے ہجرت کے دکھ اور پردیس کے موسموں کو خوبصورت لفظوں کا جامہ پہنایا۔ راکند کور (انڈیانا) کی شاعری میں ایک گہرا احساس اور دھیما پن تھا جس نے خواتین کی بھرپور نمائندگی کی۔ عابد رشید نے منتظم ہونے کے ساتھ جب مائیک سنبھالا تو ان کے اشعار نے ثابت کیا کہ ان کا دل واقعی پنجابی زبان کے لیے دھڑکتا ہے۔ غلام مصطفےٰ انجم کے کلام میں بلا کا اثر اور روانی تھی، جس نے محفل کو نئے جوش سے بھر دیا۔ ساجد چودھری کے صدارتی کلام میں فکری گہرائی اور فن کی پختگی نمایاں تھی، جس نے سب کو داد دینے پر مجبور کیا۔ راج لالی اور کشش ہوشیار پوری نے اپنے مخصوص انداز میں جدید دور کے مسائل اور جذباتی رشتوں کو موضوع بنایا۔ گرلین کور اور طاہرہ ردا نے نسائی احساسات اور پنجابی تہذیب کے خوبصورت پہلوؤں کو بڑی خوبصورتی سے اجاگر کیا۔ راز رنگونی اور بدر اسلام بدر (شکاگو) نے اپنے کلام سے ثابت کیا کہ وہ کسی بھی بین الاقوامی سطح کے شاعر سے کم نہیں۔ سخنور پنجاب کے مشاعروں کی ایک خاص بات ان کا اعلیٰ درجے کا نظم و ضبط ہے۔ مہمانوں کے استقبال سے لے کر ان کے بیٹھنے اور وقت کی پابندی تک، ہر چیز انتہائی سلیقے سے ترتیب دی گئی تھی۔ ادبی تشنگی کو دور کرنے کے ساتھ ساتھ منتظمین نے مہمانوں کیلئے پروقار ڈنر کا بھی اہتمام کیا۔ منتظم عابد رشید کا کہنا تھا کہ یہ یادگار مشاعرہ بہت جلد یوٹیوب پر پنجاب سخنور کے چینل پر نشر کیا جائے گا، جہاں دنیا بھر میں بسنے والے لاکھوں پنجابی اس سحر انگیز محفل سے لطف اندوز ہو سکیں گے۔ انہوں نے تمام شعرا، معزز مہمانوں اور سامعین کا شکریہ ادا کیا جن کی شرکت نے تقریب کو لافانی بنا دیا۔ شکاگو کی اس شام کی خوشبو دیر تک دلوں کے دالان میں مہکتی رہے گی۔

ایران امریکہ عبوری معاہدہ: امن کی پہلی کرن یا نئے طوفان؟

تحریر: ندیم احمد فاروقی

ایران اور امریکہ کے درمیان حالیہ عبوری معاہدے نے مشرقِ وسطیٰ کی سیاست میں ایک نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ بعض حلقے اسے امن کی جانب پہلا قدم قرار دے رہے ہیں، جبکہ کچھ ماہرین کے نزدیک یہ صرف ایک عارضی وقفہ ہے جو کسی بڑے تصادم سے پہلے کا سکوت بھی ثابت ہو سکتا ہے۔ پاکستان کی ثالثی میں طے پانے والے اس معاہدے نے کئی ماہ سے جاری فوجی کشیدگی کو وقتی طور پر روکنے میں کامیابی حاصل کی ہے، لیکن بیشتر مبصرین اسے مستقل امن کی بجائے ایک عبوری جنگ بندی تصور کر رہے ہیں۔ پاکستان کی ثالثی میں طے پانے والے اس معاہدے نے کئی ماہ سے جاری فوجی کشیدگی کو وقتی طور پر روکنے میں کامیابی حاصل کی ہے، لیکن بیشتر مبصرین اسے مستقل امن کی بجائے ایک عبوری جنگ بندی تصور کر رہے ہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ کیا یہ معاہدہ پائیدار امن کی بنیاد بنے گا یا ایک نئے اور زیادہ پیچیدہ بحران کا پیش خیمہ ثابت ہوگا؟ اس معاہدے کا سب سے فوری اور مثبت پہلو فوجی کارروائیوں میں نمایاں کمی ہے۔ جس انداز سے دونوں ممالک ایک دوسرے کے خلاف محاذ آرا تھے، اس سے نہ صرف خلیجی ریاستیں بلکہ پوری عالمی معیشت خطرات سے دوچار ہو رہی تھی۔ معاہدے کے نتیجے میں تیل کی اہم بحری گزرگاہوں کی بحالی کی امید پیدا ہوئی ہے، جس سے عالمی منڈیوں میں نسبتاً استحکام آیا ہے۔ معاہدے کے نتیجے میں تیل کی اہم بحری گزرگاہوں کی بحالی کی امید پیدا ہوئی ہے، جس سے عالمی منڈیوں میں نسبتاً استحکام آیا ہے۔ اسی طرح ایران کو اپنے بعض منجمد اثاثوں تک رسائی ملنے کی توقع ہے، جو اس کی معیشت کے لیے ایک محدود مگر اہم ریلیف ثابت ہو سکتی ہے۔

تاہم حقیقت یہ ہے کہ اس معاہدے نے سب سے حساس اور بنیادی مسائل کو ابھی حتمی طور پر حل نہیں کیا۔ ایران کا ایٹمی پروگرام، اس کے طویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائل، اور خطے میں اس کی حمایت یافتہ مسلح تنظیموں کا معاملہ بدستور مذاکرات کا حصہ ہے۔ مستقبل کا انحصار انہی پیچیدہ موضوعات پر ہونے والی پیش رفت پر ہوگا۔ اگر بعض حلقے اس معاہدے کو ایران کی سفارتی کامیابی قرار دیتے ہیں تو اس کے خطے کے دیگر ممالک پر بھی دور رس اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ ایران اسے امریکی دباؤ اور پابندیوں کے باوجود اپنی ثابت قدمی کی علامت کے طور پر پیش کر رہا ہے، جس سے مشرقِ وسطیٰ میں طاقت کے توازن کا نیا حساب کتاب جنم لے سکتا ہے۔ خلیجی ممالک، بالخصوص سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات، اس صورتحال کا بغور جائزہ لے رہے ہیں۔ امریکہ اور ایران کے درمیان اس پیش رفت نے ان ممالک کو اپنی سلامتی کی حکمتِ عملی پر از سرِ نو غور کرنے پر مجبور کیا ہے۔

اگر بعض حلقے اس معاہدے کو ایران کی سفارتی کامیابی قرار دیتے ہیں تو اس کے خطے کے دیگر ممالک پر بھی دور رس اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ ایران اسے امریکی دباؤ اور پابندیوں کے باوجود اپنی ثابت قدمی کی علامت کے طور پر پیش کر رہا ہے، جس سے مشرقِ وسطیٰ میں طاقت کے توازن کا نیا حساب کتاب جنم لے سکتا ہے۔ خلیجی ممالک، بالخصوص سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات، اس صورتحال کا بغور جائزہ لے رہے ہیں۔ امریکہ اور ایران کے درمیان اس پیش رفت نے ان ممالک کو اپنی سلامتی کی حکمتِ عملی پر از سرِ نو غور کرنے پر مجبور کیا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ یورپی اور ایشیائی طاقتوں کے ساتھ دفاعی تعاون بڑھائیں، اپنی عسکری صلاحیتوں کو مزید مضبوط کریں یا خطے میں نئے اتحاد تشکیل دیں۔ امریکہ اور ایران کے درمیان اس پیش رفت نے ان ممالک کو اپنی سلامتی کی حکمتِ عملی پر از سرِ نو غور کرنے پر مجبور کیا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ یورپی اور ایشیائی طاقتوں کے ساتھ دفاعی تعاون بڑھائیں، اپنی عسکری صلاحیتوں کو مزید مضبوط کریں یا خطے میں نئے اتحاد تشکیل دیں۔ ایسی تبدیلیاں مستقبل کی جغرافیائی سیاست پر گہرے اثرات مرتب کر سکتی ہیں۔ اسرائیل کا موقف اس معاملے میں مختلف ہے۔ اسرائیلی قیادت بارہا اشارہ دے چکی ہے کہ وہ اپنی سلامتی کے معاملات میں آزادانہ فیصلہ کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے اور ضرورت پڑنے پر یک طرفہ فوجی کارروائی سے بھی گریز نہیں کرے گیا سرائیلی قیادت بارہا اشارہ دے چکی ہے کہ وہ اپنی سلامتی کے معاملات میں آزادانہ فیصلہ کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے اور ضرورت پڑنے پر یک طرفہ فوجی کارروائی سے بھی گریز نہیں کرے گی۔ اسرائیل ایران کے جوہری پروگرام اور اس کی علاقائی سرگرمیوں کو اپنے لیے ایک وجودی خطرہ سمجھتا ہے، اس لیے مستقبل میں کسی بھی مرحلے پر نئی کشیدگی کو خارج از امکان قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اس پوری صورتحال میں پاکستان ایک اہم سفارتی کردار کے ساتھ ابھرا ہے۔ اگرچہ اس ثالثی نے اسلام آباد کی عالمی سفارتی اہمیت میں اضافہ کیا ہے اور ایران کے ساتھ اقتصادی و توانائی تعاون کے نئے امکانات پیدا کیے ہیں، لیکن اس کے ساتھ پاکستان پر یہ ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے خلیجی شراکت داروں، امریکہ اور ایران کے درمیان متوازن خارجہ پالیسی برقرار رکھے۔ یہی توازن مستقبل میں اس کی سب سے بڑی آزمائش ہوگا۔ مستقبل کے حوالے سے کئی امکانات موجود ہیں۔ پہلا یہ کہ اگر آئندہ مذاکرات ناکام ہوئے یا کسی بھی فریق نے معاہدے کی خلاف ورزی کی تو دوبارہ جنگ بھڑک سکتی ہے۔

دوسرا، دونوں ممالک طویل المدت جنگ بندی پر متفق ہو جائیں مگر پراکسی محاذوں پر کشیدگی جاری رہے۔ تیسرا، ایران کی مضبوط ہوتی پوزیشن خلیجی ممالک کو نئے دفاعی اتحاد قائم کرنے پر آمادہ کرے، جہاں چین یا روس کا کردار بھی بڑھ سکتا ہے اور پاکستان ایک کلیدی ثالث کی حیثیت اختیار کر سکتا ہے۔ چوتھا، اور شاید سب سے مشکل راستہ، ایک جامع امن معاہدہ ہے جس کے لیے دہائیوں پر محیط بداعتمادی اور تنازعات کا خاتمہ ناگزیر ہوگا۔

تاریخ گواہ ہے کہ بندوقوں کی خاموشی ہمیشہ امن کی ضمانت نہیں ہوتی۔ اصل امتحان مذاکراتی میز پر اعتماد، برداشت اور سیاسی بصیرت کا ہوتا ہے۔ آنے والے مہینے طے کریں گے کہ یہ معاہدہ مشرقِ وسطیٰ میں پائیدار امن کی بنیاد بنتا ہے یا محض ایک ایسی مہلت ثابت ہوتا ہے جس کے بعد ایک نئی اور شاید زیادہ خطرناک کشیدگی جنم لے۔

انٹرنیشنل

ی صدر اور کینیڈا کے موسیقار برائن ایڈمز نے جرمنی کے غیر ملکی امن اور فوجی مشنوں کے سابق فوجیوں کو اعزاز دینے کے لیے ریخشٹگ کے باہر ایک تقریب میں جنگی تجربہ کاروں پر تصویری نمائش

ٹرمپ امریکی اخبار کی خبر پر برس پڑے، بدعنوان قرار دیدیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ امریکی اخبار کی خبر پر برس پڑے، ''بدعنوان'' قرار دے دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹرمپ نے ایک بیان میں کہا کہ چار ماہ کی ایران جنگ کے بعد زیادہ تبدیلی نہ لانے کا امریکی اخبار کا دعوی غلط ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی فوج، بحریہ اور فضائیہ ختم ہو چکی ہے، لانچنگ پیڈز، میزائل ڈرونز کی تیاری کی ایرانی صلاحیت بھی تقریباً ختم ہو چکی۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایرانی اعلیٰ قیادت ختم ہو چکی، آبنائے ہرمز کھلی ہوئی ہے اور تیل کی ترسیل جاری ہے، امریکی اسٹاک مارکیٹ ریکارڈ سطح پر ہے، یہ وہ تبدیلیاں ہیں جو رونما ہوئی ہیں۔ ایران جنگ کے بعد زیادہ تبدیلی نہ لانے کا امریکی اخبار کا دعوی غلط ہے، بیان

ماحولیاتی کارکنان، سول سوسائٹی کے گروپس، خاندان، اور البانوی باشندوں کے ارکان بینرز، پلے کارڈز اور البانیائی پرچم اٹھائے وزیراعظم کے دفتر کے باہر جمع ہو رہے ہیں

برطانوی وزیراعظم کا مستعفی ہونے کا اعلان، الوداعی پیغام میں آبدیدہ ہو گئے

اب میں بہترین شوہر اور بہترین باپ بننے پر توجہ مرکوز کروں گا، کیئر اسٹارمر

لندن (نیوز ایجنسی) برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا ہے۔ لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اپنے الوداعی پیغام میں برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر آبدیدہ ہو گئے۔ انہوں نے کہا میری قیادت میں برطانیہ نے ترقی کی ہے، اتحادیوں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنایا۔ انہوں نے کہا کہ دو سال پہلے منصب سنبھالا تو انتہائی پر جوش تھا۔ برطانوی عوام کی فلاح و بہبود میری ترجیح رہی۔ دو سال میں ہم نے اپنی پارٹی اور معیشت کو مضبوط کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ معیشت کو دو سال میں مضبوط کیا، ہمیں بار بار بتایا گیا کہ ہماری پارٹی کمزور اور ختم ہو گئی ہے۔ تبدیلیاں راتوں رات نہیں آتیں، وقت درکار ہوتا ہے۔ آنے والے وزیراعظم سے مکمل تعاون اور حمایت کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے فیصلے سے برطانوی بادشاہ کو بھی آگاہ کر دیا ہے۔ انہوں نے اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ ابھی سوال یہ نہیں ہو رہا ہے کہ لیبر پارٹی میں تبدیلی کون لائے گا۔ بلکہ سوال یہ ہو رہا ہے کہ میں اگلے الیکشن میں پارٹی کو لیڈ کرنے کیلئے موزوں ہوں یا نہیں تو اس کا جواب میں قبول کرتا ہوں اور پارٹی کی لیڈرشپ سے بھی مستعفی ہوتا ہوں۔ اب میں بہترین شوہر اور بہترین باپ بننے پر توجہ مرکوز کروں گا، کیئر اسٹارمر

سوئٹزرلینڈ میں مذاکراتی وفد کا کام مکمل ہو گیا، تکنیکی ٹیمیں اپنا کام جاری رکھیں گی، ایران

حتمی معاہدے کے آغاز کے لیے مذاکرات کی بنیاد رکھنے پر بات چیت کی گئی، ترجمان وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے تصدیق کی ہے کہ سوئٹزرلینڈ میں مذاکراتی وفد کا کام مکمل ہو گیا ہے، تکنیکی ٹیمیں اپنا کام جاری رکھیں گی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا کہ سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے مذاکرات کے حوالے سے اعلامیہ قطر اور پاکستان کی جانب سے جاری کیا جائے گا۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق آبنائے ہرمز میں جہازوں کی محفوظ آمدورفت کا میکانزم ترتیب دینے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ حتمی معاہدے کے آغاز کے لیے مذاکرات کی بنیاد رکھنے پر بات چیت کی گئی، بات چیت میں دوسرے فریق کی ذمہ داریوں پر عملدرآمد سے متعلق اچھی پیش رفت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ سوئٹزرلینڈ میں مذاکراتی وفد کا کام مکمل ہو گیا، تکنیکی ٹیمیں اپنا کام جاری رکھیں گی۔ عملی اور تکنیکی پہلوؤں پر کام ابھی باقی ہے۔ یاد رہے کہ اتوار کو ایرانی، امریکی وفود، پاکستان اور قطر کے ثالثوں کی موجودگی میں سوئٹزرلینڈ کے علاقے برگن سٹاک میں مذاکرات ہوئے۔

اسرائیل کا جنوبی لبنان میں بیوفورٹ قلعہ کا قبضہ چھوڑنے سے انکار

بیوفورٹ قلعہ کا علاقہ لبنان میں قائم سکیورٹی زون کا لازمی حصہ ہے اور الجلیل کی بستیوں اور اسرائیلی فوج کے دفاع کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے

بیروت: (دنیا نیوز) اسرائیل نے جنوبی لبنان میں بیوفورٹ قلعہ سے انخلا نہ کرنے کا اعلان کر دیا۔ اسرائیل کے وزیرِ دفاع اسرائیل کاٹز نے کہا ہے کہ اسرائیل کا جنوبی لبنان میں واقع بیوفورٹ قلعہ کے علاقے سے انخلا کا کوئی ارادہ نہیں اسرائیل کاٹز نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ بیوفورٹ قلعہ کا علاقہ لبنان میں قائم سکیورٹی زون کا لازمی حصہ ہے اور الجلیل کی بستیوں اور اسرائیلی فوج کے دفاع کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی حکومت اس علاقے کو اپنی دفاعی حکمت عملی کا اہم جزو سمجھتی ہے اور موجودہ حالات میں وہاں سے فوجی انخلا زیر غور نہیں۔ بیوفورٹ تاریخی پہاڑی قلعہ ہے جسے اسرائیلی فوج نے گزشتہ ماہ جنوبی لبنان میں فوجی کارروائیوں کے دوران اپنے کنٹرول میں لیا تھا۔ بیوفورٹ قلعہ کا علاقہ لبنان میں قائم سکیورٹی زون کا لازمی حصہ ہے اور الجلیل کی بستیوں اور اسرائیلی فوج کے دفاع کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے بیوفورٹ قلعہ کا علاقہ لبنان میں قائم سکیورٹی زون کا لازمی حصہ ہے اور الجلیل کی بستیوں اور اسرائیلی فوج کے دفاع کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے

سوئٹزرلینڈ میں مذاکرات کے بعد ایرانی وفد واپس روانہ

چاروں فریق مذاکرات میں ہونیوالی پیش رفت پر مطمئن دکھائی دیئے، رپورٹ

تہران (این این آئی) ایرانی وفد سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے چار فریقی مذاکرات مکمل ہونے کے بعد واپس روانہ ہو گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک امریکی سفارتکار کا کہنا تھا کہ ایران سے مذاکرات میں آبنائے ہرمز کھلا رکھنے پر اچھی پیش رفت ہوئی ہے، بات چیت مثبت رہی اور فریقین نے لبنان میں جنگ بندی موثر بنانے پر زور دیا۔ امریکی سفارتکار کے مطابق مذاکرات میں لبنان میں کشیدگی کم رکھنے کے طریقہ کار پر بھی بات ہوئی۔ سفارتکار نے بتایا کہ امریکا نے واضح کیا کہ وہ آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر کھلا دیکھنا چاہتا۔ امریکی سفارتکار کے مطابق سیاسی قیادت اور تکنیکی ٹیموں کے درمیان آئندہ رابطوں کے فریم ورک پر بھی اتفاق ہوا، چاروں فریق ہونے والی پیش رفت پر مطمئن دکھائی دیے۔ چاروں فریق مذاکرات میں ہونیوالی پیش رفت پر مطمئن دکھائی دیئے، رپورٹ

ایڈنبرگ: سکاٹ لینڈ کی LGBTQ کمیونٹی پرائیڈ ایڈنبرا کے دوران جمع ہو رہی ہے

اسرائیل لبنان میں موجودگی برقرار نہیں رکھ سکتا، حزب اللہ

بیروت (این این آئی) حزب اللہ کے سربراہ نعیم قاسم نے کہا کہ اسرائیل لبنان میں اپنی موجودگی برقرار نہیں رکھ سکتا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نعیم قاسم نے ایک بیان میں کہا کہ لبنان جنگ بندی کی کسی بھی خلاف ورزی کا جواب دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ نیتن یاہو نے ایران کے خلاف جارحیت کے لیے ٹرمپ کو آمادہ تو کر لیا لیکن اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ حزب اللہ کے سربراہ نے مزید کہا کہ آج ایران اپنے سپریم لیڈر کی شہادت کے باوجود پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہے۔ لبنان جنگ بندی کی کسی بھی خلاف ورزی کا جواب دیں گے، بیان آج ایران اپنے سپریم لیڈر کی شہادت کے باوجود پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہے۔

برمنگھم: "مارچ فار امیگریشن" برطانیہ فرسٹ کے رہنما ریلی قیادت کر رہے ہیں

سپورٹس SPORTS

سڈنی: الیانز اسٹیڈیم میں سڈنی روسٹرز اور کرونولا شارک کے درمیان راؤنڈ 16 این آر ایل میچ کے دوران روسٹرز کے ٹومی تلاؤ اونچی گیند لے رہے ہیں

کیپ ورڈی کا یوراگوئے سے میچ دو، دو گول سے برابر، دونوں ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹ مل گیا

لاس اینجلس (این این آئی) فٹ بال ورلڈ کپ میں نووارد کیپ ورڈی کی ٹیم نے ایک اور شاندار پرفارمنس کے ذریعے مزید ایک پوائنٹ حاصل کر لیا، یوراگوئے جیسی تجربہ کار ٹیم کے خلاف مقابلہ دو، دو گول سے برابر کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فٹ بال ورلڈ کپ میں گروپ ایچ میں یوراگوئے اور کیپ ورڈی کے درمیان کھیلے جانے والے میچ کو ماہرین جاری ورلڈ کپ کا سب سے بہترین مقابلہ قرار دے رہے ہیں، ایک نووارد ٹیم کیپ ورڈی ایک تجربہ کار ٹیم یوراگوئے کے خلاف ڈٹ گئی، مقابلہ دو، دو گول سے ڈرا کر کے ایونٹ میں اپنا دوسرا پوائنٹ بھی حاصل کر لیا۔ میچ میں اسکورنگ کا آغاز کیپ ورڈی کی جانب سے ہوا، کیون پیپانے 21 ویں منٹ میں برتری دلائی

لاس ویگاس: گولڈن اسٹیٹ والکیریز کی کائیلا چارلس #6 نے مائیکلوب الٹرا ایرینا میں اپنے کھیل کے تیسرے کوارٹر میں لاس ویگاس ایسز کی بریانا ٹرنر #21 کے خلاف ڈرائیو کر رہے ہیں

دوسرے ٹیسٹ میچ میں نیوزی لینڈ کی انگلینڈ کو 253 رنز سے شکست

463 رنز کے ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں 209 رنز پر آؤٹ ہو گئی

لندن: (ویب ڈیسک) نیوزی لینڈ نے دوسرے ٹیسٹ میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے انگلینڈ کو 253 رنز سے شکست دے دی اور تین میچوں کی سیریز 1-1 سے برابر کر دی۔ 463 رنز کے ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں 209 رنز پر آؤٹ ہو گئی، میزبان ٹیم کی جانب سے کپتان جو روٹ 77 اور ہیری بروک 58 رنز کے ساتھ نمایاں رہے، تاہم دیگر بلے باز خاطر خواہ مزاحمت نہ کر سکے۔ نیوزی لینڈ کے فاسٹ بولر میٹ ہینری نے دوسری اننگز میں تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے 6 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ میچ میں مجموعی طور پر ان کی وکٹوں کی تعداد 11 رہی۔ کائل جیمیسن نے 3 اور ول رورک نے ایک وکٹ اپنے نام کی۔ اس سے قبل نیوزی لینڈ نے پہلی اننگز میں 391 اور دوسری اننگز میں 362 رنز سکور کیے تھے، جواب میں انگلینڈ کی ٹیم پہلی اننگز میں 291 اور دوسری اننگز میں 209 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ اس فتح کے ساتھ نیوزی لینڈ نے تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز 1-1 سے برابر کر دی ہے، جبکہ سیریز کا فیصلہ کن اور آخری ٹیسٹ میچ جمعرات سے ناٹنگھم میں کھیلا جائے گا۔ 463 رنز کے ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں 209 رنز پر آؤٹ ہو گئی دوسرے ٹیسٹ میچ میں نیوزی لینڈ کی انگلینڈ کو 253 رنز سے شکست

ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، ویسٹ انڈیز نے سری لنکا اور جنوبی افریقا نے انڈیا کو ہرا دیا

سری لنکا کی ٹیم 98 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی، ویسٹ انڈین ٹیم نے پانچ وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ اسکور حاصل کر لیا

برسٹل (این این آئی) آئی سی سی ویمن ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں ویسٹ انڈیز نے سری لنکا کو اور جنوبی افریقا نے انڈیا کو چھ وکٹ سے شکست دیدی۔ برسٹل میں کھیلے گئے میچ میں سری لنکا کی ٹیم 98 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی، ویسٹ انڈین ٹیم نے پانچ وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ اسکور حاصل کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق میچ میں سری لنکا کی ٹیم بیٹنگ میں خاطر خواہ کارکردگی نہ دکھا سکی اور پوری ٹیم 98 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی، سری لنکا کی جانب سے نیلاکشی ڈی سلوا 30 رنز کے ساتھ نمایاں بیٹر رہیں جبکہ ویسٹ انڈیز کی کپتان ہیلی میتھیوز نے تین وکٹیں حاصل کیں اور سری لنکن بیٹنگ لائن کو مشکلات سے دوچار رکھا۔ 99 رنز کے ہدف کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز نے 16 اعشاریہ ایک اوورز میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ اسکور حاصل کر کے میچ اپنے نام کیا، ویسٹ انڈیز کی جانب سے اسٹیفنی ٹیلر 27 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہیں۔ دن کے دوسرے میچ میں جنوبی افریقا نے انڈیا کو چھ وکٹ سے شکست دی، میچ میں بھارت نے پہلے کھیلتے ہوئے 7 وکٹ پر 158 رنز بنائے، شیفالی ورما نے 31 اور دیپتی شرما نے 29 رنز اسکور کیے جبکہ میریزین کیپ نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ جنوبی افریقا نے 159 رنز کا ہدف پانچ گیندوں قبل حاصل کر لیا،

میدان میں میچ کھیلنے سے قبل گلوکار کرن اوجلا کا خاص گیت سنتا ہوں، ویرات کوہلی

جب لوگ امید چھوڑ دیتے ہیں، میں اس وقت میچ کا پانسا پلٹنے کی کوشش کرتا ہوں، بھارتی بیٹر کی گفتگو

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ٹیم کے اسٹار بیٹسمین ویرات کوہلی نے انکشاف کیا ہے کہ وہ میدان میں میچ کھیل کیلئے اترنے سے پہلے نامور پنجابی گلوکار کرن اوجلا کا ایک خاص گانا باقاعدگی سے سنتے ہیں کیونکہ یہ گانا ان کی اپنی زندگی کے سفر کی عکاسی کرتا ہے۔ ایک حالیہ تقریب کے دوران ویرات کوہلی نے کرن اوجلا کے سامنے ان کے گانے ونگ اسپیچ کی دل کھول کر تعریف کی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ویرات کوہلی نے کرن اوجلا سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آپ دل سے گانے لکھتے ہیں، میں آپ کے جس گانے سے سب سے زیادہ متاثر ہوں وہ ونگ اسپیچ ہے کیونکہ یہ اس مشکل سفر کو بیان کرتا ہے جس سے آپ گزرے ہیں۔ ویرات کوہلی نے کہا کہ میں اس میں اپنے رشتوں اور اپنے سفر کی جھلک دیکھتا ہوں۔ میں نے بھی بہت چھوٹی عمر میں اپنے والد کو کھو دیا تھا (جیسا کہ آپ کی زندگی میں ہوا)، اسی لیے یہ گانا میرے دل کے بہت قریب ہے۔ میں اکثر میچ کھیلنے کے لیے میدان میں اترنے سے پہلے اسے سنتا ہوں۔ تقریب میں کوہلی نے میچ کی سنسنی خیز صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ جب لوگ امید چھوڑ دیتے ہیں، میں اس وقت میچ کا پانسا پلٹنے کی کوشش کرتا ہوں۔

فیفا ورلڈ کپ، مصر نے نیوزی لینڈ کو 3-1 سے شکست دے کر ایونٹ میں اپنی پہلی کامیابی حاصل کر لی

لاس اینجلس (این این آئی) مصر نے فیفا ورلڈ کپ میں تاریخ رقم کرتے ہوئے نیوزی لینڈ کو 3-1 سے شکست دے کر ایونٹ میں اپنی پہلی کامیابی حاصل کر لی۔ اس شاندار فتح میں اسٹار فارورڈ محمد صلاح نے مرکزی کردار ادا کیا جن کی عمدہ کارکردگی نے ٹیم کی ناک آؤٹ مرحلے میں رسائی کی امیدیں مزید روشن کر دیں۔ میچ کے پہلے ہاف میں نیوزی لینڈ نے بہتر حکمت عملی اپنائی اور کارنر کک پر فن سرمین کے ہیڈر کی بدولت برتری حاصل کر لی۔ مصر وقفے تک ایک گول کے خسارے میں رہا تاہم دوسرے ہاف میں ٹیم نے جارحانہ انداز اپناتے ہوئے میچ کا نقشہ بدل دیا، 58 ویں منٹ میں مصطفیٰ زیکو نے محمد ہانی کے کراس پر شاندار ہیڈر کے ذریعے اسکور برابر کیا۔ اس کے بعد محمد صلاح نے گیند کو جال میں پہنچا کر مصر کو برتری دلا دی۔ آخری مراحل میں صلاح نے ایک اور موقع پیدا کیا جس سے محمود تریزیگیہ نے ہیڈر کے ذریعے تیسرا گول اسکور کر دیا۔ اس کامیابی کے بعد مصر دو میچوں میں چار پوائنٹس کے ساتھ گروپ جی میں سرفہرست آ گیا ہے جبکہ نیوزی لینڈ ایک پوائنٹ کے ساتھ آخری پوزیشن پر موجود ہے۔ میچ کے اختتام پر مصری شائقین نے بھرپور جشن منایا

گرانڈ ریپڈز: بلیتھفیلڈ کنٹری میں میجر ایل پی جی اے کلاسک فارسیپلی گیو 2026 کے فائنل راؤنڈ کے دوران انگلینڈ کی لوٹی ووڈ 10 ویں ہول پر شاٹ کھیل رہی ہے

فیفا ورلڈ کپ، بیلجیئم اور ایران کا میچ بغیر کسی گول کے برابر

لاس اینجلس (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 میں بیلجیئم اور ایران کے درمیان مقابلہ بغیر کسی گول کے برابر رہا۔ لاس اینجلس اسٹیڈیم میں کھیلے گئے گروپ جی کے میچ میں ایران اور بیلجیئم کے درمیان مقابلہ اچھا رہا۔ پہلے ہاف کے 28 ویں منٹ میں ایک فری کک پر گیند بیلجیئم کے گول میں پہنچ گئی مگر ریفری نے ایران کے کھلاڑی کو آف سائیڈ قرار دے کر یہ گول مسترد کر دیا۔ میچ میں بیلجیئم کی ٹیم کا پلہ بھاری رہا تاہم ایران کے دفاعی کھلاڑی اور خاص طور پر گول کیپر علی رضا کا جواب نہ تھا، انہوں نے کئی گول بچائے تاہم دوسرے ہاف میں بیلجیئم کی ایک موو پر انہوں نے ایک حملہ تو ایسا روکا کہ ماہرین نے اسے سیو آف دی ٹورنامنٹ قرار دے دیا۔ دوسری جانب بیلجیئم کے تجربہ کار گول کیپر کورٹوا نے بھی شاندار گول کیپنگ کا مظاہرہ کیا

مونٹ: 21 جون 2026 کو مونٹ ٹریمبلانٹ، کیوبیک، کینیڈا میں IRONMAN 2026 70.3 Mont-Tremblant کے دوران کورس پر بائیک چلانے والوں کا منظر

روزنامہ قوت لاہور — چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

ایران امریکہ ثالثی میں پاکستان کے کلیدی کردار نے عالمی سطح پر پوری قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے: امجد نذیر بٹ

خطہ میں پائیدار امن کے قیام کے ساتھ ساتھ پاکستان میں آئین کی بالادستی قانون کی حکمرانی اور جمہوریت کا فروغ ہی ملکی سلامتی و ترقی کی ضمانت ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر و چیئرمین انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ ایران امریکہ ثالثی میں پاکستان کے کلیدی کردار نے عالمی سطح پر پوری قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے جس پر ہم وزیراعظم میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں خطہ میں پائیدار امن کے قیام کے ساتھ ساتھ پاکستان میں آئین کی بالادستی قانون کی حکمرانی اور جمہوریت کا فروغ ہی ملکی سلامتی و ترقی کی ضمانت ہے جس کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو کردار ادا کرنا ہوگا پاکستان کی تیز تر ترقی و عوامی خوشحالی کا واحد راستہ مشترکہ جدوجہد ہے جس کیلئے تمام سیاسی قائدین مل بیٹھ کر مربوط لائحہ عمل مرتب کریں اور معاشی استحکام کی خاطر ہر ممکن کردار ادا کرنے کا مصمم عہد کریں، پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے وسائل سے مالا مال فرمایا ہے جنہیں درست استعمال میں لانے کی ضرورت ہے موجودہ حکومت نے قومی وسائل سے استفادہ کیلئے موثر اقدامات اٹھائے اور بیرونی قرضوں پر انحصار کم کرنے کی خاطر خود انحصاری کو فروغ دیا جسے سراہا جانا چاہئے حکومتی اخراجات میں واضح کمی اور اداروں و محکموں میں کرپشن کے خاتمہ کی حکومتی کوششیں بھی خوش آئند ہیں معاشی حالات میں بہتری کیلئے تمام سیکٹرز کو ساتھ لے کر چلنے کے باعث حکومت کو تمام محاذوں پر کامیابیاں مل رہی ہیں ماضی میں قوم کو سہانے خواب دکھائے گئے مگر ان کی تعبیر ممکن نہ ہو سکی جس سے قوم میں مایوسی پھیلی اب موجودہ حکومت سے پاکستان کے مسائل زدہ عوام کو جو امیدیں وابستہ ہیں ان پر پورا اترنے کیلئے حکومت مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہے اور عوام کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گئے ہیں عوامی وعدوں کی تکمیل ہی سے حقیقی عوام دوست قیادت ہونے کا حق ادا کیا جا سکتا ہے، افواج پاکستان کی محبت کو دلوں سے نکالنے کی کوشش کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں جو نوجوان نسل کے ذہنوں کو متنفر کرنے کے بیرونی ایجنڈے پر گامزن ہیں عوام افواج پاکستان کیخلاف منفی پروپیگنڈہ اور مہم چلانے والوں کو قانونی کٹہرے میں دیکھنا چاہتی ہے۔

DHQ ہسپتال میں طبی سہولیات کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے ہنگامی اقدامات

ہسپتال انتظامیہ کی شبانہ روز محنت اور بہتر حکمت عملی کے باعث روزانہ ہزاروں مریضوں کو مفت طبی معائنہ اور معیاری ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے عوام دوست ویژن کے مطابق ضلع حافظ آباد کے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال میں طبی سہولیات کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر مؤثر اقدامات جاری ہیں۔ ہسپتال انتظامیہ کی شبانہ روز محنت اور بہتر حکمت عملی کے باعث روزانہ ہزاروں مریضوں کو مفت طبی معائنہ اور معیاری ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر ریحان اظہر کی قیادت میں ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف پر مشتمل پوری ٹیم انتہائی لگن، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہے۔ ہسپتال میں آنے والے ہر مریض کا مکمل طبی معائنہ کیا جاتا ہے جبکہ انہیں سرکاری خرچ پر معیاری ادویات بھی مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق روزانہ 3000 سے 4000 مریض او پی ڈی اور مختلف وارڈز میں علاج و معائنے کی سہولیات سے استفادہ کرتے ہیں، جبکہ ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں روزانہ 900 سے 1000 مریضوں کو فوری اور بروقت طبی امداد فراہم کی جاتی ہے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ریحان اظہر نے بتایا کہ ہسپتال میں آنے والے تمام مریضوں کا ریکارڈ جدید آن لائن سسٹم کے ذریعے محفوظ کیا جاتا ہے، جس سے نہ صرف شفافیت کو فروغ ملتا ہے بلکہ کسی قسم کی غلط بیانی یا جعلسازی کے امکانات بھی ختم ہو جاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق صحت کے شعبے میں میرٹ، شفافیت اور عوامی خدمت کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے تاکہ عام شہریوں کو بہترین طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جا سکیں۔ شہری، سماجی اور عوامی حلقوں نے ڈی ایچ کیو ہسپتال حافظ آباد کی بہتر کارکردگی، مفت ادویات کی فراہمی اور مریض دوست اقدامات کو سراہتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ریحان اظہر اور ان کی پوری ٹیم کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

پاکستان پیپلز پارٹی راوی ٹاؤن کے عہدیداران کی جانب سے شاہدرہ میں ممبر سازی کیمپ کا انعقاد کیا گیا

فیروز والہ (منور حسین) پاکستان پیپلز پارٹی راوی ٹاؤن کے عہدیداران کی جانب سے شاہدرہ میں ممبر سازی کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں خواتین اور مردوں کی بڑی تعداد نے شرکت کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کی رکنیت حاصل کی اور ممبرشپ کارڈز بنوائے۔ کیمپ کے انتظامات اور کامیاب انعقاد میں پاکستان پیپلز پارٹی یوتھ آرگنائزیشن راوی ٹاؤن کے صدر رانا ٹیپو، سینئر نائب صدر رانا راحیل، انفارمیشن سیکرٹری یوسف بھٹی، فنانس سیکرٹری شہزاد بٹ، نائب صدر رانا نفیس اور نائب صدر سید زین شاہ نے بھرپور کردار ادا کیا۔ شرکاء نے پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پارٹی کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر عہدیداران کا کہنا تھا کہ عوامی خدمت اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے ممبر سازی مہم مزید تیزی سے جاری رکھی جائے گی۔

انٹرنیشنل سکول آف انگلش رائیونڈ کا تعلیمی میدان میں ایک اور سنگ میل

گھرانہ میرے رسول ﷺ کمپیٹیشن میں پہلی اور دوسری پوزیشنز حاصل کرلیں، رائیونڈ کا نام روشن

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید) انٹرنیشنل سکول آف انگلش رائیونڈ کی طالبات نے تعلیمی میدان میں ایک اور بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے علاقے کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ تعلیم دوست فورم کے زیر اہتمام فیصل آباد میں منعقد ہونے والے تیسرے سیزن کے معروف مقابلے گھرانہ میرے رسول ﷺ میں اسکول کی طالبات نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی اور دوسری پوزیشنز اپنے نام کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق اس باوقار صوبائی سطح کے مقابلے میں تقریباً 26 اسکولوں کے 100 سے زائد طلباء و طالبات نے حصہ لیا۔ مقابلہ سخت نوعیت کے دو مختلف مراحل پر مشتمل تھا پہلا مرحلہ (تحریری ٹیسٹ) تمام شرکاء کو سیرت نبوی ﷺ اور اہل بیت پر مبنی 25 معروضی سوالات (MCQs) کا تحریری ٹیسٹ دیا گیا، جس میں 100 فیصد نمبر حاصل کرنے والے طلبہ کو ہی اگلے راؤنڈ کے لیے منتخب کیا جانا تھا۔ انٹرنیشنل سکول آف انگلش رائیونڈ کی تینوں طالبات نے اس مرحلے میں سو فیصد نمبر لے کر اگلے راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کیا۔ دوسرا مرحلہ لائیو کوئز دوسرے راؤنڈ میں ججز کے سامنے لائیو کوئز کا انعقاد کیا گیا، جس میں زبانی سوالات پوچھے گئے۔ نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والی طالبات اس سخت ترین اور اعصاب شکن لائیو راؤنڈ میں بھی رائیونڈ کی طالبات چھائی رہیں۔ اسکول کی طالبات نے درج ذیل پوزیشنز حاصل کیں طالبہ کا نام حاصل کردہ پوزیشن تحریم بتول، پہلی پوزیشن اقصیٰ شعبان دوسری پوزیشن، خدیجہ لیاقت دوسری پوزیشن پرنسپل کا پیغام اس شاندار کامیابی پر انٹرنیشنل سکول آف انگلش کے پرنسپل مراد علی شاد نے طالبات، ان کے اساتذہ اور والدین کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔

ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر کی زیر صدارت کمشنر آفس ساہیوال میں ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سرا سے) ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر کی زیر صدارت کمشنر آفس ساہیوال میں ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ بلڈنگ کے اہم ترقیاتی منصوبے کا ٹینڈر کھولا گیا۔ اجلاس میں محکمہ بلڈنگ کے افسران، متعلقہ حکام اور کنٹریکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈی ایچ ڈی سی ساہیوال میں مڈوائفری سکول کے قیام کے منصوبے کے ٹینڈر کا جائزہ لیا گیا۔ منصوبے پر مجموعی طور پر ایک کروڑ 26 لاکھ روپے لاگت آنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے، جبکہ اسے ایک سال کی مدت میں مکمل کیا جائے گا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے کہا کہ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ مڈوائفری سکول کے قیام سے نرسنگ اور زچہ و بچہ کی نگہداشت کے شعبے میں تربیت یافتہ افرادی قوت کی تیاری میں مدد ملے گی، جس سے علاقے میں صحت کی سہولیات مزید بہتر ہوں گی۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ منصوبے کو مقررہ معیار اور مدت کے مطابق مکمل کیا جائے گا تاکہ عوام کو

چوآسیدن شاہ: اوقاف کی دکانوں کی مبینہ سب لیزنگ پر تحقیقات کا مطالبہ

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چوآسیدن شاہ میں محکمہ اوقاف کی بعض دکانوں کو مبینہ طور پر کم کرائے پر حاصل کرنے کے بعد دوسرے افراد کو زیادہ کرائے پر دیے جانے کا انکشاف سامنے آیا ہے، جس پر مقامی تاجروں اور شہریوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق بعض اوقاف دکانوں کے اصل لیز ہولڈرز خود کاروبار کرنے کے بجائے دکانیں آگے زیادہ کرائے پر دے رہے ہیں، جس کے باعث نہ صرف محکمہ اوقاف کو ممکنہ مالی نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ حقیقی کاروباری افراد بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ شہریوں اور تاجروں کا کہنا ہے کہ اگر کسی دکان کو قواعد و ضوابط کے خلاف سب لیز پر دیا گیا ہے تو اس معاملے کی مکمل تحقیقات ہونی چاہئیں اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جانی چاہیے۔ ان کا مطالبہ ہے کہ اوقاف کی دکانوں کی الاٹمنٹ اور لیز کے تمام معاملات کو شفاف بنایا

اسسٹنٹ کمشنر کمالیہ کا جلوسوں کے روٹس کا تفصیلی معائنہ

ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ محرم الحرام کے دوران عزاداران کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

کمالیہ (نمائندہ روزنامہ قوت رانا علی رضا منج) ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ عمر عباس میلہ نے اسسٹنٹ کمشنر کمالیہ ارم شہزادی کے ہمراہ 6 اور 8 محرم الحرام کے جلوسوں کے روٹس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر سکیورٹی، لائٹنگ، صفائی ستھرائی، روٹ کلیئرنس اور ... چیف آفیسر علی رضا اور علی جبران ڈوگرا یڈمن صاف ...

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ایک دن ایک تحصیل ویژن کے تحت ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے تحصیل ننکانہ صاحب کا طویل دورہ کیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ایک دن ایک تحصیل ویژن کے تحت ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے تحصیل ننکانہ صاحب کا طویل دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ننکانہ سٹی میں گرین بیلٹس کی بحالی کے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتالوں میں علاج معالجے کی فراہمی سمیت ری ویمپنگ کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مریم نواز ہیلتھ سنٹر بڑا گھر، رورل ہیلتھ سنٹر سید والہ اور بنیادی مرکز صحت چک حیدر آباد کا بھی وزٹ کیا۔

شہر سمیت گردونواح میں انٹرنیٹ سروس بدستور مخدوش۔ بجلی بند ہوتے ہی نظام ٹھپ۔ شہریوں کا احتجاج

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت گردونواح میں انٹرنیٹ سروس بدستور مخدوش۔ بجلی بند ہوتے ہی نظام ٹھپ۔ شہریوں کا احتجاج چیف جسٹس آف پاکستان، چیئرمین پی ٹی اے سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں انٹرنیٹ سروس کی ناقص صورتحال نے شہریوں، طلبہ اور کاروباری طبقے کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے، بجلی بند ہوتے ہی انٹرنیٹ کا مکمل غائب ہو جانا معمول بن چکا ہے، جس پر شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بلاتعطل سروس جاری رکھنے کا مطالبہ کیا ہے صارفین کے مطابق پی ٹی سی ایل سمیت دیگر انٹرنیٹ سروسز کی کارکردگی انتہائی غیر تسلی بخش ہو چکی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جیسے ہی بجلی بند ہوتی ہے فوری طور پر انٹرنیٹ سروس بھی معطل ہو جاتی ہے حالانکہ جدید نظام سولر سسٹم کے ذریعے سروس کو جاری رکھا جا سکتا ہے

مسلمانوں کا نیا سال قربانی سے شروع ہو کر قربانی پر اختتام پذیر ہوتا ہے: روحی بانو

ماہ محرم الحرام اس عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے جس کی مثال انسانی تاریخ میں موجود نہیں

وزیرآباد (نامہ نگار) مسلمانوں کا نیا سال قربانی سے شروع ہو کر قربانی پر اختتام پذیر ہوتا ہے، ماہ محرم الحرام اس عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے جس کی مثال نہ تاریخ میں پہلے موجود ہے اور نہ ہی خانوادہ رسول ﷺ کی قربانی کے بعد مل سکے گی، حضرت امام حسین علیہ اسلام نے کربلا کے میدان میں باطل قوتوں کے سامنے ڈٹ کر اسلام کے پرچم کو دنیا میں سربلندی بخشی، حسینیت ایک حقیقت اور رہتی دنیا تک کے لئے لوگوں کو باطل قوتوں کے سامنے سرنگوں نہ ہونے کا درس دیا۔ ان خیالات کا اظہار سماجی شخصیت وایگزیکٹو ڈائریکٹر یورپ روحی بانو نے شہادت حضرت امام حسینؓ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نینان خان، ناصرہ خان، آصفہ ہاشمی، ستارہ ملک، ممتاز ملک، رانی کنول، عزالہ یاسمین طاہر، سحر، فرح کریم، ثمینہ بتول، فرحت عاشق، فرخندہ خلیل، تہمیم خان و دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں باطل قوتوں کے سامنے ڈٹ کر دین اسلام اور ارض پاک کے دفاع کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ رکھنے کا عزم و حوصلے کو مضبوط کرنے کا درس دے رہا ہے۔ آج بھی حسینیت کا پیروکار بن کر مسلمان دنیا میں مقام و مرتبہ حاصل کر سکتا ہے۔

ایم ڈی واسا بلال فیروز جوئیہ کا تبادلہ ضلع کے عوام کے پرزور مطالبہ پر منسوخ کر دیا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ایم ڈی واسا بلال فیروز جوئیہ کا تبادلہ ضلع کے عوام کے پرزور مطالبہ پر منسوخ کر دیا گیا جس کے بعد انہوں نے اپنے منصب پر بدستور دلجمعی کے ساتھ فرائض سرانجام دینے شروع کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق بلال فیروز جوئیہ نے ضلع میں اپنی مختصر تعیناتی کے بعد سالہا سال سے گندے پانی میں ڈوبے علاقوں کی صفائی ستھرائی کروا کے وہاں کی حالت بدل دی جس کی وجہ سے شہری حلقوں میں انہیں زبردست پزیرائی ملی لیکن چند روز قبل جب ان کی گریڈ 19 میں پروموشن ہوئی تو اسکے بعد انکی نئی تعیناتی کے لئے تبادلہ کر دیا گیا، جس پر ضلع کے عوامی سماجی حلقوں نے انکے تبادلہ کی منسوخی کا مطالبہ شروع کر دیا اور اس مطالبہ کے زور پکڑنے پر گذشتہ روز ان کا تبادلہ منسوخ کر کے انہیں بدستور حافظ آباد میں فرائض دینے کی ہدایت کی گئی ہے جس کا عوامی سماجی حلقوں نے زبردست خیر مقدم کیا ہے۔

گجر چوک نارنگ میں دودھ کی عظیم الشان سبیل کا اہتمام کیا گیا

دودھ کی سبیل کے انعقاد کا مقصد واقعہ کربلا کے کم سن شہید حضرت علی اصغر علیہ السلام کی قربانی کو یاد کرنا ہے

نارنگ منڈی (نامہ نگار) نواسہ رسول ﷺ، شہزادہ کربلا حضرت امام حسین علیہ السلام کے کم سن فرزند حضرت علی اصغر علیہ السلام کی عظیم قربانی اور لازوال یاد کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے گزشتہ برسوں کی روایت برقرار رکھتے ہوئے سات محرم الحرام کے موقع پر منہاج یوتھ لیگ نارنگ منڈی کے زیر اہتمام گجر چوک نارنگ میں دودھ کی عظیم الشان سبیل کا اہتمام کیا گیا سبیل پر تقریباً 20 من دودھ مسافروں راہگیروں اور بالخصوص ننھے بچوں میں تقسیم کیا گیا اس موقع پر نوجوانوں کی بڑی تعداد محبت اہل بیتؑ کے جذبے کے تحت خدمت خلق میں مصروف نظر آئی اور حضرت علی اصغر علیہ السلام کی مظلومانہ شہادت کو یاد کرتے ہوئے عقیدت کے پھول نچھاور کیے شرکاء کا کہنا ہے کہ دودھ کی سبیل کے انعقاد کا مقصد واقعہ کربلا کے کم سن شہید حضرت علی اصغر علیہ السلام کی قربانی کو یاد کرنا اہل بیت اطہار علیہم السلام سے اپنی محبت کا اظہار کرنا اور انسانیت ایثار اور خدمت خلق کے پیغام کو عام کرنا ہے شہریوں نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے پروگرام نئی نسل کو کربلا کے عظیم پیغام سے روشناس کرانے اور باہمی محبت اخوت اور خدمت کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

ناقص اور غیر معیاری اشیائے خورد و نوش کی فروخت پر، تاحال مؤثر قابو نہ پایا جا سکا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گردونواح کے گنجان آباد علاقوں میں بچوں کے لیے تیار کی جانے والی ناقص اور غیر معیاری اشیائے خورد و نوش کی فروخت پر، تاحال مؤثر قابو نہ پایا جا سکا۔ سلانٹیاں، پاپڑ، ٹافیاں، بسکٹ، چاکلیٹیں اور دیگر اشیاء کھلے عام دکانوں پر فروخت کی جا رہی ہیں، جن کے معیار پر سنجیدہ سوالات اٹھ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ان میں سے بیشتر اشیاء کسی مستند کمپنی کی تیار کردہ نہیں بلکہ مقامی سطح پر غیر معیاری اور غیر صحت بخش حالات میں تیار کی جا رہی ہیں، جنہیں بغیر کسی جانچ پڑتال کے دکانوں پر فروخت کیا جا رہا ہے۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ ایسی مضر صحت اشیاء بچوں کی نشوونما پر منفی اثرات مرتب کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف بیماریوں کا سبب بھی بن سکتی ہیں۔ شہریوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ ان غیر معیاری خوراک کے استعمال کے باعث متعدد بچے پیٹ، گلے اور دیگر بیماریوں میں مبتلا ہو چکے اور ہو رہے ہیں

ڈی ایس پی سمبڑیال نے سینئر وکیل اویس عادل قریشی اور SHO سمبڑیال کا تصفیہ کرا دیا

وکلاء و پولیس کے باہمی روابط کو بڑی اہمیت سے دیکھتے ہیں۔ Dsp

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سمبڑیال بار ایسوسی ایشن کے سینئر وکیل رہنما و حکیم لاء چیمبرز کی روح رواں صاحبزادہ حکیم اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹس اور ایس ایچ او سمبڑیال کے مابین معاملے پر سجاد احمد باجوہ SDPO سرکل سمبڑیال نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے سر مدفیاض SHO تھانہ سمبڑیال کو اپنے دفتر طلب کیا اور SHO سے تحریری بیان لے کر مابین وکلاء خوش اسلوبی اور احسن طریقے سے تصفیہ کرا دیا۔ اس موقع پر DSP سمبڑیال نے وکلاء صاحبان کو یقین دہانی کرائی کہ تھانہ ایک عوامی ادارہ ہے جہاں آنے والے ہر شہری کو عزت، احترام، مکمل شنوائی اور انصاف کی فراہمی ...

عرس میں آنے والا ہر عقیدت مند ہمارا معزز مہمان ہے: ڈپٹی کمشنر

تقریبات کے دوران بہشتی دروازہ سے گزرنے والے ہر زائر کی خدمت، رہنمائی اور سہولت ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

ڈی پی او اور ڈاکٹر ... کی ... سے ملاقات

منشیات فروشی میں ملوث 3 ملزمان اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 ملزمان پولیس کے شکنجے میں

جہلم شہر سمیت ضلع بھر کے قصاب من مرضی کی قیمتیں وصول کرنے لگے

امن و امان یقینی بنانے کے لیے تمام تر حفاظتی اقدامات مکمل

... میں امن و امان یقینی بنانے کے لیے تمام تر حفاظتی اقدامات مکمل کر لیے ہیں۔ سیون سٹار پریس کلب فیروزوٹواں کے مطابق، ایس ایچ او تھانہ بھکھی رانا غلام سرور کی زیر نگرانی پولیس نے جلوسوں اور مجالس کے لیے خصوصی سیکیورٹی پلان مرتب کیا ہے۔ ایس ایچ او تھانہ بھکھی نے تھانے میں تمام مکاتب فکر کے علماء کرام، امام بارگاہوں کے منتظمین اور مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں کا اجلاس بلایا۔ اجلاس میں محرم کے جلوسوں کے روٹس، مجالس کے اوقات، لاؤڈ اسپیکر ایکٹ پر عمل درآمد اور بین المذاہب رواداری پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ علماء نے یقین دلایا کہ محرم کے ایام میں اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کیا جائے گا اور کسی بھی شرپسند کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ ایس ایچ او نے کہا کہ پولیس عوام کی محافظ ہے اور عزاداروں کے تحفظ کے لیے ہر ممکن قدم اٹھایا جائے گا۔ ریسکیو 1122 کے عملے کو بھی الرٹ کر دیا گیا ہے اور ایمبولینسز و فائر ٹینڈرز کو مجالس و جلوسوں کے قریب سٹینڈ بائی پر رکھا گیا ہے۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ریسکیو 1122 کے پیرامیڈکس اور فائر فائٹرز کی اضافی ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔ تھانہ بھکھی کی حدود میں موجود حساس امام بارگاہوں اور مساجد پر اضافی نفری تعینات کی جائے گی اور خارجی راستوں پر واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹر اور CCTV کیمرے نصب کیے گئے ہیں مشکوک افراد، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی سخت چیکنگ کا عمل جاری ہے کنٹرول روم قائم کر کے لمحہ بہ لمحہ مانیٹرنگ کی جائے گی جلوسوں کے روٹس پر ٹریفک پولیس کی اضافی نفری لگا دی گئی ہے۔ عام شہریوں کی سہولت کے لیے متبادل راستے متعین کر کے شہریوں کو آگاہ کر دیا گیا ہے تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو۔ پارکنگ کے لیے مخصوص جگہیں مختص کی گئی ہے ایس ایچ او نے خبردار کیا کہ سوشل میڈیا پر مذہبی منافرت، نفرت انگیز مواد یا فرقہ وارانہ پوسٹ شیئر کرنے والوں کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت سخت قانونی کارروائی ہو گی۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ کسی بھی افواہ پر یقین نہ کریں اور مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری 15 یا تھانہ بھکھی پولیس کو دیں۔ پولیس نے عزاداروں سے تعاون کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ سیکیورٹی چیکنگ میں پولیس کا ساتھ دیں۔ محرم کے تقدس کا خیال رکھیں اور امن و بھائی چارے کو فروغ دیں۔ تھانہ بھکھی پولیس پر عزم ہے کہ محرم کے تمام ایام پرامن طریقے سے گزریں

دو نوسرباز عورتیں جیولر شاپ سے دس لاکھ روپے مالیت کے دو کڑے چرا کر فرار ہو گئی

... تفصیلات کے مطابق چنیوٹ شہر کے گنجان آباد علاقہ محلہ گڑھا میں عثمان جیولرز شاپ سے دو نوسرباز عورتیں سونا خریدنے کیلئے آئیں اور دکاندار کو باتوں میں لگا کر دس لاکھ روپے مالیت کے دو کڑے ساتھ لے گئیں سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے نامعلوم خواتین کی شناخت کی جا رہی ہے

تھانہ سٹی پنڈی بھٹیاں کی حدود میں پولیس مقابلہ، دو خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) تھانہ سٹی پنڈی بھٹیاں کی حدود میں پولیس مقابلہ، دو خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار۔ پولیس کو خفیہ اطلاع موصول ہوئی کہ چار ملزمان کسیسے روڈ چیمہ راس مل کے قریب شہریوں کو لوٹنے میں مصروف ہیں پولیس موقع پر پہنچی تو ملزمان نے پولیس پر فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس ملازمین نے گاڑی سے چھلانگیں لگا کر اپنی جان بچائی اور حق حفاظت خود اختیاری کے تحت اکا دکا جوابی فائر کیے۔ فائرنگ کا سلسلہ رکنے پر دوران سرچ دو ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی حالت میں پائے گئے۔ انہیں فوری طور پر گرفتار کر کے طبی امداد کے لیے ٹی ایچ کیو ہسپتال پنڈی بھٹیاں منتقل کر دیا گیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت سمیر عرف سیکی اور عاطف عرف آٹی کے نام سے ہوئی، دونوں ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں۔

محبت، اخوت اور بھائی چارے کو فروغ دینا ترجیح، مقررین

ممبر صوبائی اسمبلی میاں عرفان دولتانہ، ریٹائرڈ جسٹس چوہدری محمد رمضان سوہل سمیت دیگر کی شرکت

سمندری (تحصیل رپورٹر) لاہور میں مقیم اہل بورے والا کے درمیان باہمی رابطوں، محبت، اخوت اور بھائی چارے کو فروغ دینے کے لیے لاہور بوریوالینز کے زیر اہتمام لاہور کے ایک مقامی ہوٹل میں ایک پروقار اور یادگار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی اور اپنے آبائی شہر بورے والا سے محبت اور وابستگی کا بھرپور اظہار کیا۔ تقریب کے کامیاب انعقاد پر شرکاء نے چیئرمین لاہور بوریوالینز ملک اکبر اعوان، ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین اور میزبان اکبر علی بھٹی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا، جبکہ سابق ایم پی اے میاں عرفان دولتانہ کے خصوصی تعاون کو بھی سراہا، جن کی معاونت سے اس تقریب کا انعقاد ممکن ہوا۔ اس موقع پر کمشنر ملتان رانا عامر کریم خاں، ملائیشیا سے آئے معروف پاکستانی بزنس مین چوہدری عثمان نثار گجر، سابق ایم پی اے میاں عرفان دولتانہ، ریٹائرڈ جسٹس چوہدری محمد رمضان سوہل، وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل پیر مسعود چشتی، ممبر پنجاب بار کونسل چوہدری سلمان یوسف گھمن، پاکستان کے معروف روبوٹک اسپیشلسٹ ڈاکٹر منصب علی، کرنل ثاقب نذیر، سیکرٹری پنجاب بار رفاقت علی سوہل، معروف اینکر لالہ نعیم ثاقب، ڈی ایس پی میاں احسان اللہ، عمران حیدر ہیم، ارشد خان، قیصر مجید، سعید سرور اور بلال ثاقب، عابد سکین، عاطف چودھری بشیر احمد چاند، طاہر محمود سمیت بورے والا سے تعلق رکھنے والی نمایاں سماجی، کاروباری، انتظامی، قانونی اور سیاسی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کے شرکاء نے اس بات کا اعادہ کیا کہ لاہور بوریوالینز کے پلیٹ فارم کے تحت ایک مشترکہ فلاحی فنڈ قائم کیا جائے گا، جس کے ذریعے بورے والا کے ذہین مگر مالی وسائل سے محروم طلبہ و طالبات کو اسکالرشپ کی طرز پر مالی معاونت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ اپنی اعلیٰ تعلیم بلا کسی رکاوٹ کے جاری رکھ سکیں۔ مقررین نے اپنے خطاب میں اس عزم کا اظہار کیا کہ لاہور بوریوالینز مستقبل میں بھی اہل بورے والا کو ایک دوسرے کے قریب لانے، باہمی تعاون کو فروغ دینے اور شہر کی تعلیمی، سماجی اور فلاحی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے لیے اپنی سرگرمیاں جاری رکھے گا۔ شرکاء نے اس اجتماع کو محبت، اخوت، خلوص اور اپنے آبائی شہر سے وابستگی کی ایک خوبصورت مثال قرار دیا۔ تقریب کے اختتام پر سابق ایم این اے چوہدری قربان علی چوہان، پیکسین واسا اکبر علی کاہلوں، معروف سیاسی و سماجی شخصیت راؤ عزیز الرحمان کی والدہ سمیت تمام مرحومین کے ایصال ثواب اور درجات بلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

پاکستان امن پسند اور باہمی تعاون کے فروغ کا بھرپور حامی اور داعی ہے: چوہدری نیامت گادی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سٹی جنرل سیکرٹری چوہدری نیامت گادی نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے پوری دنیا پر واضح کر دیا ہے کہ پاکستان امن پسند اور باہمی تعاون کے فروغ کا بھرپور حامی اور داعی ہے ایران امریکہ مذاکرات کی کامیابی خطہ میں پائیدار قیام امن کی ضامن ثابت ہوگی دشمن قوتیں پاکستان کے ثالثی کے مثالی کردار پر تلملا رہی ہیں جبکہ پوری عالمی برادری پاکستان کی ان انتھک کوششوں کی بھرپور حامی ہے پاکستانی قوم اپنی سیاسی عسکری قیادت پر بھرپور اعتماد رکھتی ہے اور ملکی ترقی و خوشحالی کی خاطر میاں محمد نواز شریف کے ویژن کی تکمیل چاہتی ہے عوام کے تعاون اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وفاقی اور صوبائی حکومت تعمیر و ترقی اور عوامی خدمت کے میدان میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، بانی پی ٹی آئی نے نوجوان نسل کو گمراہ کیا، ایسے عناصر کسی سرکاری یا عوامی عہدے کے مستحق نہیں جنہوں نے سیاست کیلئے ریاست پر حملہ کیا ہو کسی بھی ملک میں اگر امن استحکام ہوگا تو ترقی و خوشحالی پروان چڑھے گی جس کا ادراک کرتے ہوئے (ن) لیگ نے ہمیشہ ملک میں سیاسی استحکام کی خاطر کردار ادا کیا ہے

واپڈا اسب ڈویژن پی سی کی بجلی چوروں کے خلاف کاروائی 13 مقدمات درج

ایس ڈی او علی اکبر کا کہنا تھا کہ بجلی چوروں کے خلاف کاروائی کا سلسلہ جاری رہے گا

ملکہ ہانس/ملگداچوک (نامہ نگار) واپڈا اسب ڈویژن پی سی کی بجلی چوروں کے خلاف کاروائی 13 مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ایس ای واپڈا اوکاڑہ سرکل سید قربان علی شاہ، ایکسین واپڈا کینٹ ڈویژن اوکاڑہ ملک عرفان کی ہدایت پر ایس ڈی او پی سی سب ڈویژن علی اکبر کی زیر سربراہی واپڈا اسب ڈویژن کی ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے بجلی چوری کرتے ہوئے کورٹ جان محمد، کورٹ غلام محمد، 5 فور ایل و دیگر علاقوں میں بابر علی، شاہد علی واجد علی محمد سلیم، طیب الرحمن، محمد ناصر جاوید و دیگر کو بجلی چوری کرتے پکڑ کر ان کے خلاف 13 مقدمات درج کرا دیئے ہیں۔ ایس ڈی او علی اکبر کا کہنا تھا کہ بجلی چوروں کے خلاف کاروائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔

ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال کا تفصیلی دورہ کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی ہدایت پر ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے طلبہ و طالبات کو فراہم کی جانے والی سہولیات، انتظامی امور اور سروس ڈیلیوری کے مختلف شعبوں کا جائزہ لیا۔ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے بورڈ میں آنے والے امیدواروں اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران سے کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ بھی لی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ طلبہ کو بروقت، شفاف اور معیاری خدمات کی فراہمی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہریوں کی سہولت کے لیے تمام انتظامات کو مزید مؤثر بنایا جائے اور سروس ڈیلیوری کے معیار کو مسلسل بہتر بنایا جائے۔ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن نے بورڈ انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے طلبہ دوست ماحول اور بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

شہر میں آن لائن آئس سپلائی کرنے والے نیٹ ورک کی اہم کارندہ گرفتار

مکمل ہوم ورک اور ٹھوس شواہد کے بعد سی سی ڈی نے جال بچھایا اور آن لائن آئس سپلائی کرنے والی خاتون کو موقع پر رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا: قبضے سے آئس بھی برآمد ہوئی

جھنگ (بیورو رپورٹ) سی سی ڈی جھنگ نے ایک بڑی اور کامیاب کاروائی کرتے ہوئے شہر میں آن لائن آئس سپلائی کرنے والے نیٹ ورک کی اہم کارندہ سونیا عرف پنکی کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے منشیات برآمد کر لی ذرائع کے مطابق جھنگ کی ایک معزز فیملی سے تعلق رکھنے والی خاتون کو اس کی نیکی کے ذریعے خطرناک منشیات آئس کی لت لگ چکی تھی اس معاملے کا علم ہوتے ہی سی سی ڈی کی ٹیم نے جدید خطوط پر ریکی کا آغاز کیا مکمل ہوم ورک اور ٹھوس شواہد کے بعد سی سی ڈی نے جال بچھایا اور آن لائن آئس سپلائی کرنے والی خاتون کو موقع پر رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا جس کے قبضے سے آئس بھی برآمد ہوئی حراست میں لی گئی خاتون کی شناخت سونیا المعروف پنکی کے نام سے ہوئی ہے جو جھنگ کے علاقے ہرمل پور کی رہائشی ہے ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزمہ عرصہ دراز سے اس مکروہ دھندے میں ملوث تھی اور نوجوان نسل بالخصوص خواتین اور متمول خاندانوں کو نشانہ بنا رہی تھی سی سی ڈی ذرائع کا کہنا ہے کہ ملزمہ سونیا عرف پنکی کی گرفتاری محض شروعات ہے محکمہ اس پورے آن لائن نیٹ ورک کی جڑوں تک پہنچ چکا ہے اس کاروائی کے نتیجے میں ایک بہت بڑے ڈیلر کا سراغ ملا ہے جو پورے پنجاب میں آن لائن طریقے سے آئس کی سپلائی کا نیٹ ورک چلا رہا ہے حکام کا دعویٰ ہے کہ بہت جلد اس بڑے ڈیلر کو بھی قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا جس سے پنجاب بھر میں پھیلا یہ نیٹ ورک مکمل طور پر تباہ ہو جائے گا

مجبور بے سہاروں کے لئے تھانہ کلچر مذاق بن کر رہ گئے

دولت کا پجاری ... کی چمک نے ... کے لاچار خاندان در بدر ٹھوکریں کھانے پر مجبور



ڈویژن ساہیوال کی سطح پر اتحاد بین المسلمین کانفرنس کا انعقاد

... کانفرنس محرم الحرام کے پرامن انعقاد کا اعادہ، تفصیلات کے مطابق ڈویژن ساہیوال کی سطح پر اتحاد بین المسلمین کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام، مشائخ عظام، ضلعی انتظامیہ اور امن کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی کانفرنس میں اتحاد بین المسلمین ڈویژن ساہیوال کے صدر، امیر متحدہ جمعیت اہلحدیث پاکستان اور ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان علامہ سید ضیاء اللہ شاہ بخاری نے خصوصی شرکت کی، امیر جماعت اہلسنت پنجاب پیر سید عقیل الرحمن شاہ بخاری نے شرکاء اور معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اس موقع پر قاری عبدالرازق، قاری عبدالباسط، الحاج احسان الحق فریدی، علامہ قاری بشیر احمد، پیر ہادی حسین شاہ زیدی اور دیگر علماء و مشائخ نے خطاب کرتے ہوئے محرم الحرام کے پرامن انعقاد، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور باہمی احترام کے فروغ پر زور دیا اور کہا کہ بین المدرسہ جامعہ حنفیہ غوثیہ عارف والا اتحاد بین المسلمین کانفرنس محرم الحرام کے پرامن انعقاد کا اعادہ، ... اتحاد بین المسلمین کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ... اسسٹنٹ کمشنر رائے فیصل عمران، ڈی ایس پی رانا تنویر سرور اور چوہدری حاجی محمد اعجاز صدر پریس کلب عارف والا جنرل ڈنے بھی خصوصی شرکت کی اور محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کے لیے انتظامیہ اور علماء کے مشترکہ کردار کی اہمیت کو اجاگر کیا مقررین کا کہنا تھا کہ محرم الحرام صبر، قربانی، برداشت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے لہذا تمام مکاتب فکر کو اتحاد و اتفاق کے فروغ کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔ علماء کرام اور انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ مذہبی رواداری اور باہمی احترام کو فروغ دیتے ہوئے محرم الحرام کے تقدس اور امن کو برقرار رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں شرکاء نے انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی کانفرنس کے اختتام پر پیر سید اعجاز احمد شاہ کو اتحاد بین المسلمین ڈویژن ساہیوال کا نائب صدر مقرر کرنے کا اعلان بھی کیا گیا۔

سڑک پر کھڑے خراب ٹرالے سے ٹکرانے پر ٹرک ڈرائیور زخمی

ڈسکہ (احسان بٹ/محمد عباس بٹ) سڑک پر کھڑے خراب ٹرالے سے ٹکرانے سے ٹرک ڈرائیور زخمی۔ گلوٹیاں موڑ پر سڑک کے درمیان خراب کھڑے سریا سے لوڈ ٹرالے سے پیچھے سے آنے والا ٹرک ٹکرا گیا جس کے نتیجے میں 40 سالہ نوید ساکن شیخوپورہ ٹرک کے اندر پھنس گیا اور شدید زخمی ہو گیا ریسکیو 1122 ٹیم نے موقع پر پہنچ کر اس کو باحفاظت ٹرک سے نکال کر ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور مزید علاج کے لیے سول ہسپتال ڈسکہ منتقل کیا اور کھوکھنکی میں عبدالرحمان کی گھر کے اندر سے موٹر سائیکل چوری، موترہ میں رائے ظل عمر کی دوکان سے اے سی چوری جبکہ وڈالہ سندھواں میں محمد عرفان کی دوکان سے چارجنگ پر لگا موبائل فون چوری ہو گیا پولیس نے مقدمات درج کر لئے

صحافی مہر اللہ یار کی سی این ایف کے ہاتھوں گرفتاری پر ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے سیکرٹری جنرل عابد حسین مغل کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو خط جے آئی ٹی بنانے کا مطالبہ

ملگداچوک (نامہ نگار) اوکاڑہ کے قصبہ چوچک سے تعلق رکھنے والے صحافی مہر اللہ یار کی سی این ایف کے ہاتھوں گرفتاری پر ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے سیکرٹری جنرل عابد حسین مغل کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو خط جے آئی ٹی بنانے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تھانہ چوچک ضلع اوکاڑہ کے قصبہ مرولہ شریف میں CNF ساہیوال کے اہلکاروں نے سینئر صحافی مہر اللہ یار جو کہ عرصہ 30 سال سے شعبہ صحافت سے منسلک ہے کے گھر پر چھاپہ مارا، وہاں سے منشیات برآمد کرنے کا دعوی کیا اور مقدمہ نمبر 21/2026 تھانہ این سی ایس ساہیوال میں درج کر لیا۔ اصل میں صحافی مہر اللہ یار کی اپنے کزن و دیگر رشتے داروں کے ساتھ کئی سالوں سے مقدمہ بازی چل رہی ہے جن میں سے ایک اے این ایف میں ملازم بھی ہے۔ مہر اللہ یار ذمہ دار صحافی اور عدم ریکارڈ یافتہ ہے یہ وقوعہ پری پلان بنایا گیا ہے اس کا حقائق سے دور دور تک کوئی تعلق واسطہ نہ ہے۔ ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے سیکرٹری جنرل عابد حسین مغل نے خط لکھ کر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ کیا ہے کہ اس مقدمہ کی تفتیش کے لیے جے آئی ٹی بنائی جائے تاکہ اس وقوعہ کی آزادانہ انکوائری ہو اور جیوفینسنگ کے ذریعے صحافی مہر اللہ یار کے گھر ریڈ سے چند منٹ پہلے منشیات رکھنے والے اصل ملزمان کو سامنے لایا جا سکے صحافی کے خلاف منشیات جیسے سنگین الزام کا جھوٹا مقدمہ سی این ایف میں درج ہونا بھی ادارے پر کئی سوالات اٹھاتا ہے۔

معصوم منتہیٰ کے ساتھ ہونے والی زیادتی پہ پوری قوم افسردہ ہے: اطہر سلطان مغل

ایسے واقعات میں ملوث افراد اور ان کے سہولت کاروں کو عبرت ناک سزا دی جائے: صدر گلوبل یونین آف جرنلسٹس

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کے صدر اطہر سلطان مغل نے دو روز قبل سرگودھا میں سات سالہ بچی منتہیٰ نعیم کے ساتھ پیش آنے والے افسوسناک واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ معصوم منتہیٰ کے ساتھ کی جانے والی درندگی نے زینب والے واقعے کے زخم ہرے کر دیئے ہیں۔ اس واقعے نے ہر دردمند دل رکھنے والے کو جھنجوڑ کر رکھ دیا۔ مناسب سماجی و اخلاقی تربیت کے فقدان اور مذہب سے دوری کے باعث آئے روز ایسے گھناؤنے واقعات میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔ دکھ کی بات ہے کہ ہمارا معاشرہ انسان نما بھیڑیوں سے بھرتا جا رہا ہے جن سے ہماری معصوم بچیاں بھی محفوظ نہیں ہیں۔ ایسے سفاک درندوں کیلئے سرعام سزا کا قانون پاس کیا جائے۔ انہوں نے سی سی ڈی کی جانب سے واقعے میں ملوث سفاک درندوں کی ہلاکت پہ اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ معصوم منتہیٰ نعیم واپس تو نہیں آ سکتی مگر اس کے مجرموں کی ہلاکت سے اس کے لواحقین کو کسی حد تک سکون ملا ہوگا۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مستقبل میں ایسے واقعات سے بچنے کیلئے سخت سے سخت قوانین بنائے جائیں اور انہیں اتنی ہی سختی سے لاگو کیا جائے تاکہ کسی بچی یا بچے کو دوبارہ ایسی اذیت سے نہ گزرنا پڑے۔ والدین اپنی ذمہ داری پوری کریں اور اپنے بچوں کو بلاضرورت گھروں سے نہ نکلنے دیں۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ — بقیہ جات — 1

نوید، سید عمار اور شہباز نامی تین دیگر ملزمان کو بھی حراست میں لے لیا گیا۔مشترکہ کارروائی کی سربراہی عدنان احمد بھٹی، ہیڈ آف وجیلنس نے کی جبکہ ٹیم میں میاں کاشف شوکت، انسپکٹر وجیلنس، ڈاکٹر فیصل، سب انسپکٹر نجم اور پنجاب پولیس کے دیگر اہلکار شامل تھے۔ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزمان نے دیگر ملوث ڈاکٹروں اور ایجنٹوں کے ساتھ مل کر ''سکینہ'' نامی لڑکی کا غیر قانونی گردہ ٹرانسپلانٹ کیا تھا تاہم پیوند کاری کامیاب نہ ہوسکی، بعدازاں متاثرہ لڑکی کا ناکام گردہ نکالنے کے لیے قصور کے ایک نجی ہسپتال میں آپریشن کیا جارہا تھا۔محکمہ صحت اور پنجاب پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ کارروائی کے دوران علامہ اقبال ہسپتال قصور کو بھی سیل کردیا گیا۔حکام کے مطابق اس غیر قانونی نیٹ ورک میں ملوث دیگر ڈاکٹروں، ایجنٹوں اور سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ڈائریکٹر جنرل پی ہوٹا کی ہدایت پر متاثرہ مریضہ سکینہ بی بی کو مزید بہتر علاج کے لیے سروسز ہسپتال لاہور منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں اس کا علاج جاری ہے۔پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی نے اپنے بیان میں واضح کیا ہے کہ انسانی اعضاء کی غیر قانونی خرید وفروخت اور غیر قانونی ٹرانسپلانٹیشن میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی اور ایسے جرائم میں ملوث کسی فرد کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ — بقیہ جات — 2

صرف کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگی قبول کی جائے گی اور اس حوالے سے جلد ہی پاسپورٹ موبائل ایپ" متعارف کروائی جارہی ہے جس سے اندرون وبیرون مقیم پاکستانی گھر بیٹھے پاسپورٹ کی درخواست جمع کرواسکیں گے جبکہ پاسپورٹ درخواست گزار اپنا پاسپورٹ اپنی دہلیز پر وصول کرسکیں گے۔

بقیہ — بقیہ جات — 3

میں 1377 عزاداری جلوس اور 3869 مجالس منعقد ہوئیں جبکہ لاہور میں 98 عزاداری جلوس برآمد ہوئے اور 435 مجالس منعقد ہوئیں۔مجالس اور جلوسوں کے سکیورٹی انتظامات میں صوبہ بھر میں 27 ہزار کمیونٹی رضا کاروں نے بھی معاونت فراہم کی۔آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ عشرہ محرم الحرام کے دوران صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ رہے گی اور امن وامان کے قیام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے نافذ کردہ دفعہ 144 پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔آئی جی پنجاب نے واضح کیا کہ ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی نمائش، نفرت آمیز مواد کی تشہیر اور اشتعال انگیزی پر پابندی ہے جبکہ طے شدہ روٹس اور مقامات کے علاوہ کسی بھی جگہ جلوس اور مجالس کی اجازت نہیں ہوگی۔انہوں نے مزید کہا کہ سیف سٹیز اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ کے کیمروں کی مدد سے تمام سرگرمیوں کی مسلسل مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔سی ٹی ڈی، سپیشل برانچ، ٹریفک پولیس، ڈولفن سکواڈ، پیرو فورس اور دیگر فیلڈ فارمیشنز محرم الحرام سکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات ہیں۔آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ہدایت کی کہ لاؤڈ سپیکر ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد کی تشہیر میں ملوث قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ تمام اضلاع میں قائم کنٹرول رومز سنٹرل پولیس آفس کے مرکزی کنٹرول روم سے منسلک ہیں اور محرم الحرام کے دوران ہمہ وقت رابطے میں رہیں گے تاکہ سکیورٹی انتظامات کی مؤثر نگرانی اور فوری ردعمل کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ — بقیہ جات — 4

تیز تر ہے جو پنجاب کے شہروں کو جدید میونسپل سہولیات کی فراہمی کا ذریعہ بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ بلدیات کی زیر نگرانی مجموعی طور پر 51 شہروں میں ترقیاتی سکیمیں شروع ہوچکی ہیں۔ 49 شہروں میں 105 واٹر سٹوریج ٹینک بنائے جارہے ہیں۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ پی ڈی پی کے تحت 114 ڈرینز پر تیزی سے کام جاری ہے۔اب تک 40 واٹر سٹوریج ٹینکس اور 23 ڈرینز کا سو فیصد کام مکمل کیا جاچکا ہے جبکہ 47 زیر زمین سٹوریج ٹینکس اور 27 ڈرینز کی تعمیر آخری مراحل میں ہے۔ذیشان رفیق نے اس امید کا اظہار کیا کہ موسم برسات سے قبل ان ڈرینز اور ٹینکس کی تعمیر مکمل کر لی جائے گی۔ اجلاس میں محرم روٹس میں آنے والی سائٹس پر کام میں تعطل کا بھی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ جو ڈرین مکمل ہو جائے اسے فورا انڈر گراؤنڈ ٹینک سے منسلک کر دیا جائے تاکہ برساتی پانی کے نکاس میں آسانی ہو۔

بقیہ — بقیہ جات — 5

5 معاہدے کے اندر موجود ہے، پاکستان کا اس معاملے میں کوئی ذاتی مفاد نہیں تھا، خالصتاً امتِ مسلمہ اور عالمی امن کے لیے ثالثی کا مخلصانہ کردار ادا کیا۔عرب میڈیا کو انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ 28 فروری کو اسرائیل نے ایران پر حملہ کیا جس کی پاکستان نے فوری مذمت کی، پاکستان نے خطے کے امن کے لیے فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کی پہل کی، پاکستان کی مسلسل کوششوں سے پہلے فریقین کے درمیان سیز فائر کرائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں امریکا ایران وفود میں 21 گھنٹے طویل مذاکرات کے 6 راؤنڈز ہوئے، 47 سال بعد پہلی بار امریکا اور ایران کے درمیان اسلام آباد میں براہ راست مذاکرات ہوئے، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس، ایرانی اسپیکر اور وزیر خارجہ نے مذاکرات میں نمائندگی کی۔اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے میں نے، چیف آف ڈیفنس فورسز اور قومی سلامتی مشیر نے بطور ثالث وگواہ شرکت کی، سفارتی کوششوں کے دوران پاکستان نے خطے کے دیگر ممالک کو بھی مسلسل اعتماد میں رکھا، پاکستان، سعودی عرب، مصر اور ترکیہ پر مشتمل آرفور فورم قائم ہو چکا، قطر، بحرین، کویت، اردن، یورپی یونین، کینیڈا، آسٹریلیا، جاپان اور چین نے بھی پاکستان کی کوششوں کی حمایت کی۔انٹرویو میں کہا کہ 18 جون کو اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت پر حتمی دستخط ہوئے، یہ فورم کسی قسم کا بلاک نہیں، بلکہ آدھی ارب آبادی کا مشترکہ پلیٹ فارم ہے، آرفور بحیرہ احمر، بحیرہ روم اور افریقا کو جوڑتا ہے۔نائب وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد معاہدے کی کاپیاں مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کے وزیر خارجہ سے شیئر کردیں، قلیل مدتی جنگ کی وجہ سے عالمی سطح پر انرجی سپلائی چین بری طرح متاثر ہوئی، جنگ کی وجہ سے تیل کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، عالمی سطح پر شدید مہنگائی آئی اور دنیا کا تقریبا 20 سے 25 فیصد گلوبل جی ڈی پی کا نقصان ہوا۔انہوں نے کہا کہ عوام پر بوجھ ڈالنے کے بجائے 3 ہفتوں تک اربوں روپے کی بھاری پیٹرولیم سبسڈی دی، عالمی مارکیٹ میں قیمتیں کم ہوتے ہی تمام ریلیف فوری پاکستانی صارفین کو منتقل کردیا گیا، آبنائے ہرمز سے بحری جہازوں کی آزادانہ نقل وحرکت کے لیے 60 دن کا وقت مقرر کیا گیا، ہرمز سے گزرنے

بقیہ — بقیہ جات — 6

کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈر کی غیر موجودگی میں وہ بعض معاملات پر بات نہیں کریں گے، تاہم پاکستان نے حالیہ ایران۔امریکا مفاہمتی عمل میں ایک تاریخی اور مثبت کردار ادا کیا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ چندروز قبل امریکا اور ایران کے درمیان ہونے والی مفاہمتی یادداشت پر پاکستان نے بطور ثالث دستخط کیے، پاکستان نے سوئٹزرلینڈ میں دونوں ممالک کے درمیان فاصلے کم کرنے اور مذاکراتی عمل کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور سفارتی کوششیں کیں۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آج امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی ہو چکی ہے جبکہ آئندہ 60 روز کے دوران تکنیکی سطح پر مذاکرات اور بات چیت کا سلسلہ جاری رہے گا، یہ مفاہمتی یادداشت مستقبل میں ایک مکمل اور دیرپا امن معاہدے کی شکل اختیار کرلے گی۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے قیام امن کے لیے تاریخی کردار ادا کیا ہے اور آج دنیا کے بڑے عالمی جرائد اور اخبارات میں پاکستان کے مثبت کردار کو نمایاں انداز میں سراہا جارہا ہے، تمام عالمی اخبارات کے فرنٹ پیجز پر پاکستان کا ذکر موجود ہے، جو ملک کی سفارتی کامیابی کا ثبوت ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان برادرانہ تعلقات گزشتہ تین ماہ کے دوران مزید مضبوط ہوئے ہیں، جبکہ پاکستان خطے میں امن، استحکام اور تعاون کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گا۔ملکی سیاسی صورتحال پر بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اگر انتخابات کی تحقیقات کرنی ہیں تو 2018 کے عام انتخابات سے آغاز کیا جائے، 2018 کے انتخابات میں جادوگری ہوئی اور بکس بھرے گئے، اگر پاکستان تحریک انصاف کو تحقیقات کا شوق ہے تو پھر

عشرہ محرم الحرام: لاہور سمیت صوبہ بھر میں پنجاب پولیس کے سخت سکیورٹی انتظامات

07 محرم الحرام کو صوبہ بھر میں 60 ہزار افسران و اہلکاروں نے سکیورٹی فرائض سرانجام دیے

مجالس و جلوسوں کی کڑی نگرانی، ضابطہ اخلاق اور دفعہ 144 پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی ہدایت پر عشرہ محرم الحرام کے ساتویں روز لاہور سمیت صوبہ بھر میں سکیورٹی کے سخت انتظامات یقینی بنائے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ 07 محرم الحرام کے موقع پر صوبہ بھر میں 60 ہزار افسران و اہلکاروں نے عزاداری جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیے۔ صوبہ بھر (بقیہ نمبر 3)

مجموعی طور پر 51 شہروں میں ترقیاتی سکیمیں شروع ہو چکی ہیں: ذیشان رفیق

"مریم نواز کا سوہنا پنجاب" پروگرام ایک گیم چینجر ہے جو پنجاب کے شہروں کو جدید میونسپل سہولیات کی فراہمی کا ذریعہ بنے گا، صوبائی وزیر بلدیات

صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ جو ڈرین مکمل ہو جائے اسے فوراً انڈر گراؤنڈ ٹینک سے منسلک کر دیا جائے تاکہ برساتی پانی کے نکاس میں آسانی ہو

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت ایک اجلاس کے دوران پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ مہرین فہیم عباسی اور عیپاک کے نمائندوں نے صوبائی وزیر کو پی ڈی پی پر بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ "مریم نواز کا سوہنا پنجاب" پروگرام ایک گیم (بقیہ نمبر 4)

لاہور: وزیر بلدیات ذیشان رفیق، پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے حوالے سے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کپیسٹی چارجز کیخلاف اپیل پر سماعت نہ ہو سکی

جسٹس خالد اسحاق کی معذرت، کیس دوسرے بینچ کو بھجوانے کی سفارش

لاہور (زیڈ این این) بجلی کے بلوں میں صارفین سے کپیسٹی چارجز وصول کرنے کے خلاف دائر انٹرا کورٹ اپیل پر لاہور ہائیکورٹ میں سماعت نہ ہو سکی، کیونکہ دو رکنی بینچ کے رکن جسٹس خالد اسحاق نے ذاتی وجوہات کی بنا پر کیس سننے سے معذرت کر لی۔

بہاولنگر میں 5 سالہ بچہ زمینی پانی کی ٹینکی میں گر کر جاں بحق

ٹینکی پر ڈھکن نہ ہونے کے باعث بچہ پانی میں گر کر ڈوب گیا، بچے کی لاش کو پانی سے نکال لیا گیا

بہاولنگر (این این آئی) کسان کالونی میں 5 سالہ بچہ زمینی پانی کی ٹینکی میں گر کر جاں بحق ہو گیا۔ ٹینکی پر ڈھکن نہ ہونے کے باعث بچہ پانی میں گر کر ڈوب گیا، بچے کی لاش کو پانی سے نکال لیا گیا، جاں بحق 5 سالہ بچے کی ابوبکر کے نام سے شناخت ہوئی۔

راولپنڈی سی پی او سید خالد محمود ہمدانی اور ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ سابق مہتمم جامعہ تعلیم القرآن مولانا اشرف علی کے درجات کی بلندی، ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا کر رہے ہیں

آپ پارلیمان کو مضبوط کر کے پاکستان کے سب سے طاقتور وزیراعظم بن جائیں، ہم حمایت کریں گے، محمود اچکزئی کا وزیراعظم کو مشورہ

اسلام آباد (این این آئی) قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے شہباز شریف کو ملک کا طاقتور وزیراعظم بننے کا راستہ بتاتے ہوئے کہا ہے کہ آپ پارلیمان کو مضبوط کر کے پاکستان کے سب سے طاقتور وزیراعظم بن جائیں۔ منگل کو قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب میں محمود اچکزئی نے کہا کہ آپ پارلیمان کو مضبوط کر کے پاکستان کے سب سے طاقتور وزیراعظم بن جائیں

سرگودھا: شوہر نے 2 کزنز کیساتھ مل کر بیوی کو زہر دیدیا، مقدمہ درج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں شوہر نے اپنے 2 کزنز کے ساتھ مل کر اپنی بیوی کو زہر دے کر قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس نے خاتون کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر کے واقعے کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس کی ٹیمیں چھاپے مار رہی ہے۔

آسٹریلیا، سڈنی ایئرپورٹ پر بم کی جھوٹی اطلاع دینے والا شخص گرفتار

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی حکام نے سڈنی سے کوالالمپور جانے والی پرواز میں مبینہ طور پر بم کی جھوٹی اطلاع دینے کے الزام میں ایک شخص پر فرد جرم عائد کر دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آسٹریلین فیڈرل پولیس نے بتایا کہ مونٹی نیگرو سے تعلق رکھنے والے 44 سالہ شخص کو سڈنی ایئرپورٹ پر گرفتار کیا گیا۔ پولیس کو ترکش ایئرلائنز کی ایک پرواز میں بم کی دھمکی سے متعلق اطلاع موصول ہوئی تھی۔ حکام کا کہنا ہے کہ جہاز کے عملے کے ایک رکن نے جب مذکورہ شخص سے اس کے برقی آلات کے بارے میں پوچھ گچھ کی تو اس نے دعویٰ کیا کہ اس کے پاس بم موجود ہے۔

لیسکو میں نیٹ میٹرنگ سے بجلی پیداوار 2000 میگاواٹ سے متجاوز

ایک لاکھ 35 ہزار سے زائد کنکشنز، شمسی توانائی کے استعمال میں اضافہ ہوا ہے

لاہور (زیڈ این این) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) [illegible] نیٹ میٹرنگ [illegible] شمسی توانائی [illegible] 2000 میگاواٹ [illegible] 204 [illegible] (PITC) [illegible] 35 ہزار [illegible] 837 [illegible]

ملتان: سیکرٹری اچیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ مزار حضرت موسیٰ پاک شہید پر جاری ترقیاتی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

اوورسیز پاکستانیوں کی فلاح حکومت پنجاب کی اولین ترجیح: بیرسٹر امجد ملک

اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کے فوری ازالے اور انہیں بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

سروس ڈیلیوری میں بہتری، ادارہ جاتی اصلاحات اور جدید نظام کے نفاذ پر زور، اوورسیز پاکستانی ملکی معیشت کی مضبوط بنیاد ہیں: بیرسٹر امجد ملک

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر و وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب، بیرسٹر امجد ملک کی زیرِ صدارت اوورسیز پاکستانیز کمیشن کے ہیڈ آفس میں ایک اہم انتظامی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمشنر اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب حمیرا اکرم، ڈائریکٹر جنرل اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب احمر نائیک سمیت تمام سینئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اوورسیز پاکستانیوں کو درپیش مسائل، ادارہ جاتی اصلاحات اور سروس ڈیلیوری کے نظام کو مزید مؤثر، شفاف اور تیز رفتار بنانے کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اس موقع پر ادارے کے قواعد و ضوابط، عمارت کی تزئین و آرائش، ملازمین کے الاؤنسز، نئے اسٹاف کی تعیناتی اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا۔ بیرسٹر امجد ملک نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اوورسیز پاکستانی ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی فلاح و بہبود حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کے فوری ازالے اور انہیں بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

تاجروں کو ہراساں کرنا بند کیا جائے، تجارتی تنظیموں کا مطالبہ

پیرافورس کی مبینہ زیادتیوں کیخلاف اجلاس، اختیارات پر نظرثانی کا مطالبہ

لاہور (زیڈ این این) مرکزی مسلم لیگ کے شعبہ صنعت و تجارت کے زیر اہتمام پیرافورس کی مبینہ زیادتیوں اور تاجروں کو ہراساں کیے جانے کے خلاف ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر کی مختلف تجارتی تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں شاہ عالم مارکیٹ، رنگ محل مارکیٹ، ہال روڈ مارکیٹ، موتی بازار اور اعظم مارکیٹ کے صدور سمیت متعدد تاجر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اس موقع پر مرکزی مسلم لیگ کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل خالد نیک گجر اور لاہور کے جنرل سیکرٹری چوہدری حمید الحسن بھی موجود تھے۔ اجلاس کے شرکاء نے مطالبہ کیا کہ تاجروں کو ہراساں کرنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے اور پیرافورس کے اختیارات کا از سر نو جائزہ لیا جائے۔

ٹوکن ٹیکس نادہندگان کی ساڑھے آٹھ لاکھ گاڑیاں بلاک

نادہندگان سے 9 ارب روپے سے زائد واجب الادا، رجسٹریشن معطل کر دی

لاہور (زیڈ این این) ٹوکن ٹیکس نادہندگان کے لیے بری خبر سامنے آئی ہے، محکمہ ایکسائز نے ساڑھے آٹھ لاکھ گاڑیوں کو سسٹم میں بلاک کرتے ہوئے ان کی رجسٹریشن معطل کر دی ہے۔ ایکسائز حکام کے مطابق مالی سال کے آخری سات روز میں ٹیکس وصولی کے اہداف حاصل کرنے کے لیے ڈیفالٹر گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیا گیا ہے۔ صوبہ بھر میں سالانہ 17 لاکھ سے زائد گاڑیاں ٹوکن ٹیکس ادا کرتی ہیں، جن میں سے تقریباً پونے 9 لاکھ گاڑی مالکان 9 ارب روپے ٹوکن ٹیکس کی مد میں جمع کرا چکے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ ساڑھے آٹھ لاکھ گاڑی مالکان کے ذمے 9 ارب روپے سے زائد کے واجبات زیر التوا ہیں۔ اس صورتحال کے پیش نظر 30 جون تک ٹوکن ٹیکس کی وصولی کے لیے سخت اقدامات کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ محکمہ ایکسائز نے تمام ای ٹی اوز کو

اسکاٹش نیشنل پارٹی کے سابق چیف ایگزیکٹو پیٹر موریل کو غبن کرنے پر سزا

ایمسٹرڈیم (این این آئی) اسکاٹ لینڈ کی حکمران جماعت اسکاٹش نیشنل پارٹی کے سابق چیف ایگزیکٹو پیٹر موریل کو غبن کرنے پر سزا سنا دی گئی۔ ایڈنبرا میڈیا رپورٹ کے مطابق 61 سالہ پیٹر موریل کو 4 لاکھ پاؤنڈ کے غبن پر 5 سال 3 ماہ قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سزا کا اعلان کرنے والے جج لارڈ رنگ نے کہا کہ پیٹر موریل اعتماد کو نقصان پہنچانے کے ذمہ دار ہیں، جرم چھپانے کیلئے اپنی حیثیت کا استعمال کیا۔

معاشی بحالی کیلئے خارجہ پالیسی پر قومی اتفاقِ رائے ناگزیر ہے: خادم حسین

بی آئی ایس پی فنڈز کو صنعت و سرمایہ کاری کیلئے استعمال میں لانے کی منصوبہ بندی کی جائے

لاہور (زیڈ این این) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ حالیہ کامیابیوں کے بعد خارجہ پالیسی کے اہداف پر قومی اتفاق رائے پیدا کیا جائے جو معیشت سے ناگزیر طور پر جڑے ہوئے ہیں، غربت کے خاتمے اور عام آدمی کی فلاح پر مبنی ترقیاتی پالیسیوں کو صرف بینظیر انکم سپورٹ پروگرام تک محدود رکھنے کے بجائے معیشت کے تمام شعبوں میں یکساں طور پر نافذ کیا جائے، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے خطیر فنڈز سے نئی انڈسٹریز یا سرمایہ کاری کرنے کے طور پر منصوبہ بندی کی تجویز پر بھی غور کیا جائے۔ ملک کی اقتصادی بحالی کے لیے قومی سطح پر جامع اور طویل المدتی حکمت عملی اختیار کی جائے

خیرپور کے سہتو ون کنوئیں سے گیس کی پیداوار شروع

کنوئیں سے یومیہ 60 لاکھ مکعب فٹ قدرتی گیس حاصل ہو رہی جو ملکی توانائی کے شعبے کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے، کمپنی

کراچی (این این آئی) او جی ڈی سی ایل نے پاکستان سٹاک ایکسچینج کو ارسال کیے گئے خط میں سندھ کے ضلع خیرپور میں واقع سہتو ون کنوئیں سے قدرتی گیس کی پیداوار شروع ہونے کا اعلان کر دیا۔ کمپنی کے مطابق سہتو ون کنوئیں سے یومیہ 60 لاکھ مکعب فٹ قدرتی گیس حاصل ہو رہی ہے، جو ملکی توانائی کے شعبے کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔

ویمن ہاکی کھلاڑیوں کیلئے خصوصی ڈائٹ پروگرام کا آغاز

سپورٹس بورڈ پنجاب کا اقدام، کھلاڑیوں کو روزانہ غذائی اشیاء فراہم ہوں گی

لاہور (زیڈ این این) سپورٹس بورڈ پنجاب نے ویمن ہاکی کھلاڑیوں کی کارکردگی اور جسمانی فٹنس بہتر بنانے کے لیے خصوصی ڈائٹ پروگرام شروع کر دیا ہے، جس کے تحت کھلاڑیوں کو روزانہ کی بنیاد پر ضروری غذائی اشیاء فراہم کی جائیں گی۔ پروگرام کے تحت ویمن ہاکی پلیئرز کو پھل، دودھ اور دیگر بنیادی غذائی اشیاء تقسیم کی جائیں گی تاکہ ان کی جسمانی استعداد اور کھیل کی صلاحیتوں میں مزید بہتری لائی جا سکے۔ ڈائٹ پروگرام کا باقاعدہ افتتاح ڈی جی سپورٹس پنجاب طارق قریشی نے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ظہور احمد، سحرش گھمن اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔

راولپنڈی سی پی او سید خالد محمود ہمدانی اور ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ مرکزی امام بارگاہ امامیہ گوجر خان کا دورہ کر رہے ہیں

لاہور: یو ای ٹی اور انرجی کا شیکس انجینئرنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد ٹریژرر عابد شہزاد اسلم اور ای او سولر انرجی، دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

یکم جولائی سے پاسپورٹ دفاتر میں نقد فیس وصولی کا نظام ختم، آن لائن ادائیگی ہو گی

پاسپورٹ فیس صرف کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگی قبول کی جائے گی اور اس حوالے سے جلد ہی پاسپورٹ موبائل ایپ "متعارف کروائی جا رہی ہے

جس سے اندرون و بیرون مقیم پاکستانی گھر بیٹھے پاسپورٹ کی درخواست جمع کروا سکیں گے جبکہ پاسپورٹ درخواست گزار اپنا پاسپورٹ اپنی دہلیز پر وصول کر سکیں گے۔

اسلام آباد (نیٹ نیوز) یکم جولائی 2026 سے تمام پاسپورٹ دفاتر میں نقد فیس وصولی کا نظام ختم کر دیا جائے گا اور پاسپورٹ فیس ڈیجیٹل ذرائع سے ادا کرنی ہوگی۔ ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت زونل سربراہان کے اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ یکم جولائی 2026 سے تمام پاسپورٹ دفاتر میں نقد فیس وصولی کا نظام ختم کر دیا جائے گا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پاسپورٹ فیس (بقیہ نمبر 2)

قصور: غیر قانونی گردہ ٹرانسپلانٹ کیس، ڈاکٹر سمیت 4 ملزمان گرفتار

لڑکی کا ناکام گردہ نکالنے کے لیے قصور کے ایک نجی ہسپتال میں آپریشن کیا جا رہا تھا، ہسپتال سیل

دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے، متاثرہ مریضہ سکینہ بی بی بہتر علاج کے لیے سروسز ہسپتال لاہور منتقل

لاہور/قصور (این این آئی) نجی ہسپتال میں ایک لڑکی کے گردے کی غیر قانونی پیوندکاری کے معاملے میں پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی (پی ہوٹا) لاہور اور پنجاب پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے مرکزی کردار ڈاکٹر سمیت چار ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ حکام کے مطابق غیر قانونی پیوندکاری میں ملوث ڈاکٹر محمد راشد خان کو لاہور کی ایک نجی سوسائٹی سے گرفتار کیا گیا جبکہ کارروائی کے دوران (بقیہ نمبر 1)

محرم الحرام، صوبے بھر کے ہسپتالوں میں ہائی الرٹ جاری

خون کے ذخائر، ایمبولینس سروس فعال، ایم ایس خود نگرانی کریں گے

ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی اضافی ڈیوٹیاں، ہنگامی انتظامات مکمل

لاہور (زیڈ این این) محکمہ اسپیشلائزڈ ہیلتھ اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے محرم الحرام کے دوران صوبے بھر کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ہائی الرٹ جاری کر دیا ہے۔ الرٹ کے مطابق تمام اضلاع اور تحصیلوں کے ہسپتالوں میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی اضافی ڈیوٹیاں لگانے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔ محکمے نے ہسپتال انتظامیہ کو خون کے اضافی ذخائر دستیاب رکھنے، ایمرجنسی وارڈز میں اضافی عملہ تعینات کرنے اور ایمبولینس سروس کو چوبیس گھنٹے فعال رکھنے کا بھی حکم دیا ہے۔ ہدایت نامے میں کہا گیا ہے کہ نویں اور دسویں محرم کے دوران میڈیکل سپرنٹنڈنٹس خود ہسپتالوں میں موجود رہیں گے اور انتظامات کی براہِ راست نگرانی کریں گے تاکہ عزاداری کے دوران مریضوں کو بروقت طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بی آر بی نہر سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد

لاہور (زیڈ این این) بی آر بی نہر سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق غوطہ خور ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے لاش نہر سے نکال لی۔ پولیس کے مطابق برآمد ہونے والی لاش کی فوری طور پر شناخت نہیں ہو سکی، تاہم متوفی کی عمر تقریباً 30 سال بتائی جا رہی ہے۔ لاش کو ضروری قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے تاکہ موت کی وجوہات کا تعین کیا جا سکے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں اور مختلف پہلوؤں سے معاملے کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ متوفی کی شناخت اور واقعے کی نوعیت معلوم کرنے کے لیے شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔

پشاور: خیبر پختونخوا کے وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ارشد ایوب خان خیبر پختونخوا ایجوکیشن مانیٹرنگ اتھارٹی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جناح ہسپتال میں مبینہ طبی غفلت، مریضہ کی آنت کٹ گئی

گردے کے آپریشن کے دوران بڑی آنت کا حصہ کٹ گیا، مریضہ زیر علاج ہے، ذرائع

لاہور (زیڈ این این) لاہور کے جناح ہسپتال میں مبینہ طبی غفلت کا ایک سنگین واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں گردے کے آپریشن کے لیے آنے والی مریضہ کی بڑی آنت متاثر ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ اوکاڑہ کی رہائشی 42 سالہ سمیرا کو ناکارہ گردے کے آپریشن کے لیے یورالوجی وارڈ میں داخل کیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق لیپروسکوپی کے ذریعے نفریکٹمی کے دوران ناکارہ گردہ نکالنے کی کوشش میں بڑی آنت کے ایک حصے کو گردہ سمجھ کر کاٹ دیا گیا۔

کپیسٹی چارجز کیخلاف اپیل پر سماعت نہ ہو سکی

لاہور (زیڈ این این) بجلی کے بلوں میں صارفین سے کپیسٹی چارجز وصول کرنے کے خلاف دائر انٹرا کورٹ اپیل پر لاہور ہائیکورٹ میں سماعت نہ ہو سکی، کیونکہ دو رکنی بینچ کے رکن جسٹس خالد اسحاق نے ذاتی وجوہات کی بنا پر کیس سننے سے معذرت کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے سماعت کے دوران معاملہ کسی دوسرے بینچ کے روبرو مقرر کرنے کی سفارش کرتے ہوئے

افسران و اہلکاروں کے الاؤنسز کیلئے 99 ارب روپے مختص

فکسڈ ڈیلی، ہاؤس رینٹ، کنوینس اور میڈیکل الاؤنسز کیلئے بھاری رقوم مختص

رسک، ڈریس اور دیگر الاؤنسز کی مد میں بھی فنڈز مختص کیے گئے، سرکاری ذرائع

لاہور (زیڈ این این) افسران اور اہلکاروں کے مختلف الاؤنسز کی مد میں مجموعی طور پر 99 ارب 82 کروڑ 48 لاکھ 61 ہزار روپے مختص کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق فکسڈ ڈیلی الاؤنس کے لیے 18 ارب 10 کروڑ 18 لاکھ 30 ہزار روپے رکھے گئے ہیں، جبکہ ایلیٹ فورس الاؤنس کی مد میں 7 کروڑ 47 لاکھ 26 ہزار روپے مختص کیے گئے ہیں۔ ہاؤس رینٹ الاؤنس کے لیے 5 ارب 22 کروڑ 76 لاکھ 59 ہزار روپے اور سینئر الاؤنس کی مد میں 87 لاکھ 78 ہزار روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اسی طرح کنوینس الاؤنس کے لیے 4 ارب 61 کروڑ 58 لاکھ 58 ہزار روپے، واشنگ الاؤنس کے لیے 28 کروڑ 12 لاکھ 91 ہزار روپے

ساتویں محرم، لاہور میں سکیورٹی کے سخت انتظامات مکمل

98 جلوس اور 435 مجالس کیلئے حساس مقامات پر سنائپرز سمیت 6 ہزار اہلکار تعینات

لاہور (زیڈ این این) ساتویں محرم الحرام کے موقع پر لاہور میں سکیورٹی کے سخت انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں سے آج 98 جلوس برآمد ہوں گے، جبکہ مردوں اور خواتین کی مجموعی طور پر 435 مجالس منعقد کی جائیں گی۔ جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی کے لیے لاہور پولیس کے 6 ہزار سے زائد افسران اور اہلکار ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔



نارووال: آزاد جموں و کشمیر اسمبلی کے انتخابات کے لیے جماعت اسلامی کے امیدوار صوفی محمد اقبال ایل اے 78 کی نشست پر کاغذات نامزدگی جمع کرا رہے ہیں

رنگ روڈ پر گاڑی میں شخص گولی لگنے سے جاں بحق

لاہور (زیڈ این این) تھانہ ڈیفنس کی حدود میں رنگ روڈ پر غازی انٹرچینج کے قریب ایک شخص گاڑی کے اندر گولی لگنے سے جاں بحق ہو گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت عادل کے نام سے ہوئی ہے، جو دھرم پورہ کا رہائشی تھا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق واقعہ گاڑی کے اندر پیش آیا۔ انہوں نے بتایا کہ مقتول کی گاڑی سے طاہر نامی سب انسپکٹر کے نام کی پولیس یونیفارم بھی ملی

جے یو آئی کے صوبائی امیر مولانا واسع کے اسکواڈ کی گاڑی کو حادثہ، ایک اہلکار جاں بحق، چار زخمی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کے اسکواڈ میں شامل اینٹی ٹیررسٹ فورس (اے ٹی ایف) کی گاڑی اور کرین کے درمیان حادثہ پیش آیا جسکے نتیجے میں ایک اہلکار جاں بحق اور چار زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق حادثہ کان مہترزئی کے علاقے میں رونما ہوا۔

انگلش لینگوئج ٹریننگ میں غیر حاضر اساتذہ کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

ٹریننگ سے غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہیں روکنے کا عندیہ، فیلڈ افسران متحرک ہو گئے

لاہور (زیڈ این این) پنجاب میں اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بہتری کے لیے گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران دو ارب روپے کی لاگت سے انگلش لینگوئج پروفیشنسی ٹریننگ پروگرام جاری ہے، تاہم مختلف ٹریننگ مراکز میں اساتذہ کی کم حاضری کا انکشاف سامنے آیا ہے۔ پروگرام کے تحت لاہور کی پانچ تحصیلوں میں قائم مراکز میں اساتذہ کو انگلش لینگویج کی خصوصی تربیت دی جا رہی ہے

تفتیشی نظام میں بہتری لائی جائے، لاہور ہائیکورٹ کی ہدایت

لاہور ہائیکورٹ کا تفتیشی خامیوں پر اظہار تشویش، سی سی پی او کو اقدامات کا حکم

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے تفتیشی نظام میں موجود خامیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سی سی پی او لاہور کو نظام کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کرنے کی ہدایت کر دی۔ سماعت کے دوران جسٹس محمد طارق ندیم نے ریمارکس دیے کہ بعض مقدمات میں تفتیشی افسر تھانے میں ملزم کے حق میں جبکہ عدالت میں مدعی کے حق میں مؤقف اختیار کرتا ہے

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر	چوہدری عمران شوکت
گروپ ایڈیٹر	علی حسین شیرازی
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور



پشاور: خیبر پختونخوا کے وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ فضل شکور خان جاری اور نئی اے ڈی پی اسکیموں سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی میں گیسٹرو اور اسہال کے کیسز میں اضافہ

کراچی (این این آئی) کراچی میں گیسٹرو اور اسہال کے کیسز میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ شہر کے مختلف اسپتالوں کے شعبہ ایمرجنسی میں گیسٹرو اور اسہال کے مریضوں کا رش دیکھنے میں آ رہا ہے۔ ڈاکٹر عمران سرور کے مطابق سول اسپتال میں پیٹ کے امراض اور ڈائریا کے 200 سے زائد مریض روز آ رہے ہیں۔

نویں اور دسویں محرم پر پنجاب بھر میں عام تعطیل

سرکاری دفاتر اور ادارے بند رہیں گے، حکومت پنجاب کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (زیڈ این این) حکومت پنجاب نے نویں اور دسویں محرم الحرام کے موقع پر صوبے بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق نویں اور دسویں محرم الحرام، جمعرات اور جمعہ کو پنجاب بھر میں سرکاری تعطیل ہوگی، جس کے باعث تمام سرکاری دفاتر، ادارے اور دیگر سرکاری سرگرمیاں معطل رہیں گی۔

گلبرگ ٹاؤن میں 15 ہاٹ سپاٹ ایریاز کلیئر کر دیے گئے

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت زیرو ویسٹ آپریشن شہر بھر میں جاری ہے

لاہور (زیڈ این این) ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت لاہور میں شہر بھر میں زیرو ویسٹ آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے، جبکہ گلبرگ ٹاؤن میں خصوصی صفائی مہم کے دوران 15 ہاٹ سپاٹ ایریاز کو کلیئر کر دیا گیا ہے۔ ڈی جی ستھرا پنجاب اتھارٹی بابر صاحب دین نے بتایا کہ گلبرگ ٹاؤن میں ایک ہزار سے زائد ورکرز اور 134 آپریشنل گاڑیاں خصوصی صفائی آپریشن میں حصہ لے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیروز پور روڈ پر مکینیکل واشنگ، مینوئل سویپنگ اور سکریپنگ کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے، جبکہ ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن کے لیے گلبرگ ٹاؤن میں 170 لوڈر رکشے تعینات کیے گئے ہیں۔

مبینہ پولیس مقابلے میں دو ڈاکو ہلاک، تین فرار

ہلاک ہونے والے ملزمان ریکارڈ یافتہ تھے اور متعدد مقدمات میں مطلوب تھے

لاہور (زیڈ این این) سی سی ڈی کے مطابق مبینہ پولیس مقابلے میں دو ڈاکو ہلاک جبکہ تین ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ سی سی ڈی حکام کا کہنا ہے کہ ملزمان شہریوں سے لوٹ مار میں مصروف تھے کہ ٹیم کے موقع پر پہنچنے پر انہوں نے فائرنگ شروع کر دی۔ جوابی کارروائی کے دوران دو ملزمان ہلاک ہو گئے جبکہ ان کے تین ساتھی فرار ہو گئے۔

لارنس روڈ پر کیش وین میں آگ، خوف و ہراس

واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تحقیقات جاری ہیں، ریسکیو ذرائع

لاہور (زیڈ این این) لارنس روڈ پر ایک کیش وین میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور فوری کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق آتشزدگی کے اس واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ بروقت کارروائی کے باعث صورتحال کو بڑے نقصان سے بچا لیا گیا۔ آگ لگنے کی وجوہات جاننے کے لیے مزید تحقیقات جاری ہیں، جبکہ متعلقہ ادارے واقعے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لے رہے ہیں۔

فیصل آباد: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں پاک کوریا نیوٹریشن سنٹر کے زیر اہتمام ورلڈ فوڈ سیفٹی ڈے کے حوالے سے منعقدہ سیمینار کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

ڈیرہ اسماعیل خان: ساتویں محرم الحرام کے علم و ذوالجناح کے جلوس کے دوران عزادار سینہ کوبی کر رہے ہیں